کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | پیر 10 شوال 1447ھ 30 مارچ 2026ء، صفحات 08 | شمارہ 264

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 35 روپے

پنجگور میں مسلح افراد کے شہریوں کے گھروں پر حملے 5 جاں بحق، فورسز کی فوری جوابی کارروائی 6 حملہ آور مارے گئے

مسلح افراد کی بڑی تعداد نے ارشد بلوچ کے گھر پر حملہ کیا فائرنگ اور دھماکوں کے نتیجے میں امداد ابراہیم، برہان ارشد اور عزیز وزیر جاں بحق ہوگئے، فورس کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی

سراوان خداابادان میں بہرام کے گھر پر شدید فائرنگ، پنجگور گرمکان کے علاقے میں شاہد کے گھر پر حملے میں عامر نامی شخص جاں بحق، غفار اور ظفر احمد زخمی، مسلح افراد نے گھر کو آگ لگادی

فائرنگ اور دھماکوں کی آوازوں سے شہریوں میں شدید خوف وہراس، سیکورٹی فورسز کی بروقت جوابی کارروائی کے دوران چھ مسلح حملہ آور بھی مارے گئے، لاشوں کو ٹیچنگ اسپتال منتقل کردیا گیا

پنجگور (آن لائن، این این آئی) پنجگور میں مسلح افراد کے مختلف علاقوں میں حملے فائرنگ و دھماکے پانچ افراد جاں بحق دو افراد زخمی سیکورٹی فورسز کی جوابی کارروائی میں 6 مسلح حملہ آور بھی مارے گئے جنکی لاشوں کو ٹیچنگ اسپتال منتقل کردیا گیا پنجگور میں گزشتہ شب مختلف علاقوں میں دھماکوں اور شدید فائرنگ جوابی فائرنگ کے باعث شدید خوف وہراس پھیل گیا پولیس کے مطابق دو طرفہ فائرنگ کا سلسلہ کئی گھنٹوں تک جاری رہا پولیس کے مطابق خداابادان کے علاقے میں مسلح افراد کی بڑی تعداد نے ارشد بلوچ کے گھر پر حملہ کیا فائرنگ اور دھماکوں کے نتیجے میں امداد ابراہیم، برہان ارشد اور عزیز وزیر جاں بحق ہو گئے۔ حملہ آوروں نے گھر کے تین کمروں کو آگ لگادی جبکہ مین گیٹ اور چار دیواری کو بھی نقصان پہنچایا۔ اسی طرح سراوان خداابادان میں بہرام عرف چالاک کے گھر پر بھی شدید فائرنگ کی گئی، تاہم وہاں کسی قسم کی جانی و مالی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی دریں اثناء پنجگور گرمکان کے علاقے میں شاہد نامی شخص کے گھر پر بھی حملہ کیا گیا، جس کے نتیجے میں عامر نامی شخص جاں بحق جبکہ غفار اور ظفیر احمد زخمی ہوگئے۔ حملہ آوروں نے گھر کو شدید نقصان پہنچایا اور گھر کے سامنے کھڑی تین گاڑیوں کو نذر آتش کردیا ایک اور واقعے میں گرمکان ہی میں کلیم اللہ کے گھر پر بھی حملہ کیا گیا، جہاں تین گاڑیوں کو آگ لگا دی گئی اور مکان کو نقصان پہنچایا گیا مجموعی طور پر ان واقعات میں پانچ افراد جاں بحق جبکہ دو افراد زخمی ہوئے۔ شہر بھر میں...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

سوراب، تباہی کا منصوبہ ناکام، بارودی مواد برآمد

خفیہ اطلاع پر 8 بیرلز میں نصب 300 کلوگرام مواد قبضے میں لے لیا گیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے ضلع سوراب میں حساس اداروں کی کارروائی تخریب کاری کا بڑا منصوبہ ناکام بناتے ہوئے 300 کلوگرام سے زائد بارودی مواد برآمد کرلیا۔ سیکورٹی فورسز ذرائع کے مطابق اتوار کو حساس اداروں کو اطلاع ملی تھی کہ شرپسند عناصر نے ضلع سوراب کے علاقے...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

سوراب: قومی شاہراہ پر پل کے نیچے سے قبضے میں لیا جانے والا دھماکہ خیز مواد

میزائل حملوں میں 500 امریکی فوجی ہلاک ایف 16 طیارہ مار گرایا ایران کا دعویٰ

متحدہ عرب امارات اور بحرین میں ایلومینیم کے بڑے کارخانوں کو بھی نشانہ بنایا گیا، ابوظہبی حملے میں چھ ملازمین بھی زخمی ہوئے

کارخانے امریکی فوج اور خلائی شعبے سے وابستہ تھے، آئندہ ایرانی صنعتوں پر حملہ ہوا تو نتیجہ سوچ سے برا ہوگا، پاسداران انقلاب

تہران (م ڈ) مشرق وسطیٰ میں جاری جنگ دوسرے مہینے میں داخل ہو گئی، ایران کے پاسداران انقلاب نے حملوں میں 500 امریکی فوجی ہلاک و زخمی کرنے اور ایف 16 طیارہ مار گرانے کا دعویٰ کیا ہے، متحدہ عرب امارات اور بحرین میں ایلومینیم کے بڑے کارخانوں کو بھی نشانہ بنایا گیا، جس میں کئی افراد زخمی ہو گئے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایرانی پاسداران انقلاب نے بحرین اور...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانی حملے میں تباہ ہونیوالا طیارہ، انسٹ میں زخمی امریکی فوجی کو ایمبولینس میں شفٹ کیا جارہا ہے

اسرائیل و امریکہ کے ایرانی بندرگاہ پر حملے درجنوں افراد شہید

دو بحری جہازوں اور ایک گاڑی کو بھی نقصان، تہران اور قریبی شہر کرج میں زوردار دھماکے، پہاڑی علاقوں سے دھواں اٹھتا دیکھا گیا

ایران کے مختلف حصوں میں ہتھیاروں کے گوداموں اور فضائی دفاعی نظام کو نشانہ بنا کر حملوں کی ایک نئی لہر مکمل کر لی ہے، اسرائیلی فوج

تل ابیب (م ڈ) اسرائیل اور امریکا نے ایران میں مختلف مقامات پر حملوں کا سلسلہ تیز کر دیا، صوبہ ہرمزگان میں ایک بندرگاہ پر حملے میں پانچ افراد کے جاں بحق اور چار کے زخمی ہونے کی اطلاع ہے، دوسری جانب ایرانی صوبے ہرمزگان میں ایک بندرگاہ پر ہونے والے اسرائیلی و امریکی حملے میں پانچ افراد کے جاں بحق اور چار کے زخمی ہونے کی اطلاع ہے، جہاں دو بحری جہازوں اور ایک گاڑی کو بھی نقصان پہنچا...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد: نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، سعودی عرب، مصر اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ ایران امریکہ جنگ اور خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کررہے ہیں

شہزادہ فیصل بن فرحان کی ملاقات، وزیراعظم نے سعودیہ کے غیر معمولی تحمل کو سراہا، ہمیشہ سعودی عرب کیساتھ کھڑے رہیں گے شہباز شریف، پاکستانی کوششیں قابل تعریف، چین

خطے میں امن کو موقع دیں، جنگ بند کی جائے

پاک، سعودی، ترک، مصر وزرائے خارجہ اجلاس میں اتفاق

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی دعوت پر منعقدہ اجلاس میں خطے کی بدلتی صورتحال، باہمی دلچسپی کے امور، مشرق وسطیٰ میں جنگ بندی اور قیام امن کے حوالے سے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا

چار فریقی وزرائے خارجہ اجلاس میں فریقین نے ایران کی موجودہ صورتحال سمیت دیگر اہم پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا اور خطے میں امن و استحکام کے لیے مذاکرات اور مسلسل سفارتی روابط کی اہمیت پر زور دیا

وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ترکیے، مصر اور سعودی عرب کے وزرائے خارجہ سے الگ الگ ملاقاتیں بھی کیں، اہم ترین بیٹھک سے پہلے نائب وزیراعظم کا ایرانی ہم منصب عباس عراقچی سے بھی رابطہ ہوا

وزیراعظم شہباز شریف اور سعودی وزیر خارجہ کے درمیان ہونیوالی ملاقات میں پاکستان اور سعودی عرب کا خطے میں امن و استحکام کے لیے اپنی مشترکہ کوششوں اور قریبی رابطے کو جاری رکھنے پر اتفاق

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چار فریقی وزرائے خارجہ اجلاس میں مشرق وسطیٰ کا تنازعہ مذاکرات کے ذریعے حل کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ اتوار کو مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی کو کم کرنے کے لیے پاکستان کی میزبانی میں اسلام آباد میں اہم اجلاس ہوا۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے وزرائے خارجہ کا استقبال کیا، اجلاس میں شرکت کے لیے...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرولیم مصنوعات کی ملکی ضروریات کیلئے مناسب مقدار موجود ہے، وزیراعظم

صوبائی حکومتیں موٹر سائیکلوں اور رکشہ مالکان کو رجسٹریشن کروانے کیلئے تمام سہولیات فراہم کریں

عوام بچت مہم میں حکومت کا ساتھ دیں اور غیر ضروری سفر سے پرہیز کریں، اجلاس کے شرکاء کی اپیل

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومتی فیصلوں کی بدولت پیٹرولیم مصنوعات کی ملکی ضروریات کیلئے مناسب مقدار موجود ہے، صوبائی حکومتیں موٹر سائیکلوں اور رکشہ مالکان کو رجسٹریشن اپنے نام کروانے کیلئے تمام سہولیات فراہم کریں جبکہ اجلاس کے شرکاء نے اپیل کی ہے...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی جہاز ابراہم لنکن سیکڑوں میل پیچھے ہٹ گیا، ایرانی کمانڈر

آبنائے ہرمز اور بحیرہ عمان ایرانی بحریہ کے مکمل قبضے میں ہے، شہرام ایرانی

تہران (م ڈ) ایرانی بحریہ کے کمانڈر شہرام ایرانی نے کہا کہ میزائل حملوں سے امریکی طیارہ بردار جنگی جہاز ابراہم لنکن سیکڑوں میل پیچھے ہٹ گیا۔ شہرام ایرانی نے واضح طور پر کہا کہ اگر امریکی طیارہ بردار جہاز ابراہم لنکن ایران کے میزائل رینج میں داخل ہوا تو اسے نشانہ...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستانی قیادت کا ذمہ دارانہ طرز عمل خطے اور عالمی سطح پر مثبت پیغام ہے، سرفراز بگٹی

خطے میں جاری کشیدگی کے باوجود پاکستان نے جس تحمل، تدبر اور ذمہ داری کا مظاہرہ کیا ہے وہ حکمت عملی قابل ستائش ہے

پاکستان کی متوازن، اصولی سفارتکاری اطمینان بخش، نائب وزیراعظم کو سفارتی کاوشوں پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں

پاکستان ہمیشہ امن، استحکام اور باہمی تعاون کے فروغ کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا، وزیراعلیٰ کا ایکس پر پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے موجودہ علاقائی صورتحال میں پاکستان کی متوازن، اصولی اور مدبرانہ سفارتکاری پر اطمینان اور مسرت کا اظہار کرتے ہوئے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کو ان کی مؤثر سفارتی کاوشوں پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

ایران پر میزائل حملے میں کراچی کا رہائشی نوجوان شہید

یاسر کی میت بھجوانے کے لئے فوری اقدامات کیئے جائیں، پاکستان قونصل خانہ

تہران، کراچی (م ڈ) ایران میں ہونے والے میزائل حملے کے نتیجے میں کراچی کے علاقے ماڑی پور سے تعلق رکھنے والا 26 سال کا نوجوان یاسر خان شہید ہوگیا...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا قریبی دوست کے کزن کی دعوت ولیمہ میں دلہا و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

امریکہ ایران میں زمینی کارروائی کی تیاری کررہاہے، امریکی اخبار

واشنگٹن (م ڈ) امریکی اخبار کی رپورٹ کے مطابق امریکا ایران میں کئی ہفتوں تک جاری رہنے والی ممکنہ زمینی فوجی کارروائیوں کی تیاری کر رہا ہے۔ امریکی اخبار میں گزشتہ روز شائع ہونے والی ایک رپورٹ...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

سعودی عرب کا چند گھنٹوں میں 10 ڈرونز روکنے کا دعویٰ

ریاض (م ڈ) سعودی عرب کی وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ اس نے گذشتہ چند گھنٹوں میں 10 ڈرونز کو روکا ہے۔ متحدہ عرب امارات اور کویت سمیت متعدد خلیجی ریاستوں سے بھی رات کو حملوں کی اطلاعات موصول ہوئی تھیں۔

سوئی گیس شارٹ فال 700 ملین مکعب فٹ سے تجاوز کر گیا

ملک میں گیس بحران، بندش، کم پریشر کی شکایات میں اضافہ، سپلائی مزید کم ہونے کا خدشہ

لاہور (بیورو رپورٹ) خطے میں جنگ کے باعث پاکستان میں گیس بحران شدید ہونے لگا، لاہور سمیت پنجاب بھر میں گیس کی بندش اور کم پریشر کی شکایات میں...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

فورسز نے کوئٹہ میں دہشتگردی کی 2 وارداتیں ناکام بنادیں ایک شہری شہید 12 زخمی

مسلح افراد نے سریاب کے علاقے میں یو بی جی ایل گولے سے حملہ کیا دھماکے کے باعث فورسز کے جوان اور راہگیر زد میں آگئے

فرار ہوتے ہوئے دہشتگردوں نے دشت تیرا میل کے قریب ریلوے ٹریک کو دھماکہ خیز مواد سے اڑادیا، زخمی شہری ہسپتال منتقل

بھارت کے ٹکڑوں پر پلنے والے دہشتگرد اپنے ناپاک عزائم میں کامیاب نہیں ہونگے، معاون برائے محکمہ داخلہ، بابر یوسفزئی کی گفتگو

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سریاب روڈ پر مسلح افراد کا ویج ایٹ کے گیٹ پر یو بی جی ایل گولے سے حملہ کی کوشش ایک راہگیر شہید تین اہلکاروں سمیت 12 افراد زخمی ہوگئے۔ دشت میں ریلوے ٹریک اڑادیا سیکورٹی ذرائع کے مطابق مسلح افراد نے اتوار کی شب سریاب کے علاقے ویج ایٹ پر سیکورٹی فورسز کے اہلکاروں پر یو بی جی ایل گولوں سے حملے کی کوشش کی تاہم گولے سڑک پر گر کر زوردار دھماکوں سے پھٹ گئے جس کے نتیجے میں ایک راہگیر محمد گل ولد...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی حکومت کا ملک بھر میں اسمارٹ لاک ڈاؤن کا فیصلہ

دورانیہ ہفتہ دوپہر 12 بجے سے اتوار کی رات 11 بج کر 59 منٹ تک رکھنے کی تجویز

تمام کاروباری و کمرشل سرگرمیاں، مارکیٹس اور شادی کی تقریبات پر پابندی ہوگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث پیدا ہونے والے توانائی بحران سے نمٹنے کے لیے وفاقی حکومت نے ملک بھر میں ہفتہ اور اتوار کو اسمارٹ لاک ڈاؤن کرنے کا فیصلہ کیا ہے، اس حوالے سے تجاویز تیار کرلی گئی ہیں جن کی حتمی منظوری وزیراعظم شہباز شریف دیں گے۔ ذرائع کے مطابق اسمارٹ لاک ڈاؤن کا دورانیہ ہفتہ...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

16 ایرانی بیلسٹک میزائلز اور 42 ڈرون حملے روکے، یو اے ای

اب تک فضائی دفاعی نظام نے سیکڑوں ایرانی میزائل وڈرونز حملے ناکام بنائے

دبئی (م ڈ) متحدہ عرب امارات کی وزارت دفاع کا کہنا ہے کہ اس کے فضائی دفاعی نظام نے اتوار ایران کی طرف سے فائر کیے گئے 16 بیلسٹک میزائلوں اور...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

روس کا یکم اپریل سے دنیا کو پیٹرول کی فراہمی بند کرنے کا اعلان

چین، ترکی، برازیل اور افریقہ کے کئی ممالک میں تیل کے بحران کا خدشہ

پیوٹن حکومت نے اپنے بفر اسٹاک کو محفوظ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، روسی حکومت

ماسکو (م ڈ) روس نے یکم اپریل سے دنیا کو پیٹرول کی فراہمی پر مکمل پابندی کا باضابطہ اعلان کردیا۔ روس کے اعلان کے بعد عالمی مارکیٹ میں ایک بار پھر ہلچل مچ گئی...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

3500 اضافی امریکی میرین مشرق وسطیٰ پہنچ گئے، سینٹ کام کی تصدیق

خطے میں نقل وحمل کے طیارے، سٹرائیک فائٹرز، سالٹ اور دیگر ٹیکٹیکل وسائل بھی تعینات

واشنگٹن (آن لائن) امریکی سینٹ کام نے تصدیق کی ہے کہ 3,500 اضافی امریکی میرین یو ایس ایس ٹرپولی جہاز کے ذریعے مشرق وسطیٰ پہنچ گئے ہیں...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

مشرق وسطیٰ صورتحال کے پاکستان پر اثرات کسی جنگ سے کم نہیں، وزیر خزانہ

حکومت موثر اقدامات کررہی، شہباز شریف دو مرتبہ قوم سے خطاب کر چکے ہیں، قیادت مسلسل صورتحال کا جائزہ لے رہی ہے

حکومت کی اقتصادی ٹیم بھی پوری طرح سرگرم ہے اور ملکی معیشت کو مستحکم بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جارہے ہیں

پٹرولیم مصنوعات کی فراہمی کا نظام مستحکم، خام تیل، ڈیزل، اور ایل پی جی کی دستیابی میں کوئی خلل نہیں، سینیٹر اورنگزیب کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ موجودہ علاقائی صورتحال اگرچہ پاکستان کی براہ راست جنگ نہیں، تاہم اس کے اثرات کسی جنگ سے کم نہیں ہیں، حکومت ہر سطح پر بھرپور اور موثر اقدامات کررہی ہے، شہباز شریف دو مرتبہ قوم سے خطاب کر چکے ہیں اور قیادت مسلسل صورتحال کا جائزہ لے رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تحصیل صدر مسلم لیگ (ن) کسان ونگ میاں زاہد الرحمن رندے کے صاحبزادے میاں...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر مندوخیل، صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک ودیگر ایڈووکیٹ میاں رؤف عطاء کے والد کی وفات پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

امریکی زمینی فوج آئی تو شارک کی خوراک بنے گی، ایران

خطے میں امریکی اور اسرائیلی یونیورسٹیز کو ہدف بنائیں گے، بیان

امریکی افواج تباہ شدہ اڈوں سے پسپا ہو چکی، خاتم الانبیاء ہیڈکوارٹرز

تہران (م ڈ) ایران نے امریکا کی زمینی فوج کی مداخلت کی صورت میں تباہ کن نتائج کی دھمکی دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر امریکا نے زمینی حملہ کیا تو ان کے فوجی شارک مچھلی کی خوراک بنے گی۔ ایرانی میڈیا کے مطابق خاتم الانبیاء ہیڈکوارٹرز کے ترجمان ابراہیم ذوالفقاری نے ایران پر زمینی حملے سے خبردار کرتے ہوئے کہا کہ ایسا اقدام امریکی افواج کے لیے شدید...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

ادویات کی قیمتوں میں اضافے سے متعلق خبریں بے بنیاد قرار

قیمتوں میں کسی نئے اضافے کی منظوری نہیں دی گئی ترجمان ڈریپ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ڈریپ نے ضروری ادویات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے سے متعلق زیر گردش خبروں کی سختی سے تردید کر دی ہے۔ تفصیلات...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

خطے میں امریکہ کے اتحادیوں کو تباہ کن جواب دینگے، باقر قالیباف

سڑکوں پر لاکھوں ایرانیوں کی موجودگی ملک کی سماجی طاقت کی عکاسی ہے، ایرانی سپیکر

تہران (م ڈ) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے بھی خبردار کیا ہے کہ امریکا نے ایران پر زمینی حملے کی کوشش کی تو امریکی فوج اور خطے میں ان کے اتحادیوں کو تباہ کن جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے بیان میں کہا کہ امریکا کی جانب سے ایران کے خلاف کسی بھی زمینی حملے کی کوشش کا نتیجہ امریکی افواج اور خطے میں ان کے اتحادیوں کے لیے بد...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ میں ٹرمپ کی پالیسیوں اور جنگ کیخلاف 90 لاکھ افراد سڑکوں پر نکل آئے

50 ریاستوں میں 3 ہزار سے زائد مقامات پر مظاہرے، ہزاروں افراد نے ''اینڈ دا وار'' اور ''نو کنگز'' کے نعرے لگائے

امریکی عوام سے ایران جنگ کے حوالے سے جھوٹ بولا جارہا ہے اور اس جنگ کو فوری طور پر روکنا ہوگا، امریکی سینیٹر برنی سینڈرز

منی سوٹا (م ڈ) امریکا بھر میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی پالیسیوں اور ایران جنگ کے خلاف بڑے پیمانے پر نو کنگز کے عنوان سے احتجاجی ریلیاں منعقد ہوئیں، جن میں میڈیا رپورٹس کے مطابق 90 لاکھ سے زائد افراد نے شرکت کی۔ مظاہرین نے جنگ کے خاتمے اور حکومتی پالیسیوں کے خلاف شدید نعرے بازی کی اور...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

ایران، امریکہ جنگ، امارات میں 4 پاکستانی شہید

تین اماراتی فوجی بھی شہید، اب تک 8 شہری شہید، 178 زخمی ہوچکے

دبئی (م ڈ) متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کی وزارت دفاع کے مطابق حملوں میں اب تک 4 پاکستانیوں سمیت 8 شہری شہید اور 178 زخمی ہوئے ہیں۔ ابوظہبی سے اماراتی وزارت دفاع کے مطابق حملوں میں اب تک 2 اماراتی فوجی اور ایک اماراتی فوج...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

امن وامان کے پیش نظر بلوچستان کے 10 اضلاع میں دفعہ 144 نافذ

ژوب، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ، شیرانی، پشین، چمن، لورالائی، دکی، موسیٰ خیل اور ضلع بارکھان شامل

اسلحہ کی نمائش پر پابندی، فیصلہ عام شہریوں کے قتل کے واقعات اور امن کی خراب صورتحال کے باعث کیا گیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر + این این آئی) بلوچستان کے 10 اضلاع میں عام شہریوں کے قتل وغارت کے واقعات اور امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر دفعہ 144 نافذ کردی گئی۔ سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق ژوب، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ، شیرانی، پشین، چمن، لورالائی...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

آنکھ میں تکلیف کی شکایت پر بشریٰ بی بی کا اڈیالہ جیل میں طبی معائنہ

دائیں آنکھ سے دھندلا نظر آ رہا تھا، سر درد کی بھی شکایت مخصوص ادویات تجویز

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کا اڈیالہ جیل میں طبی معائنہ کیا گیا، انہوں نے دائیں آنکھ میں تکلیف کی شکایت کی تھی۔ جیل ذرائع کے مطابق بشریٰ بی بی کا پمز ہسپتال کے سربراہ شعبہ چشم ڈاکٹر محمد عارف خان نے معائنہ کیا...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نیشنل پارٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پاکستانیوں کے بیرون ملک موجود 20 ارب ڈالر واپس لانے پر غور

5.6 کھرب پاکستانی روپے 2018 اور 2019 میں ایمنسٹی میں ظاہر ہوئے لیکن پاکستان منتقل نہ ہوسکے

ایران پر امریکا و اسرائیل کے حملوں کی وجہ سے پاکستانی اپنی دولت کسی محفوظ ملک منتقل کرنا چاہ رہے ہیں، حکومت

کسی بھی ملک کے شہری کو روشن ڈیجیٹل اسکیم میں سرمایہ کاری کی اجازت دیے جانے پر غور بھی کیا جارہا ہے

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستانیوں کے بیرون ملک موجود دولت کو واپس لانے پر غور کیا جارہا ہے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق بین الاقوامی تناظر میں اعلیٰ سطحی اجلاسوں میں پاکستانیوں کی بیرون ملک دولت واپس لانے پر غور کیا جارہا ہے۔ حکومتی ذرائع نے بتایا کہ اس وقت مشرق وسطیٰ اور یورپ میں پاکستانیوں...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

6 سال بعد پی آئی اے کا لندن کیلئے فضائی آپریشن بحال

پہلی پرواز 325 مسافروں کے ساتھ اسلام آباد سے لندن پہنچ گئی

16 لاکھ سے زائد پاکستانیوں کو براہ راست سفری سہولیات میسر آئیں گی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) 71 سال پرانا رشتہ 6 سال بعد پرجوش انداز میں پھر بحال ہو گیا جب کہ مشرق وسطیٰ جنگ نے فضائی آپریشن درہم برہم کر کے...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

مشرق وسطیٰ کشیدگی، عالمی کمپنیاں گوادر پورٹ کا رخ کرنے لگیں

تجارتی سرگرمیاں بڑھنے لگیں، 368 میٹرک ٹن پر مشتمل جنرل ٹرانس شپمنٹ کارگو، بحری جہاز لیڈر موا ایم گوادر پہنچ گیا

بندرگاہ میں وسیع گنجائش اور اسٹریٹجک محل وقوع بلیو اکانومی کے فروغ کیلئے کردار ادا کریں گے، چیئرمین پورٹ نورالحق

گوادر (خ ن) گوادر پورٹ نے علاقائی بحری و تجارتی سرگرمیوں میں ایک اہم سنگ میل عبور کرتے ہوئے...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت نے لاک ڈاؤن سے متعلق نوٹیفکیشن جعلی قرار دیدیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) لاک ڈاؤن سے متعلق سوشل میڈیا پر زیر گردش نوٹیفکیشن جعلی قرار دیدیا گیا۔ وفاقی حکومت...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانی حملوں کی ویڈیوز اور تصاویر شیئر کرنے پر 70 برطانوی گرفتار

جرائم پر 10 سال تک قید اور 2 لاکھ درہم تک جرمانہ ہوسکتا ہے، حکام

دبئی (م ڈ) ابوظہبی: متحدہ عرب امارات میں حکام نے ایران کے ڈرون اور میزائل حملوں سے ہونے والے نقصانات کی ویڈیوز اور تصاویر شیئر کرنے کے الزام میں برطانیہ کے 70 شہریوں کو گرفتار کرلیا ہے۔ برطانوی میڈیا رپورٹس کے مطابق گرفتار افراد میں سیاح...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

صدر ٹرمپ کے سعودی ولی عہد کے بارے میں نازیبا اور سخت ریمارکس

ایسے بیانات امریکا اور سعودی عرب کے تعلقات پر اثر انداز ہو سکتے ہیں، مبصرین

میامی (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کے بارے میں دیے گئے ریمارکس نے عالمی سطح پر نئی بحث چھیڑ دی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق میامی میں منعقدہ سعودی انویسٹمنٹ فورم سے خطاب کرتے ہوئے امریکی صدر...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

مقاصد حاصل کر چکے، جلد ایران سے نکل جائیں گے، جے ڈی وینس

صدر ٹرمپ کا مقصد ایران کی حکومت کو شدید کمزور کرنا ہے، امریکی نائب صدر

واشنگٹن (م ڈ) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا مقصد ایران کی حکومت کو شدید کمزور کرنا ہے۔ اپنے ایک بیان میں جے...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

بابو سر ٹاپ، نانگا پربت، بوگاہ ٹاپ پر برفباری

بلوچستان سمیت ملک بھر کے بالائی علاقوں میں بارشیں جاری

لاہور، جھنگ، موسیٰ خیل، پشاور، باجوڑ میں بارش سے نشیبی علاقے زیر آب

نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے ملک بھر میں گرج چمک کے ساتھ مزید بارش اور برفباری کا الرٹ جاری کردیا۔ گزشتہ روز لودھراں، جھنگ، موسیٰ خیل، پشاور، باجوڑ، ملاکنڈ سمیت ملک کے مختلف علاقوں میں بارش سے موسم خوشگوار ہوگیا۔ اس کے علاوہ شمالی وزیرستان میں بھی مختلف علاقوں میں وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری ہے، شدید بارش کے باعث ندی نالوں میں طغیانی آگئی جبکہ بابو سر ٹاپ، نانگا پربت، بوگاہ...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

شمالی کوریا کا امریکی سرزمین تک مار کرنے والے میزائل کا کامیاب تجربہ

پیانگ یانگ (م ڈ) شمالی کوریا نے امریکی سرزمین تک مار کرنے والے نئے میزائل انجن کا کامیاب تجربہ کرلیا۔ شمالی کوریا کے سربراہ کم جونگ ان نے نئے طاقتور راکٹ انجن کے تجربے کا مشاہدہ کیا، شمالی کوریا ایک ہی میزائل سے کئی اہداف کو نشانہ بنانے کی تیاری میں ہے، ٹھوس ایندھن والے انجن سے لیس...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

بھاگ: بچی اغوا، ڈکیت گروپ کا ورثاء سے تاوان طلب

وزیراعلیٰ نے واقعہ کا نوٹس لے لیا، فوری بازیابی کیلئے اقدامات کی ہدایت

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ضلع کچھی کے علاقے بھاگ سے ڈکیت گروپ نے ایک بچی اغوا کر لی خاندان سے 50 لاکھ تاوان طلب واقعے کی ایف آئی آر بھی درج وزیراعلیٰ بلوچستان نے واقعے کا نوٹس لے لیا۔ پولیس کے مطابق بچی بھاگ کے...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ نے اسحاق ڈار کی پوسٹ شیئر کردی، پاکستان کے 20 جہازوں کو اجازت ملنے پر خوشی

ایران کا یہ اقدام خوش آئند اور تعمیری، تعریف ہونی چاہیے، یہ پیشرفت خطے میں امن اور استحکام کے فروغ کا پیش خیمہ ہے، صدر

آبنائے ہرمز سے روزانہ 2 پاکستانی پرچم بردار بحری جہاز گزریں گے، اسحاق ڈار نے 20 جہازوں کی اجازت کا ذکر کیا تھا، میڈیا

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پاکستان کے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی پوسٹ شیئر کر دی۔ امریکی صدر نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر پاکستانی وزیر خارجہ کی پوسٹ کا اسکرین شارٹ شیئر کیا ہے۔ اسحاق ڈار نے اپنی پوسٹ...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

لبنان، اسرائیلی حملے میں 9 پیرا میڈیکل اسٹاف ہلاک

ایک ماہ میں ہلاک ہونے والے طبی عملے کی مجموعی تعداد 51 ہوگئی

جنیوا (م ڈ) عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کے ڈائریکٹر جنرل ٹیڈروس ادہانوم گیبریسس نے کہا ہے کہ لبنان میں اسرائیلی حملوں میں کم از کم 9 پیرامیڈیکس...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

ملک محمد عمران خان مشوانی اپنے قبیلے کے نئے سربراہ منتخب

مشوانی قبیلے کے سربراہ کی گدی بزرگ رہنما ملک عبدالمجید خان مشوانی کے انتقال کے بعد خالی ہوگئی تھی، منتخب سربراہان کے فرزند ہیں

یہ انتخاب ملک حاجی ظفر لطیف مشوانی کی قیادت میں مشوانی قبیلے کے معززین، معتبرین، علماء، اساتذہ کرام و اکابرین کے جرگے کے ذریعے کیا گیا

کوئٹہ یونین آف جرنلسٹس کے صدر، امین اللہ مشوانی کی نئی قیادت قبائلی کی جانب سے ملک محمد عمران خان مشوانی کو مبارکباد و تعاون کی یقین دہانی

[illegible] خالی ہوگئی تھی۔ مشاورت اور اتفاق رائے کے بعد مرحوم کے بڑے فرزند ملک محمد عمران خان مشوانی کو مشوانی قبیلے کا نیا چیف منتخب کر لیا گیا۔ اجلاس میں مقررین نے اس امید کا اظہار کیا کہ نئی قیادت میں مشوانی قبیلے مزید مضبوط اور منظم ہوگا۔ اس موقع پر یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ جلد ہی مشوانی قبیلے کے ملک صاحبان کی جانب [illegible] اور قبائلی عمائدین کو مدعو کیا جائے گا۔ اجلاس سے مشوانی برادری کے معززین، معتبرین، علماء و اکابرین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک عمران مشوانی ہمارے قبیلے کے متفقہ سربراہ ہیں اور ہم سب مل کر ان کے ہاتھ مضبوط کریں گے، علاقے اور قبیلے کی ترقی و خوشحالی کیلئے ہر [illegible] ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے اپنی اور صحافی برادری کی جانب سے مکمل تعاون اور حمایت کی یقین دہانی کروائی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ نئی قیادت قبیلے کے مسائل کے حل اور ترقی کے لیے مؤثر کردار ادا کرے گی۔ اجلاس کے اختتام پر مشوانی قبیلے کے اتحاد، یکجہتی اور مستقبل کی بہتری کے لیے دعا بھی کی گئی۔

بجلی کی تاریں اور دیگر برقی آلات چوری ہونے کے واقعات میں اضافہ

بھاگ میں 26 کھمبوں سے بجلی کی تاریں چوری، پانچ پی سی سی کھمبوں کو شدید نقصان پہنچایا گیا

کیسکو کو بھاری مالی نقصان، صارفین کو بجلی کی فراہمی میں خلل پیدا، بحالی کا کام آج شروع ہوگا

[illegible] ہے۔ کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان کے مطابق بھاگ کے علاقے میں 33kV گنداوہ فیڈر پر کنڈکٹرز چوری ہونے کے بعد ابتدائی سروے رپورٹ اور نقصان کا تخمینہ لگایا [illegible] پولیس اسٹیشن کو دی تاہم اس دوران 33kV گنداوہ فیڈر سے کنڈکٹرز کی چوری ہونے سے بجلی کی بندش پر کیسکو نے اپنے متعلقہ صارفین سے معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور صوبائی وزراء میر عاصم کرد گیلو محمد خان لہڑی: حافظ کاکڑ کے بھائی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

تعلیمی اداروں کی بندش زمینی حقائق سے ماورا فیصلہ ہے، رشید کاکڑ

نجی تعلیمی اداروں کے مالکان کو اعتماد میں لئے بغیر چھٹیاں بڑھا ئی گئیں ہیں

نجی تعلیمی اداروں کے مالکان کو اعتماد میں لیکر قابل عمل اقدامات کیے جائیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشنز الائنس کے صدر ملک رشید کاکڑ نے پیٹرول کے بحران اور قلت کو جواز بنا کر تعلیمی اداروں کی بندش پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے درخواست کی ہے کہ فوری طور پر تعلیمی اداروں کو تعلیمی سرگرمیوں کیلئے کھولا جائے تاکہ نوجوان نسل کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کے لئے نئے سال کی تعلیم کا آغاز ہو سکے حکومت نے نجی تعلیمی اداروں کے حکام کو اعتماد میں لئے بغیر تعلیمی اداروں میں چھٹیاں بڑھا دی ہیں اور گزشتہ 5 ماہ سے کوئٹہ اور صوبے کے سرد علاقوں میں تعلیمی ادارے بند اور غیر فعال ہیں جس سے نوجوان نسل کی تعلیم کا حرج ہو رہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن کے عہدیداروں نمائندوں اور متعلقہ حکام سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت اور بلوچستان کے حکمران صوبے کی تعمیر و ترقی اور زمینی حقائق کو پس پشت ڈال کر غیر ضروری اخراجات کو کم اور شعبوں کو بند کرنے کی بجائے تمام ملبہ تعلیمی اداروں پر ڈال کر انہیں بند کر رہے ہیں اور آئے روز چھٹیوں میں توسیع کی جا رہی ہے جس کی بدولت تعلیمی حلقوں میں گہری تشویش پائی جا رہی ہے۔ ایسے فیصلے نہ صرف طلباء کے تعلیمی تسلسل کو متاثر کرتے ہیں بلکہ ان کے مستقبل پر بھی منفی اثرات مرتب کرتے ہیں۔ انہوں نے حکومت اور ارباب اختیار سے مؤدبانہ درخواست کرتے ہیں کہ اس معاملے پر فوری نظر ثانی کرتے نجی تعلیمی اداروں کے حکام کو اعتماد میں لیکر ایسے قابل عمل اقدامات کیے جائیں جن سے تعلیمی سرگرمیاں متاثر نہ ہوں کیونکہ طلباء کا وقت اور تعلیم دونوں ہی انتہائی قیمتی اور اہمیت کے حامل ہیں، جن کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ امید ہے کہ حکمران اس اہم مسئلے کو ترجیحی بنیادوں پر سنجیدگی سے اس کو حل کریں گے اور تعلیمی اداروں کی بحالی کے لیے مثبت فیصلہ کر کے طلباء کے تعلیم کے حوالے سے ہونے والے ضائع کو روکنے کیلئے اقدامات اٹھائیں گے۔

سریاب کے عوام ہماری طاقت ہیں عالم جان بنگلزئی

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) ممتاز قبائلی شخصیت نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما عوامی خدمتگار عالم جان بنگلزئی اور ممتاز قبائلی شخصیت مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما حاجی میر نور اللہ لہڑی طویل اہم ملاقات ملک کی موجودہ سیاسی صورت حال اور خصوصی سریاب کے مسلے مسائل امن وامان کی ناقص صورت حال آئیر وزمبر گاہی کے موضع پر تفصیلی بات چیت کرتے ہوئے دونوں سیاسی وقبائلی رہنماؤں نے کہا کہ سریاب کے عوام ہماری طاقت ہے اور سریاب کے عوام سیاسی ہمیشہ اور ہر فورم پر ہراول دستے کا کردار ادا کر کے ہیں دونوں سیاسی رہنماؤں نے کہا کہ سریاب سیاست کا گڑھ رہا اور سیاست سریاب سے شروع ہوا ہے دونوں سیاسی رہنماؤں نے کہا کہ سریاب کے عوام کی خدمت کیلئے ہمارا دروازہ ہر وقت کھلے ہیں اور ہم عوام کی خدمت کو فرض عین سمجھ کر نبھا رہے آخر میں دونوں سیاسی رہنماؤں نے اس عظم کا اعادہ کیا کہ وقت اور حالات کا تقاضہ ہے کہ ہمیں ایک ہو کر مشکل وقت کا مقابلہ کرنا چاہیے

تعلیمی سرگرمیاں بحال کی جائیں، افشاں انصاری

کوئٹہ (آن لائن) سیاسی و سماجی کارکن افشاں انصاری نے پیٹرولیم مصنوعات کی قلت اور ایران پر امریکی، اسرائیلی حملوں سے متعلق صورتحال پر افسوس اور تعلیمی اداروں کی بندش سے نوجوان نسل کو زیور تعلیم سے دور رکھنے کے عمل پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت دیگر غیر ضروری شعبوں کو بند کر کے تعلیمی سرگرمیوں کے عمل کو یقینی بنائے کیونکہ کوئی بھی معاشرہ تعلیم کے بغیر ترقی نہیں کر سکتا اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سکولوں کی بار بار بندش طلباء کی تعلیمی کارکردگی اور سیکھنے کے عمل کو شدید متاثر کر رہی ہے، جو ایک تشویشناک امر ہے۔ سرکاری تعلیمی اداروں کی بندش کا اثر ان کے ملازمین کو کم محسوس ہوتا ہے کیونکہ وہاں کے عملے کو گھروں میں رہ کر بھی تنخواہیں ملتی رہتی ہیں، تاہم نجی تعلیمی ادارے شدید مالی دباؤ کا شکار ہو جاتے ہیں کئی مقامات پر انٹرنیٹ ورک کوریج بھی دستیاب نہیں جس کی وجہ سے طلبہ آن لائن کلاسز سے مکمل طور پر محروم رہ جاتے ہیں۔ ایسے حالات میں آن لائن تعلیم صرف ایک دعویٰ بن کر رہ جاتی ہے، عملی طور پر اس کا فائدہ سب تک نہیں پہنچ پاتا۔ لہٰذا حکومت کو چاہیے کہ طلبہ کے لیے سستی یا مفت انٹرنیٹ سہولت دور دراز علاقوں تک فراہم کرے۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ اسکولوں کی بندش کو آخری حل کے طور پر اختیار کیا جائے اور ہنگامی حالات میں آن لائن تعلیمی سلسلہ فوری طور پر شروع کیا جائے۔ انہوں نے تجویز دی کہ نجی تعلیمی اداروں کے لیے ریلیف پیکج یا سبسڈی فراہم کی جائے۔ تعلیمی اداروں سے متعلق فیصلوں میں ماہرین تعلیم کو شامل کیا جانا چاہیے تاکہ دیرپا اور مؤثر حل نکالا جا سکے کیونکہ تعلیم کا تسلسل کسی بھی قوم کی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔

ڈرگ ٹریٹمنٹ سینٹر کا مالک سنگین دھمکیا دے رہا ہے، فہد

بھائی پر تشدد کیا جسکی ویڈیو وائرل ہوئی، مرکزی ملزم تاحال فرار اور دھمکیا دے رہا ہے

پولیس میں شکایت کی مگر شنوائی نہیں ہو رہی، وزیر اعلیٰ سے تحفظ اور انصاف کی اپیل ہے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے رہائشی فہد نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، صوبائی وزیر داخلہ اور آئی جی پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ میرے بھائی پر ریہبلیٹیشن سینٹر میں ہونے والے تشدد کی وائرل ہونے والی ویڈیو میں ملوث 5 افراد کی گرفتاری پر ہمیں سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے کا نوٹس لیتے ہوئے سینٹر کے مالک کو گرفتار کر کے اس کے خلاف کارروائی کی جائے تاکہ ہمیں انصاف مل سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر محمد انور، نصر اللہ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ میرے بھائی ندیم زہری کو 7 ماہ قبل ریہبلیٹیشن سینٹر میں داخل کرایا گیا تھا 27 فروری کو سوشل میڈیا پر ویڈیو وائرل ہوئی جس کو ڈرگ ٹریٹمنٹ سینٹر کے مالک کے کہنے پر اس پر تشدد کیا گیا جس سے اس کی حالت مزید بگڑ گئی ویڈیو سے معلوم ہونے پر جب ہم ٹریٹمنٹ سینٹر گئے تو وہاں موجود چوکیدار نے ہمیں اندر جانے سے روکنے کی کوشش کی وہاں گئے تو صرف ایک بندہ موجود تھا جس سے ہم نے اپنے بھائی ندیم کا پوچھا تو ہمیں سنگین نتائج کی دھمکیاں دی گئیں۔ جبکہ تشدد کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد سوشل ویلفیئر اور پولیس کی ٹیم نے ریہبلیٹیشن سینٹر کو سیل کر کے 5 افراد کو گرفتار کیا تاحال سینٹر کا مالک اور اصل ملزم گرفتار نہیں ہو سکا ہمیں دھمکیاں دی جا رہی ہے جس کا نوٹس لیا جائے اس حوالے سے ہم نے پولیس حکام سے رابطے کئے اور ملزم کی گرفتاری کا مطالبہ کیا لیکن تاحال کوئی شنوائی نہیں ہوئی ہمارا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، آئی جی پولیس محمد طاہر سمیت دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ ہے کہ سینٹر کے مالک علی احمد ابابکی کو گرفتار کر کے اس کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے ہمیں انصاف فراہم کیا جائے تاکہ انصاف کے تقاضے پورے ہوسکیں۔

کوئٹہ: فہد، محمد انور، نصر اللہ و دیگر حصول انصاف کیلئے پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سینیٹر بلال احمد مندوخیل کا شیری رحمان سے صاحبزادی کے انتقال پر اظہار تعزیت

کراچی/کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے پی پی پی سینئر رہنما پارلیمانی لیڈر و سینیٹر شیری رحمان سے ان کی صاحبزادی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ اس موقع پر انہوں نے مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو یہ صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔ شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے اس المناک سانحے کو ایک بڑا نقصان قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ اس غم کی گھڑی میں سینیٹر شیری رحمان اور ان کے خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے مرحومہ کے درجات کی بلندی اور مغفرت کے لیے خصوصی دعا بھی کی۔ اس موقع پر پارٹی کے دیگر رہنماؤں اور کارکنان نے بھی تعزیت کا اظہار کیا اور سوگوار خاندان کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔

4 اپریل کو سیشن کورٹ میں تعزیتی ریفرنس ہوگا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پیپلز لائرز فورم بلوچستان کے سینئر رہنما سید ظہور آغا، ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ 4 اپریل 2026 بروز ہفتہ، قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کی سینتالیسویں برسی کے موقع پر سیشن کورٹ کے بار روم میں ایک پروقار تعزیتی ریفرنس منعقد کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس تقریب میں پیپلز لائرز فورم کے سینئر رہنما اور تمام حقیقی و نظریاتی اراکین شرکت کریں گے۔

پشتون آباد سب ڈویژن میں بجلی مسلسل بند، عوام پریشان

متعلقہ حکام کی غفلت اور من مانی نے شہریوں کو شدید اذیت میں مبتلا کر رکھا ہے

گرڈ اسٹیشن سے بجلی کی ترسیل جاری رہتی ہے مگر لوکل عملہ قصداً خرابی پیدا کرتا ہے

کوئٹہ (آئی این پی) کوئٹہ کے علاقے پشتون آباد سب ڈویژن میں بجلی کی مسلسل اور غیر اعلانیہ بندش نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں سے علاقہ مکمل طور پر تاریکی میں ڈوبا ہوا ہے، جبکہ متعلقہ حکام کی مجرمانہ غفلت اور من مانی نے شہریوں کو شدید اذیت میں مبتلا کر رکھا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ایس ڈی او اور لائن سپرنٹنڈنٹ آصف کی ذاتی خواہشات اور غیر ذمہ دارانہ رویے کے باعث بجلی کی فراہمی ایک مذاق بن چکی ہے۔ ذرائع کے مطابق گرڈ اسٹیشن سے بجلی کی ترسیل معمول کے مطابق جاری رہتی ہے، مگر پیچ میں جان بوجھ کر لائنیں کاٹ دی جاتی ہیں، جس کے باعث پورا علاقہ اندھیرے میں ڈوب جاتا ہے۔ یہ عمل نہ صرف شہریوں کے بنیادی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے بلکہ اس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ متعلقہ افسران اپنی ذمہ داریوں سے مکمل طور پر غافل ہیں یا پھر کسی مخصوص مفاد کے تحت یہ سب کچھ کر رہے ہیں۔ عوامی نمائندوں اور مکینوں نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شدید گرمی کے موسم میں بجلی کی عدم فراہمی نے معمولات زندگی درہم برہم کر دیے ہیں۔ بیمار، بزرگ اور بچے سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں، جبکہ کاروباری سرگرمیاں بھی بری طرح متاثر ہو چکی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر بجلی کی لوڈشیڈنگ شیڈول کے مطابق ہو تو اسے برداشت کیا جا سکتا ہے، مگر اس طرح کی غیر اعلانیہ اور جانبدارانہ بندش ناقابل قبول ہے۔ مزید برآں، یہ بات انتہائی تشویشناک ہے کہ شکایات کے باوجود متعلقہ افسران نہ تو عوام کی بات سننے کو تیار ہیں اور نہ ہی مسئلے کے حل کے لیے کوئی سنجیدہ اقدام اٹھا رہے ہیں۔ آخر میں ارباب اختیار سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ اس ناانصافی کا فوری خاتمہ کریں، بجلی کی بلا تعطل فراہمی کو یقینی بنائیں اور ذمہ دار افسران کو قرار واقعی سزا دیں تاکہ آئندہ کوئی بھی سرکاری اہلکار عوام کے ساتھ اس قسم کی زیادتی کرنے کی جرات نہ کر سکے۔

ضلعی ہیڈکوارٹر کی قلعہ عبداللہ سے غیر محفوظ جگہ منتقلی مسائل کی جڑ ہے، اے کیو ایم

سیاسی عناد کی بنیاد پر ہیڈ کوارٹر کی منتقلی سے انتظامی امور مفلوج ہو کر رہ گئے ہیں

انتظامی آفیسران عدالتی احکامات پر عملدرآمد کرانے میں ناکام دکھائی دیتے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ (اے کیو ایم) کے صوبائی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ پریس ریلیز میں قلعہ عبداللہ کی سنگین صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ضلعی ہیڈ کوارٹر کو قلعہ عبداللہ سے غیر محفوظ جگہ منتقل کرنا جرائم میں اضافے کی بنیادی وجہ ہے۔ بیان میں ایس ایچ او علی محمد پر قاتلانہ حملے اور گلستان میں بڑھتی ہوئی قبائلی عداوتوں کی سخت الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔ اے کیو ایم کے مطابق سیاسی عناد کی بنیاد پر ہیڈ کوارٹر کی منتقلی سے انتظامی امور مفلوج ہو کر رہ گئے ہیں اور عوام عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ ترجمان نے الزام عائد کیا کہ ڈپٹی کمشنر (ڈی سی) سمیت انتظامی افسران عدالتی احکامات اور اسٹے آرڈرز پر عملدرآمد کرانے میں بے بس دکھائی دیتے ہیں، جبکہ ماتحت اہلکار اعلیٰ افسران کے احکامات ماننے سے انکاری ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ڈی سی قلعہ عبداللہ طویل عرصے سے تعیناتی ہونے کے باوجود ضلع کے 90 فیصد علاقوں کا دورہ کرنے میں ناکام رہے ہیں اور انتظامیہ کی رسائی صرف ڈی سی آفس تک محدود ہے۔ افغان قومی موومنٹ نے چیف جسٹس، گورنر، وزیر اعلیٰ اور چیف سیکرٹری سے مطالبہ کیا ہے کہ 1994 کے نوٹیفکیشن کے مطابق ضلعی ہیڈ کوارٹر کو فوری طور پر قلعہ عبداللہ منتقل کیا جائے تاکہ "جنگل کے قانون" کا خاتمہ اور امن کی بحالی ممکن ہو سکے۔

عمران خان رہائی امن موومنٹ کا قیام اہمیت کا حامل ہے، صادق آغا

کارکنان اور عوام اس تحریک کی کامیابی کیلئے بھرپور ساتھ دیں گے، سینئر نائب صدر

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے عمران خان رہائی امن موومنٹ کے قیام کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے موجودہ حالات میں ایک بروقت اور ناگزیر قدم قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں سیاسی استحکام، جمہوریت کی بحالی اور عوامی مینڈیٹ کے احترام کیلئے ایسی پرامن تحریکوں کا آغاز انتہائی ضروری ہو چکا ہے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے اس جرات مندانہ اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ قدم نہ صرف سیاسی شعور کو اجاگر کرے گا بلکہ ملک میں آئین و قانون کی بالادستی کیلئے بھی ایک مثبت پیش رفت ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پرامن اور آئینی جدوجہد ہی مسائل کا واحد حل ہے۔ سید صادق آغا نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کے کارکنان اور عوام اس تحریک کا بھرپور ساتھ دیں گے اور ہر فورم پر اپنے قائد عمران خان کی رہائی اور جمہوریت کے استحکام کیلئے آواز بلند کرتے رہیں گے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ملک کی بہتری اور عوام کے حقوق کے تحفظ کیلئے ہر ممکن کردار ادا کیا جائے گا۔

بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں ریلیف کا کام تیز کیا جائے، ڈی سی کیچ

دورے کے موقع پر پی ڈی ایم اے کو الرٹ اور ہنگامی اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے حالیہ بارشوں کے نتیجے میں ندی نالوں میں طغیانی اور ڈیموں میں پانی کی آمد کے بعد ہنگامی بنیادوں پر مختلف علاقوں کا دورہ کر کے صورت حال کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے اپنے عملے کے ہمراہ کیچ کور، سوراپ ڈیم، گروکی ڈیم اور ڈبلی بلوچ پل سمیت دیگر مقامات کا معائنہ کیا جہاں بارشوں کے نتیجے میں طغیانی کی صورتحال پیدا ہوئی تھی۔ اس موقع پر انہوں نے تربت کے علاقے گوکدان، ڈنک، بہمن اور دیگر متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور وہاں پر عوام سے ملاقات کی اور ان کے مسائل سنے اور نقصانات کا تخمینہ لگایا۔ اس دوران ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے متعلقہ حکام کو ہدایت جاری کی کہ ریلیف سرگرمیوں کو مزید تیز کیا جائے اور متاثرہ افراد کو فوری امداد فراہم کی جائے۔ انہوں نے ضلعی انتظامیہ اور پی ڈی ایم اے کو الرٹ رہنے اور ہنگامی اقدامات یقینی بنانے کی تاکید بھی کی۔ دورے کے دوران مقامی لوگوں نے ڈپٹی کمشنر کیچ کی بروقت آمد اور براہ راست مسائل سننے کے اقدام کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ان کے مسائل اعلیٰ حکام تک پہنچا کر موثر حل نکالا جائے گا۔

بارکھان، روایتی کوئلے والی چائے، ثقافتی مہمان نوازی کی منفرد علامت

بارکھان (یو این اے) بلوچستان کا خوبصورت ضلع بارکھان اپنی قدیم روایات اور مہمان نوازی کے لیے شہرت رکھتا ہے، جہاں کوئلے والی چائے محض ایک مشروب نہیں بلکہ محبت اور سماجی جڑت کا پیغام بن چکی ہے۔ جدید دور کے مہنگے کیفے اور برانڈیڈ کپوں کے برعکس، یہاں تانبے یا مٹی کے برتنوں میں کوئلے کی ہلکی آنچ پر تیار ہونے والی چائے اپنی مثال آپ ہے، جو ذائقے کے ساتھ ساتھ سادگی کی بھی حسین امتزاج پیش کرتی ہے۔ بارکھان کی اس روایتی چائے کی خاص بات اس کی عوامی اپروچ اور کم قیمت ہے، جہاں صرف 50 روپے کی ایک چھوٹی سی چینک تین افراد کے لیے کافی ہوتی ہے۔ مقامی لوگ قالینوں پر بیٹھ کر ایک ہی چینک سے چائے پیتے ہوئے نہ صرف علاقائی حال احوال بانٹتے ہیں بلکہ اہم سیاسی گفتگو اور قبائلی فیصلے بھی اسی چائے کی چسکیوں کے دوران طے پاتے ہیں۔

اظہار تعزیت

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) سردارزادہ میر امین جان بنگلزئی چیف آف ریناز زئی ٹکری مرتضیٰ خان بنگلزئی میر عمران بنگلزئی برمہ ہوٹل زمیندار روڈ رحیم کالونی بنگلزئی ہاؤس میں حاجی عبدالستار بنگلزئی کے بھائی حاجی عبدالقدوس بنگلزئی یار محمد بنگلزئی عبدالروف بنگلزئی کیوالد نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما عالم جان بنگلزئی محمد اکرم بنگلزئی محمد علی بنگلزئی کیماموں ممتاز قبائلی رہنما ٹرانسپورٹر بلوچستان ٹرک ایسوسی ایشن کے سینئر نائب صدر حاجی عبدالمجید (ریناز زئی) بنگلزئی کے وفات پہ تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔

چودھری محمد حمید وفات پا گئے

چودھری محمد حمید ریٹائرڈ ایس ڈی او واپڈا اقضائے الٰہی سے وفات پا گئے۔ وہ چودھری محمد عارف لائن مین II سریاب ڈویژن کوئٹہ محمد آصف LCI کے والد چودھری محمد ارشاد ریٹائرڈ لائن سپرنٹنڈنٹ واپڈا اسپیکر غوث ڈویژن کے چچا تھے۔ ان کی فاتحہ خوانی انکی رہائش گاہ سرکی روڈ رحمت کالونی کی مسجد میں جاری ہے۔

باران رحمت کوئٹہ کے مکینوں کیلئے باعث زحمت بن جاتی ہے

نالیوں کی بندش اور صفائی کے بحران کے باعث پانی گھروں میں داخل ہو جاتا ہے

نواں کلی، شالدرہ، جان محمد روڈ، عثمان کلا و دیگر علاقوں میں عرصہ دراز سے صفائی نہیں ہوئی

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ شہر میں بارشوں کے بعد سے مختلف علاقوں میں صفائی کے بحران کے باعث ندی نالوں کے پانی گھروں میں داخل ہو چکے ہیں، سب سے زیادہ متاثرہ علاقے شالدرہ، حاجی غیبی روڈ، جان محمد روڈ، عثمان کلاں و دیگر علاقے شامل ہیں جن علاقوں میں عرصہ دراز سے صفائی نہیں ہوئی ان علاقوں کے مکین ڈاکٹر حبیب اللہ کاکڑ، عبدالرحمان بڑیچ، حیات اللہ مبلغ و دیگر نے بتایا ہے کہ عید الفطر سے قبل ہی صفائی مہم چلائی تھی جو کہ نہیں چلایا گیا اب عید الاضحیٰ قریب ہے، جانوروں کے آلائشوں کا مسئلہ متوقع ہے متعلقہ حکام سنگین نوعیت کے اس اہم مسئلہ کا فی الفور نوٹس لیکر کارروائی کی جائے۔

اے این پی کے پارلیمانی لیڈر زمرک خان اچکزئی سول ہسپتال کوئٹہ میں قلعہ عبداللہ میں فائرنگ سے زخمی ہونے والے انسپکٹر پولیس علی محمد کی عیادت کر رہے ہیں

آئی جے ٹی صوبائی مجلس شوریٰ کا تین روزہ اجلاس منعقد ہوا

اجلاس میں تنظیم کے مرکزی و صوبائی ذمہ داران نے بھرپور شرکت کی

حقوق کیلئے آواز اٹھانے اور پرامن جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ

کوئٹہ (آن لائن) اسلامی جمعیت طلبہ کے صوبائی مجلس شوریٰ کا تین روزہ اہم اجلاس جماعت اسلامی کے صوبائی ہیڈکوارٹر میں منعقد ہوا، جس میں تنظیم کے مرکزی و صوبائی ذمہ داران نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس کی صدارت ناظم صوبہ احسان اللہ ناصر نے کی جبکہ سیکرٹری صوبہ ایاز خان کاکڑ بھی ان کے ہمراہ موجود رہے۔ اجلاس میں ناظم کوئٹہ اخونزادہ عطاء الرحمن، اسسٹنٹ سیکرٹری صوبہ جنید ابراہیم، سیکرٹری کوئٹہ نصیب اللہ، صدر بزم ساتھی برہان صادق، نگران جامعات شاہد علی، نگران شمالی ریجن رفیع اللہ کاکڑ، ناظم نصیر آباد ریاض بگٹی، ناظم ژوب معین کاکڑ، ناظم لورالائی خدائے نور، ناظم پشین نعمت اللہ کھرل، ناظم خانوزئی کلیم اللہ، انچارج میڈیا روح اللہ خلجی اور انچارج تنظیم دین محمد بلوچ سمیت دیگر ذمہ داران شریک ہوئے۔ اجلاس کے دوران تنظیمی فعالیت، طلبہ میں شعور بیدار کرنے، اور تعلیمی اداروں میں مثبت و تعمیری کردار ادا کرنے کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیکر مشاورت و فیصلے کیے گئے۔ شرکا نے طلبہ سیاست پر عائد پابندیوں کو جمہوری و تعلیمی اقدار کے منافی قرار دیتے ہوئے اس پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور اس پابندی کے خاتمے کے لیے آئندہ لائحہ عمل پر غور کیا۔ اجلاس میں طلبہ کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر سطح پر آواز اٹھانے اور پرامن جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ اجلاس کے اختتام پر تنظیمی استحکام، طلبہ کے مسائل کے حل، اور تعلیمی ماحول کی بہتری کے لیے متعدد اہم فیصلے بھی کیے گئے، جن پر جلد عملدرآمد شروع کیا جائے گا۔

مسلم لیگ (ن) عوام کی بلاامتیاز خدمت کر رہی ہے، سید جہانگیر شاہ

بلاامتیاز رنگ و نسل خدمت کا سفر صوبائی صدر شیخ جعفر خان مندوخیل کی قیادت میں جاری ہے

صوبائی صدر جامع ترقی و خوشحالی کیلئے کوشاں ہیں اور عوام انکی کارکردگی کے معترف ہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما سید جہانگیر شاہ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) صوبائی صدر شیخ جعفر خان مندوخیل کی قیادت میں عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کر رہی ہے، صوبائی صدر صوبے کی ترقی و خوشحالی کیلئے خصوصی دلچسپی لے رہے ہیں اور عوام انکی کارکردگی سے خوش ہیں انہیں تبدیل کرنے کا خواب دیکھنے والوں کو منہ کی کھانی پڑے گی۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو یہاں ملاقات کرنے والے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے کارکنوں رفیق احمد بگٹی، نور محمد حسنی، روزی خان، شاہد، ولی محمد اور دیگر سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پاکستان مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت قائم ہے اور دونوں بڑی سیاسی جماعتوں کے درمیان اڑھائی اڑھائی سال معاہدہ موجود ہے آنے والے اڑھائی سال میں بلوچستان کے وزیر اعلیٰ مسلم لیگ (ن) ہونگے اور پارٹی کے کارکنوں نے وزیر اعلیٰ کیلئے صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی کا نام پارٹی کی اعلیٰ قیادت کو دیا ہے اور انشاء اللہ میر شعیب نوشیروانی ہی بلوچستان کے آئندہ وزیر اعلیٰ ہونگے۔

کوئٹہ ایئرپورٹ روڈ پر بنائے گئے ماڈل کا خوبصورت منظر

ترقیاتی منصوبے مقررہ وقت کے اندر مکمل کیے جائیں، ڈی سی گوادر

نقیب اللہ کاکڑ نے منصوبوں کی پیش رفت، معیار تعمیر اور ٹائم لائنز کا معائنہ کیا

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ نے پی ایس ڈی پی کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا اور مختلف جاری کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے منصوبوں کی پیش رفت، معیار تعمیر اور مقررہ ٹائم لائنز کا بغور معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران اور انجینئرز کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ تمام ترقیاتی منصوبے مقررہ وقت کے اندر مکمل کیے جائیں اور کام کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے اس موقع پر زور دیا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں بہتری آئے گی، لہٰذا تمام متعلقہ محکمے باہمی رابطہ اور مؤثر حکمت عملی کے تحت کام کو آگے بڑھائیں۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ منصوبوں کی مسلسل مانیٹرنگ کو یقینی بنایا جائے تاکہ کسی بھی قسم کی کوتاہی یا تاخیر سے بچا جا سکے اور عوام کو جلد از جلد ان منصوبوں کے ثمرات فراہم کیے جا سکیں۔

بیلا، غیر معیاری مضر صحت قلفیوں کی فروخت بند کرائی جائے

عوام کا فوڈ اتھارٹی حکام سے کریک ڈاؤن اور سخت کارروائی کا مطالبہ

بیلا (یو این اے) غیر معیاری اور کیمیکل سے تیار کردہ مضر صحت قلفیوں کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف فوری اور سخت کارروائی کی جائے شہر اور مضافات میں مبینہ طور پر غیر معیاری اور کیمیکل سے تیار کردہ مضر صحت قلفیاں بیماریوں کا باعث بن رہی ہیں ایسی مضر صحت اشیاء نہ صرف عوامی صحت کے لیے خطرہ ہیں بلکہ مختلف بیماریوں کے پھیلاؤ کا سبب بھی بن سکتی ہیں عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ فوڈ اتھارٹی اور متعلقہ ادارے ان عناصر کے خلاف کارروائی کریں قلفی بنانے اور فروخت کرنے والے مراکز کی جانچ پڑتال کی جائے اور جو لوگ حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی کرتے پائے جائیں ان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے شہریوں کو بھی چاہیے کہ وہ احتیاط سے کام لیں، صرف معیاری اور مستند دکانوں سے اشیائے خورد و نوش خریدیں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ حکام کو دیں تاکہ بیماریوں سے بچا ممکن بنایا جا سکے۔

کوئٹہ، صوبائی دارالحکومت میں گھنے بادلوں اور بارش کا دلکش منظر

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کا شناختی کارڈ بحال

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار محمد عیسیٰ کے بیٹے اکرام اللہ کا بلاک شناختی کارڈ کھلوا دیا گیا۔ شکایت گزار نے بتایا کہ اس کا CNIC بغیر کسی جواز کے بلاک کر دیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ وہ نادرا آفس کے کئی چکر لگا چکے اور تمام مطلوبہ فارمیلٹیز کو مکمل کر چکے۔ مگر اس کے باوجود کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر سے رابطہ کیا اور متعلقہ محکمے کی تاخیر اور عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے بیٹے کا شناختی کارڈ فوری بحال کیا جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کا بلاک شناختی کارڈ بحال کر دیا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

مدارس میں نئے تعلیمی سال کے داخلوں کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے، محمد ابراہیم

کوئٹہ (آن لائن) مولانا سید محمد ابراہیم آغا نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ مدارس میں نئے تعلیمی سال کے داخلوں کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ طلباء کو ناظرہ و حفظ القرآن شعبہ کتب و دینی تعلیم عربی تکلم رد الحاد اور ختم نبوت کے کورسز اور کمپیوٹر کی تعلیم فراہم کی جاتی ہے۔ طلباء کی صرف علمی تعلیم نہیں بلکہ دینی اخلاق اور عملی تربیت پر بھی توجہ دیتا ہے تاکہ نوجوان معاشرے میں مضبوط کردار اور اسلامی شعور کے ساتھ اپنا مثبت کردار ادا کر سکیں والدین اور خواہش مند طلباء کے لئے یہ ایک سنہری موقع ہے کہ وہ اپنے بچوں کو قرآن و عملی علم کے زیور سے آراستہ کریں نوجوانوں کی شخصیت اور کردار سازی میں مدد کریں اور انہیں قرآن و تربیت کے حسین امتزاج میں تیار دیکھیں ناظم تعلیمات سید محمد ابراہیم آغا نے کہا کہ داخلے ہر عمر اور سطح کے طلباء کے لئے کھلے ہیں اور یہاں بچوں اور نوجوانوں کو تربیتی ورکشاپس گروپ سیشنز اور عملی مشقوں کے ذریعے بہترین تعلیمی ماحول فراہم کیا جاتا ہے جامعہ میں تعلیم کے ساتھ ساتھ اخلاقی تربیت عبادات کی مشق اور عملی قرآن پر عمل پر بھی زور دیا جاتا ہے تاکہ طلباء نہ صرف علم میں ماہر ہوں بلکہ عمل اور کردار میں بھی مضبوط ہوں۔

ملک ریاض احمد مگسی کی شادی کی پرمسرت تقریب میں عمائدین کی شرکت

کوئٹہ (آئی این پی) ملک ریاض احمد مگسی کی شادی کی پرمسرت تقریب میں سیاسی، قبائلی اور سماجی شخصیات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر غلام نبی مری، ضلع کوئٹہ آرگنائزنگ کمیٹی کے ممبر غلام مصطفیٰ مگسی، سینئر رہنما ثنا مسرور بلوچ، دولت خان مگسی، ستار شکاری، ملک نصیر احمد گرگناڑی، میر علی احمد گرگناڑی اور امام حسین سالاتی شریک ہوئے۔ اسی طرح آل بلوچستان مگسی قومی اتحاد کے مرکزی صدر میر محراب خان مگسی، مرکزی سینئر نائب صدر میر ذوالفقار علی مگسی اور مرکزی جنرل سیکرٹری سمندر خان مگسی نے بھی شرکت کی۔ مزید برآں بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن سنگت الٰہی بخش بلوچ اور پاکستان نیشنل پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے اراکین نگری زادہ علی مینگل، شوکت بلوچ اور فتح سورابی بھی اس خوشی کے موقع پر موجود تھے۔ قبائلی رہنماؤں میں میر ہزار خان سالاتی، میر علی محمد لہڑی، حاجی نیک محمد ساسولی اور علمائے کرام نے بھی شرکت کر کے دولہا کو مبارکباد دی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

وندر میں منشیات اور چوری کی بڑھتی وارداتیں روکی جائیں، جمعیت

وندر (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام تحصیل سونمیانی وندر کے مجلس عاملہ کا ایک اہم اجلاس امیر جمعیت علمائے اسلام تحصیل سونمیانی وندر مفتی امین اللہ جتوری کے منعقد ہوا جس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا تلاوت کی سعادت حافظ کریم بخش نے حاصل کی۔ اجلاس میں وندر شہر تحصیل سونمیانی اور وام کے عوامی مسائل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ مجلس عاملہ کے اراکین نے اپنے اپنے علاقوں کے مسائل پیش کیے اور ان کے حل کے لیے مختلف تجاویز دیں اجلاس میں وندر شہر اور مضافاتی علاقوں میں منشیات اور دیگر سماجی برائیوں مختلف مقامات پر مبینہ طور پر قائم منشیات اور سماجی برائیوں کے اڈوں سمیت آئے روز چوری چکاری کی وارداتوں کے بڑھتے ہوئے رجحان پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس کے شرکا سے امیر جمعیت علمائے اسلام تحصیل سونمیانی وندر مفتی امین اللہ جتوری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ صورتحال نہ صرف معاشرتی اقدار کے لیے خطرہ ہے بلکہ نوجوان نسل کے مستقبل کو بھی داؤ پر لگا رہی ہے۔ وندر میں سماجی برائیوں میں اضافہ ایک انتہائی سنگین مسئلہ بنتا جا رہا ہے آئے روز اہل علاقہ کی جانب سے شکایات موصول ہو رہی ہیں تاہم متعلقہ اداروں کی جانب سے مؤثر اقدامات کا فقدان نظر آ رہا ہے۔ انہوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ اس بگڑتی ہوئی صورتحال کا فوری نوٹس لیا جائے اور سماج دشمن عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے انہوں نے خبردار کیا کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو جمعیت علمائے اسلام احتجاج کا آئینی و جمہوری حق استعمال کرنے پر مجبور ہوگی

ڈیرہ بگٹی: ایم جی ایچ کیو بیکڑ کو جدید مشینری فراہم

ایکسرے یونٹ، اینستھیزیا مشین، کیمسٹری اینالائزر اور الٹراساؤنڈ مشین فراہم

علاقہ مکینوں نے طبی سہولیات کی فراہمی پر انتظامیہ اور محکمہ صحت کی کارکردگی کو سراہا

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی نے محکمہ صحت کے ہمراہ اہم کوآرڈینیشن میٹنگ کی، جس میں ضلع میں طبی سہولیات کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ بعد ازاں، ڈپٹی کمشنر نے ڈی ایچ او کے ہمراہ MGQH بیکڑ کا دورہ کیا اور لیبر روم کے لیے حفظان صحت (Hygienic) کٹس تقسیم کیں۔ اس موقع پر ہسپتال کے لیے جدید طبی مشینری بشمول ایکسرے یونٹ، اینستھیزیا مشین، کیمسٹری اینالائزر اور الٹراساؤنڈ مشین فراہم کی گئی، جو علاقے میں علاج معالجے کے معیار کو بہتر بنانے میں کلیدی کردار ادا کریں گی۔ دورے کے دوران پولیو مہم کے حوالے سے 'ریڈینس میٹنگ' بھی منعقد ہوئی جس میں مائیکرو پلاننگ اور UPEC امور پر مشاورت کی گئی۔ تقریب کے دوران ڈی ایچ او ڈیرہ بگٹی، ڈاکٹر اعظم مسوری بگٹی کی پیشہ ورانہ خدمات اور قلیل عرصے میں محکمہ صحت میں کی جانے والی اصلاحات کو بھرپور طریقے سے سراہا گیا۔ علاقہ مکینوں نے طبی سہولیات کی فراہمی پر انتظامیہ اور محکمہ صحت کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔

نواں کلی میں جابجا گندگی کے ڈھیر، سڑکیں خستہ حال

متعدد گلیاں اور محلے تاحال پختہ سڑکوں سے محروم، کوئی پرسان حال نہیں

عوام کو آمد و رفت میں شدید دشواری، متعلقہ حکام نوٹس لیں، اہل علاقہ

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) نواں کلی میں عوام کو مختلف مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، علاقے میں مختلف مقامات پر گندگی کے ڈھیر لگے ہیں، جبکہ گلی محلوں میں سڑکوں کی حالت بھی انتہائی خستہ حال ہے۔ عوام دور جدید میں بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ جابجا گندگی کے ڈھیر لگے ہیں جبکہ صفائی کے عملے نے طویل عرصے سے علاقے کا رخ نہیں کیا۔ نواں کلی مین بائی پاس روڈ پر بھی مختلف مقامات پر کچرے کے ڈھیر لگے ہیں، جبکہ اندرونی علاقوں میں تو صورتحال انتہائی افسوسناک ہے۔ جابجا گندگی کے ڈھیر کے باعث علاقہ کچرے کے ڈھیر کا منظر پیش کرتا ہے جبکہ اکثر گلی محلوں میں سڑکیں پختہ نہ ہونے کی وجہ سے علاقے میں معمولی بارش کے باعث کیچڑ اور بدبو سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ آمد و رفت میں بھی شدید دشواری کا سامنا رہتا ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے اپیل کی کہ فی الفور علاقے کے مسائل کے حل پر توجہ دی جائے۔

کوئٹہ: قبائلی رہنما، ملک سہیل خان بازئی کے والد عادل بازئی کے دادا ملک سیف اللہ بازئی کی وفات پر سردار شیر باز ساتکزئی، سردارزادہ اشرف ساتکزئی فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

کوئٹہ کے وسطی علاقوں میں بجلی کی گھنٹوں بندش کا سلسلہ جاری

جناح روڈ، اسٹیورٹ روڈ، کواری روڈ دیگر میں دن بھر بجلی بند رہنا معمول بن چکا ہے

کاروباری سرگرمیاں ماند پڑ گئیں، وزیر اعلیٰ اور چیف جسٹس سے نوٹس لینے کا مطالبہ

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) کوئٹہ کے اکثر نواحی اور وسطی علاقوں میں بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کو شدید اذیت میں مبتلا کر رکھا ہے۔ گرمیوں کی آمد سے قبل ہی کیسکو حکام کی جانب سے بجلی کی طویل و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے واضح ہے کہ حکام کی جانب سے ترقیاتی منصوبوں اور بعض علاقوں کو بجلی لوڈشیڈنگ سے استثنیٰ کے دعوے صرف بیانات تک محدود ہیں زمینی حقائق سے کمپنی کے دعوؤں کا کوئی تعلق نہیں۔ کوئٹہ کے علاقے جناح روڈ اسٹیورٹ روڈ، کواری روڈ، جان محمد روڈ قندھاری محمد روڈ و دیگر مقامات پر عید کے بعد سے صبح سے شام تک بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ سے معمولات زندگی شدید متاثر ہونے ہونے لگے ہیں دوسری جانب کاروباری سرگرمیاں بھی ماند پڑ گئی ہیں۔ اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ باقاعدگی کیساتھ بھاری بھر کم بلوں کی ادائیگی کے باوجود دن بھر بجلی کی بندش سمجھ سے بالاتر ہے۔ حکام کی جانب سے آئے روز سوشل میڈیا اور اخباری بیانات میں بجلی کے ترقیاتی منصوبے مکمل کرنے اور بعض علاقوں کو بجلی سے استثنیٰ کے بڑے بڑے دعوے تو کئے جاتے ہیں مگر زمینی حقائق یکسر مختلف ہیں۔ بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کا سلسلہ تاحال جاری ہے اور شہر کے اکثر علاقے ہی بجلی کی سہولت سے گھنٹوں محروم رہتے ہیں۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ اور دیگر حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ فی الفور بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ اور بھاری بھر کم بلوں کی ترسیل کا فوری نوٹس لیا جائے اور کیسکو حکام کو بلوں کی وصولی والے علاقوں میں بلا تعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنانے کا پابند کیا جائے۔

اسلامیہ ہائی سکول کا نئے تعلیمی سال کیلئے داخلہ مہم کا آغاز

یہ مثبت کاوش علاقے کے طلبہ کو بہتر تعلیمی مواقع فراہم کرنے کی عکاسی کرتی ہے

والدین کیلئے لازم ہے کہ وہ بچوں کی تعلیم سے متعلق بروقت درست فیصلے کریں

کوئٹہ (آئی این پی) اسلامیہ ہائی سکول میکانگی روڈ کی جانب سے نئے تعلیمی سال کے لیے داخلہ مہم کا آغاز اسی سلسلے کی ایک مثبت کاوش ہے، جو علاقے کے طلبہ کو بہتر تعلیمی مواقع فراہم کرنے کی عکاسی کرتی ہے۔ آج کے دور میں والدین کے لیے یہ نہایت ضروری ہو گیا ہے کہ وہ اپنے بچوں کی تعلیم کے حوالے سے بروقت اور درست فیصلے کریں۔ اسکول انتظامیہ کی جانب سے داخلہ ٹیسٹ کا انعقاد اور میرٹ کی بنیاد پر داخلے دینا اس بات کا ثبوت ہے کہ ادارہ معیار تعلیم پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتا۔ یہ عمل نہ صرف طلبہ میں مسابقتی جذبہ پیدا کرتا ہے بلکہ تعلیمی معیار کو بھی بلند کرتا ہے۔ مزید برآں سپورٹس کوٹہ کے تحت داخلوں کی سہولت اس امر کی غمازی کرتی ہے کہ اسکول انتظامیہ طلبہ کی ہمہ جہت صلاحیتوں کو فروغ دینے پر یقین رکھتی ہے۔ کھیلوں میں مہارت رکھنے والے طلبہ کے لیے یہ ایک بہترین موقع ہے کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو نکھاریں اور تعلیمی میدان کے ساتھ ساتھ کھیل کے شعبے میں بھی آگے بڑھیں۔ سپورٹس کوٹہ پر داخلے کے لیے طلبہ اور والدین کو چاہیے کہ وہ اسپورٹس انچارج وحید خان اچکزئی اور داخلہ کمیٹی سے ضرور رابطہ کریں تاکہ مکمل رہنمائی حاصل کی جا سکے۔ والدین کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور اپنے بچوں کے روشن مستقبل کے لیے بروقت اقدامات کریں۔ تعلیم اور کھیل کا امتزاج ہی ایک متوازن اور کامیاب شخصیت کی تشکیل میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔

وزیر اعلیٰ لواحقین کے کوٹے پر عملدرآمد کرنے کی ہدایت کریں، اسرار احمد رونجھو

لواحقین نے کوٹے کے تحت بھرتی کے لے درخواستیں جمع کیں جو تعطل کا شکار رہیں

بیلا (یو این اے) معزز عدالت کے فیصلے کی روشنی میں لواحقین کوٹے پر عمل درآمد کیا جائے فوت شدہ سرکاری ملازمین کے لواحقین کی بھرتیاں یقینی بنا کر نہیں عدالت کے فیصلے پر عمل اور غریب لواحقین کو حق دلایا جائے ان خیالات کا اظہار گوٹھ وکیلانی چیپ بیلا کے رہائشی لواحقین کوٹے پر بھرتی کے امیدوار مولوی اسرار احمد رونجھو نے یہاں مقامی صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ مجھ سمیت کئی لواحقین نے کوٹے کے تحت بھرتی کے لے درخواستیں جمع کیں جو تعطل کا شکار رہیں اب معزز نہیں عدالت نے سی پی نمبر 2025 of 353 and _589_438_347_435 91_6_267_and130_359 FCPLA مورخہ 27 فروری 2026 کے تحت فیصلہ صادر فرمایا ہے کہ 18 اکتوبر 2024 سے پہلے فوت شدہ ملازمین کے لواحقین کے التوا میں پڑے کیسز پر فوری تقرری عمل میں لائی جائے مولوی اسرار احمد رونجھو وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ اس معاملے فوری حل کر کے لواحقین کو ان کا حق ادا کریں اور قانون و انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں۔

سمیع اللہ زرکون کی سوشل سیکٹر میں خدمات قابل تحسین ہیں

جلد صحت یابی کے لیے دعا گو اور نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہیں، سول سوسائٹی

دھادر (آن لائن) عوامی اور سول سوسائٹی کے حلقوں نے بلوچستان کے نامور اور معروف سوشل ایکٹیوسٹ و رہنما میر سمیع اللہ زرکون کی گزشتہ دنوں ایک حادثے میں زخمی ہونے پر بے حد تشویش کا اظہار کرتے ہوئے شکر ادا کی اتنے بڑے حادثے میں انکی جان محفوظ رہی۔ سول سوسائٹی کے نمائندوں کا مزید کہنا تھا کہ سمیع زرکون کی بلوچستان بھر میں عوامی فلاح و بہبود اور ترقی کے لیے مختلف اقدامات و پراجیکٹس سے انکار ممکن نہیں موصوف کی دہائیوں پر مشتمل سوشل اور ڈویلپمنٹ سیکٹر میں بیش بہا خدمات ہیں جہاں انہوں نے کئی بے سہاراوں کو سہارا دیا اور اس فیلڈ میں کئی نامور پیشہ ورانہ نوجوان پیدا کیے اور انھیں باعزت روزگار فراہم کرنے میں ہمیشہ اپنا مثبت کردار ادا کیا۔ سماجی حلقوں نے انکی جلد صحت یابی کے لیے دعا اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

اسلام آباد: پاکستان ترکیہ مصر اور سعودی عرب کے وزرائے خارجہ افتتاحی تقریب میں شرکت کیلئے آرہے ہیں

عوام کو خوبصورت شہر نوکنڈی کا تحفہ دینے کے ویژن پر عمل پیرا ہیں، صادق سنجرانی

چاغی کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے ماضی کی طرح ہر ممکن کوشش کررہے ہیں

نوکنڈی بازار، بائی پاس کے دکانداروں کے سے ملاقات کے موقع سابق چیئرمین سینٹ اور رکن اسمبلی کی بات چیت

نوکنڈی (آن لائن) ضلع چاغی حاجی صادق سنجرانی نے آج نوکنڈی بازار میں دکانداروں سے ملاقات کرتے ہوئے کہا کہ چاغی کے عوام نے جو اعتماد کر کے الیکشن میں ہمیں بھاری اکثریت سے کامیاب کیا تھا ہمارے دروازے ہر وقت عوام کے لئے کھلے رہیں گے...

دنیا بھر میں عالمی زیرو ویسٹ ڈے آج منایا جائے گا

اسلام آباد (آئی این پی) دنیا بھر میں 30 مارچ کو انٹرنیشنل ڈے آف زیرو ویسٹ منایا جا رہا ہے جس کا مقصد کچرے میں کمی اور ماحول کے تحفظ کیلئے شعور اجاگر کرنا ہے۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے 2022 میں اس دن کو باقاعدہ طور پر منانے کا اعلان کیا تھا۔ اس دن کے ذریعے حکومتوں، اداروں اور عوام کو پائیدار طرز زندگی اپنانے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ ماہرین کے مطابق دنیا میں ہر سال اربوں ٹن کچرا پیدا ہوتا ہے جو ماحولیاتی آلودگی کا بڑا سبب ہے۔ اس موقع پر حسب معمول پاکستان بھر اور مختلف ممالک میں آگاہی مہمات اور تقریبات کا انعقاد کیا گیا ہے۔

فیصل کریم کنڈی کی تنویر حسین کی صاحبزادی کی شادی میں شرکت

نیشنل پولیس ہسپتال کا تعمیراتی کام میں تیزی لائی جائے، آئی جی اسلام آباد

ہسپتال کی تعمیر سے پولیس افسران، ان کے اہلخانہ سمیت عام شہری مستفید ہوسکیں گے

پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں زیر تعمیر نیشنل پولیس ہسپتال کے دورہ کے موقع پر سید علی ناصر رضوی کی ہدایت

ظہیر عمرانی کی زیر نگرانی ریٹائرڈ ملازمین کیلئے الوداعی تقریب

ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر نصیر آباد کی جانب سے پروقار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا

ڈپٹی کمشنر، اسسٹنٹ کمشنر اور افسران نے تقریب میں شرکت کر کے ریٹائرڈ ملازمین کو خراج تحسین پیش کیا

عالمی ورلڈ بائی پولر ڈے دنیا بھر میں آج منایا جا رہا ہے

ذہنی صحت سے متعلق آگاہی پر زور، مریضوں کی مدد کی مہم

گوادر: ایڈیشنل سیکرٹری اشفاق بلوچ اور ڈی سی نقیب اللہ کاکڑ طبی مسائل پر افسران کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ژوب کے نمائندے عوام کی بجائے اپنے ذاتی مسائل حل کر رہے ہیں، مرتضیٰ کاکڑ

قومی، صوبائی اسمبلیوں میں موثر نمائندگی کے باوجود عوام بنیادی سہولیات سے محروم ہیں

جماعت اسلامی ژوب کے مرکز میں منعقدہ عید ملن پارٹی سے صوبائی جنرل سیکرٹری کا خطاب

اسلام آباد پولیس نے رواں ہفتے 48 سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز کیے

221 مشکوک افراد کو جانچ پڑتال کیلئے متعلقہ تھانوں میں منتقل بھی کیا گیا

1829 گھروں، 93 ہوٹلوں اور 548 دکانوں کو چیک کیا گیا، پولیس کا اعلامیہ

ایرانی جوہری تنصیبات پر حملے عالمی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے، سینیٹر عبدالقادر

حملہ معمولی عسکری کاروائی نہیں بلکہ ایک ممکنہ انسانی و ماحولیاتی بحران کی بنیاد بن سکتا ہے

اثرات سرحدوں سے ماورا ہو کر پوری دنیا کو متاثر کر سکتے ہیں، چیئرمین قائمہ کمیٹی دفاعی پیداوار

خضدار: قبائلی شخصیات کی پیپلز پارٹی میں شمولیت، بی این پی کو دھچکا

وڈھ سہمر، سراجو اور پیچوڑ سے مختلف قبائل کے رہنماؤں نے شمولیت اختیار کی

عمائدین نے میر شفیق الرحمن مینگل سے ملاقات میں پیپلز پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا

لاہور، شاپ رابری میں ملوث میاں بیوی گرفتار

لورالائی: ڈی ای او عبدالحمید ابزوا لاؤڈ اسپیکر کے ذریعے اسکول داخلہ مہم کے دوران شہریوں کو پیغام دے رہے ہیں

فیکن کا سندھ میں معلومات تک رسائی کے قانون میں فوری اصلاحات کا مطالبہ

جہانگیر ترین شوگر کین بریڈنگ اینڈ ریسرچ سنٹر میں فلاورنگ کا معائنہ کررہے ہیں

غیر منظور شدہ نمبر پلیٹ لگانے کے خلاف کریک ڈاؤن

شہریوں کی سہولت کے پیش نظر یکم اپریل 2026 تک مہلت دی گئی

اسلام آباد صرف امیروں کیلئے بنا تھا یہی ثابت کیا جا رہا ہے، ایچ آر سی پی

15 سال سے سی ڈی اے کو کہہ رہے ہیں غریبوں کو نہ نکالو، نسیم اظہر و دیگر

عوام پاکستان پارٹی کے صوبائی انتخابات مکمل، 16 اراکین منتخب

انتخابی عمل 26 مارچ سے 28 مارچ تک آن لائن ووٹنگ کے ذریعے مکمل ہوا

نومنتخب مرکزی اراکین بلوچستان کے عوام کی حقیقی نمائندگی کریں گے، صوبائی اعلامیہ

گوادر: ڈی سی نقیب اللہ کاکڑ زیر تعمیر ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کررہے ہیں

پشتون علاقوں میں قائم نئے اضلاع متنازعہ قرار، عوام سراپا احتجاج

رکن اسمبلی نے مانی خواہ میں ہیڈ کوارٹر کا افتتاح کردیا، مخالف گروپ میدان میں آگیا

نئے اضلاع اور ہیڈ کوارٹر کو تبدیل یا برقرار رکھنے کے فیصلوں میں عوام کو اعتماد میں لیا جائے، مطالبہ

سوشل میڈیا کا غلط استعمال اخلاقی زوال کو فروغ دے رہا ہے، مولانا عبدالمنان

سوشل میڈیا کو دعوت دین اور اصلاح معاشرہ کا ذریعہ بنایا جائے، حافظ محمد صدیق مدنی

مثبت استعمال وقت کی اہم ضرورت ہے منفی رجحانات سے بچنا ہوگا، ضلعی چیئرمین آمان اللہ

ڈپٹی کمشنر کی فوری کارروائی، زیارت کوئٹہ روڈ پر ٹریفک بحال

ڈائیورژن پر ٹرک پھسلنے سے ٹریفک کی روانی شدید متاثر، مسافروں کو مشکلات

ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی نے واقعے کا فوری نوٹس لے کر ہدایات جاری کیں

مجلس وحدت مسلمین کا ڈیرہ مراد جمالی بائی پاس کا مطالبہ

بائی پاس نہ ہونے سے شہر میں بھاری ٹریفک اور روزمرہ مشکلات میں اضافہ

اسکولوں، ہسپتالوں اور بازاروں کے قریب ٹریفک دباؤ خطرناک صورتحال اختیار کر گیا

نیشنل پارٹی کا خضدار اجلاس، این اے 256 الیکشن پر غور

ضلعی صدر رئیس بشیر احمد مینگل کی زیر صدارت سینئر باڈی اجلاس منعقد ہوا

اجلاس میں سردار محمد اسلم بزنجو، میر شاوس بزنجو اور شکیل بلوچ نے شرکت کی

ضلع تا یونین سطح پر طبی سہولیات کو اپ گریڈ کیا جا رہا ہے، اسپیشل سیکرٹری صحت

گوادر میں جاری مختلف ورٹیکل پروگرامز کی کارکردگی، عملے کی حاضری بارے تفصیلی بریفنگ

اجلاس میں خالی آسامیوں، خصوصاً گائناکالوجسٹ اور اسپیشل کیڈر کی تعیناتی پر تفصیلی غور کیا گیا

اسٹریٹ چلڈرن کی سرپرستی مشترکہ معاشرتی ذمہ داری ہے، کلثوم ثناء

محکمہ سماجی بہبود لاوارث بچوں کی تعلیم و نگہداشت کے لئے اقدامات کو مزید بہتر کریں

ہر بچہ معاشرتی جبر کی منہ بولتی کہانی ہے انہیں مل کر ان کی کہانیوں کو سنیں، ڈائریکٹر وومن امپاورمنٹ

کوئٹہ: ایئرپورٹ روڈ پر آسمان پر بادلوں کا خوشگوار منظر

سید زادی اماں گودی کی برسی، روحانی محفل اور دعا

گوٹھ درگی میں برسی کے موقع پر محفل حمد و نعت کا اہتمام کیا گیا

تقریب کی صدارت پروفیسر سمیع اللہ کھوسہ نے کی اور مہمانوں نے شرکت کی

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبرز:۔2835934-2830228
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

پیر 30 مارچ 2026ء

چار فریقی وزرائے خارجہ اجلاس: بحران کا واحد حل مکالمہ اور مذاکرات!!

مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی کم کرنے کے لئے پاکستان کی میزبانی میں اسلام آباد میں گزشتہ روز اہم بیٹھک ہوئی ہے جس میں پاکستان، سعودی عرب، مصر اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ نے شرکت کی، فریقین نے تنازعات مذاکرات کے ذریعے حل کرنے پر اتفاق کیا اجلاس میں شرکت کے لئے سعودی وزیر خارجہ خصوصی طیارے کے ذریعے اسلام آباد کے نور خان ایئر بیس پہنچے۔ بعدازاں پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور مصر کے وزرائے خارجہ کے درمیان اعلیٰ سطح مشاورتی اجلاس ہوا۔ یہ اجلاس نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی دعوت پر منعقد ہوا جس میں خطے کی بدلتی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ ادھر سعودی عرب کے وزیر خارجہ نے وزیراعظم ہاؤس میں شہباز شریف سے ملاقات کی ہے جس میں خطے میں قیام امن کے حوالے سے بات کی گئی پاکستان کی جانب سے سعودی عرب کے ساتھ مکمل اور غیر متزلزل یکجہتی اور حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے، وزیراعظم نے موجودہ بحران کے دوران سعودی عرب کی جانب سے اختیار کردہ غیر معمولی تحمل کو سراہا اور یقین دہانی کرائی کہ پاکستان ہمیشہ سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑا رہے گا۔ چار فریقی وزرائے خارجہ اجلاس میں مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی کو کم کرنے اور تنازعات کو مذاکرات کے ذریعے حل کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ یہ امر نہایت خوش آئند ہے کہ تمام فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ مسائل کا دیرپا حل طاقت کے استعمال میں نہیں بلکہ مکالمے، سفارتکاری اور باہمی احترام میں پوشیدہ ہے۔ مذاکرات کا پہلا دور مکمل ہو چکا ہے اور آئندہ دور میں پیش رفت کا جائزہ لیا جائے گا اس اہم اجلاس کی میزبانی ہم سب کے لئے باعث فخر ہونی چاہئے ایک ایسے وقت میں جب مشرق وسطیٰ مسلسل کشیدگی، تنازعات اور غیر یقینی صورتحال کا شکار ہے، پاکستان کا یہ اقدام امید کی ایک کرن بن کر ابھرا ہے۔ یہ حقیقت کسی سے پوشیدہ نہیں کہ پاکستان نے ہمیشہ عالمی اور علاقائی سطح پر امن، استحکام اور مکالمے کو فروغ دینے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ اسلام آباد میں ہونے والا یہ اجلاس اسی تسلسل کی ایک مضبوط کڑی ہے۔ اجلاس کے موقع پر نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی ترکیہ کے وزیر خارجہ ہاکان فدان اور مصر کے وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں بھی نہایت اہمیت کی حامل ہیں۔ ان ملاقاتوں میں نہ صرف دوطرفہ تعلقات بلکہ خطے کی مجموعی صورتحال پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تاریخی، برادرانہ اور ثقافتی رشتے کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ اس بات کی دلیل ہے کہ پاکستان اپنی خارجہ پالیسی میں دیرپا تعلقات اور مشترکہ مفادات کو کس قدر اہمیت دیتا ہے۔ اسی طرح مصر کے ساتھ روابط میں بہتری اور تعاون کا فروغ بھی ایک مثبت پیش رفت ہے جو مسلم دنیا کے اتحاد کو تقویت دے سکتی ہے۔ علاقائی صورتحال پر گفتگو کے دوران ایران کی موجودہ حالت سمیت دیگر اہم پیش رفت پر غور کیا گیا اور اس بات پر زور دیا گیا کہ خطے میں امن و استحکام کے لئے مسلسل سفارتی روابط اور مذاکرات ناگزیر ہیں۔ یہ موقف نہایت دانشمندانہ ہے کیونکہ ماضی کے تجربات یہ ثابت کرتے ہیں کہ جنگیں مسائل کو حل کرنے کے بجائے مزید پیچیدہ بنا دیتی ہیں۔ اس کے برعکس مکالمہ اور سفارتکاری ہی وہ راستہ ہے جو دیرپا امن کی ضمانت فراہم کر سکتا ہے۔ دوسری جانب سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان کی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات بھی اس سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔ وزیراعظم نے سعودی قیادت کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے پاکستان کی جانب سے مکمل اور غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا۔ موجودہ بحران کے دوران سعودی عرب کی جانب سے اختیار کئے گئے تحمل کو سراہنا دراصل ایک متوازن اور ذمہ دارانہ سفارتی رویے کی تعریف ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ سعودی عرب کے ساتھ اپنے برادرانہ تعلقات کو نہایت اہمیت دی ہے اور ہر مشکل وقت میں اس کے شانہ بشانہ کھڑا رہا ہے پاکستان نے کشیدگی کم کرنے اور امریکہ و ایران کو مذاکرات کی میز پر لانے کے لئے وسیع سفارتی کوششیں کی ہیں اور یہ کوششیں بدستور جاری ہیں نیز یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان محض بیانات تک محدود نہیں بلکہ عملی اقدامات پر یقین رکھتا ہے۔ مسلم امہ میں پاکستان کے اہم مثالی اور متوازن کردار سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا آج کے حالات میں جب مسلم دنیا مختلف چیلنجز سے دوچار ہے، اتحاد اور یکجہتی ہی وہ قوت ہے جو اسے مضبوط بنا سکتی ہے۔ یہ حقیقت بھی قابل ذکر ہے کہ پاکستان نے ہمیشہ اپنی خارجہ پالیسی میں توازن برقرار رکھا ہے۔ ایک طرف وہ اپنے قریبی اتحادیوں کے ساتھ مضبوط تعلقات رکھتا ہے تو دوسری جانب عالمی سطح پر تنازعات کے حل کے لئے غیر جانبدار اور تعمیری کردار ادا کرتا ہے۔ اسلام آباد میں ہونے والا یہ چار فریقی اجلاس دراصل ایک وسیع تر سفارتی حکمت عملی کا حصہ ہے جس کا مقصد نہ صرف مشرق وسطیٰ میں امن قائم کرنا ہے بلکہ عالمی سطح پر پاکستان کے مثبت تشخص کو بھی اجاگر کرنا ہے۔ یہ اجلاس اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ پاکستان عالمی برادری میں ایک فعال، ذمہ دار اور باوقار کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ آج جب دنیا کے مختلف خطے جنگ و جدل کا شکار ہیں، پاکستان کا یہ پیغام نہایت اہم ہے کہ مسائل کا حل طاقت کے استعمال میں نہیں بلکہ بات چیت اور مفاہمت میں ہے۔ یہی وہ اصول ہے جس پر عمل کر کے عالمی امن کو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ پاکستان کا امن مشن جاری ہے اور انشاء اللہ یہ نتیجہ خیز ثابت ہوگا مشرق وسطیٰ میں جاری بحران ہر لحاظ سے قابل تشویش ہے جنگ کسی بھی مسئلے کا حل نہیں مسائل کا حل گفت و شنید مذاکرات اور مکالمے میں پنہاں ہے مذاکرات کے لئے پاکستان کی کوششیں پوری دنیا میں سراہی جا رہی ہیں ضروری ہے کہ اس سفارتی عمل کو تسلسل کے ساتھ آگے بڑھایا جائے۔ محض ایک یا دو اجلاس کافی نہیں ہوتے بلکہ مستقل بنیادوں پر رابطے، مشاورت اور اعتماد سازی کے اقدامات ضروری ہوتے ہیں اس عمل کو مزید موثر بناتے ہوئے دیگر ممالک کو بھی اس میں شامل کیا جا سکتا ہے تاکہ ایک جامع اور دیرپا حل تلاش کیا جا سکے اسلام آباد میں منعقد ہونے والا چار فریقی وزرائے خارجہ اجلاس نہ صرف ایک اہم سفارتی کامیابی ہے بلکہ یہ پاکستان کے امن پسند تشخص کا بھی آئینہ دار ہے۔ اس اقدام نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ پاکستان نہ صرف خطے بلکہ پوری دنیا میں امن کے قیام کے لئے سنجیدہ اور مخلص ہے۔ امید کی جانی چاہئے کہ یہ کوششیں رنگ لائیں گی اور مشرق وسطیٰ ایک بار پھر امن، استحکام اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا۔

جنگ بندی، ہر محاذ پر

جلسہ عام — مجیب الرحمن شامی

پاکستانی سپہ سالار کی دھوم الحمدللہ

امتحان — صوفیہ بیدار

قومی کمان سے عالمی توجہ تک: فیلڈ مارشل عاصم منیر کا عروج

میڈیا آئی — عبدالباسط علوی

پاکستان: عالمی سفارت کاری کا محور

وفاق نامہ — رشید صافی

قومی ضمیر اور مسلسل دستک

حسب موقع — رقیہ غزل

جارحیت جیتے گی یا مذاکرات کامیاب ہوں گے؟

اظہار خیال — عمران یعقوب خان

انڈہ پہلے یا مرغی؟

اظہار خیال — خالد مسعود خان

ڈینگی کے 132 کیسز، کیچ میں فوگنگ مہم کا ہنگامی آغاز

ڈپٹی کمشنر یاسر اقبال دشتی کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت نے ڈینگی کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے ہنگامی اقدامات شروع کیے

تربت ٹیچنگ اسپتال اور ڈاکٹرز کالونی سے فوگنگ مہم کا آغاز کیا گیا جہاں مکمل اسپرے کرکے مچھر کی افزائش کو کنٹرول کرنے کی کوشش کی گئی

پانی کھڑا نہ ہونے دیں، برتن ڈھانپیں، احتیاطی اقدامات اپنائیں اور علامات پر فوری اسپتال سے رجوع کریں، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف بلوچ

تربت (این این ائی) ضلع کیچ میں ڈینگی کے 132 مثبت کیسز رپورٹ، ڈینگی پھیلاؤ کو روکنے کیلئے ہنگامی اقدامات، فوگنگ مہم کا آغاز۔ تفصیلات کے مطابق ضلع کیچ میں ڈینگی وائرس کے بڑھتے ہوئے خطرے کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کیچ نے ہنگامی اقدامات کا آغاز کرتے ہوئے اتوار کے روز ڈینگی اسپرے ... تربت اور اس کے احاطے میں واقع ڈاکٹرز کالونی سے کیا گیا جہاں مکمل فوگنگ کی گئی۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف بلوچ نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ حالیہ دنوں میں ضلع کیچ میں ڈینگی کے کیسز میں اضافہ ہوا ہے جس کے پیش نظر فوری اور موثر حکمت عملی اپنائی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ... بڑھایا جائے گا۔ ڈاکٹر عبدالرؤف بلوچ نے مزید کہا کہ محکمہ صحت کی جانب سے نہ صرف فوگنگ جاری ہے بلکہ عوام میں آگاہی مہم بھی تیز کی جا رہی ہے تاکہ شہری خود بھی احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی ہے کہ گھروں اور اطراف میں پانی کھڑا نہ ہونے دیں پانی کے برتنوں اور ٹینکوں کو ڈھانپ کر ...

نصیر آباد: اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ گوٹھ ... میں منعقدہ کھلی کچہری لوگ اپنے مسائل کے متعلق تحریری طور پر آگاہی فراہم کررہے ہیں

ایل پی جی گیس بوزر یونین کا قیام، حاجی علی احمد سرپرست اعلیٰ مقرر

تفتان میں یونین کا آفس کھولا جائے گا، تمام مالکان فیصلوں کے پابند ہونگے

... (نامہ نگار) ... کے قبائلی شخصیت ممتاز ٹرانسپورٹر حاجی علی احمد رخشانی کی سربراہی میں بلوچستان کی سطح پر ایل پی جی گیس بوزر یونین کا قیام عمل میں لایا گیا اتفاق رائے سے حاجی علی احمد رخشانی کو یونین کا سرپرست اعلیٰ مقرر کیا گیا بہت جلد تفتان میں یونین کا آفس کھولا جائے گا جس کے بعد یونین کے عہدیداروں کا تقرر عمل میں لایا جائے گا یونین میں شامل تمام مالکان یونین کے فیصلوں کے پابند ہونگے تفتان سے لاہور یا دیگر ملکی شہروں تک رسائی کرایہ، لوڈنگ، ودیگر سب یونین کے فیصلوں کے تحت ہونگے آج کے اجلاس میں بوزر مالکان نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا گیا مقرر کردہ کرایوں اور یونین کے شرائط و ضوابط پر چاروں صوبوں کے پرائیویٹ گاڑی مالکان متفق ہوئے اجلاس میں شریک مالکان اور بذریعہ فون رابطہ کرنے والے مالکان نے اتفاق رائے سے فیصلہ قبول کیا اجلاس میں ڈسٹرکٹ کونسل ممبر حاجی میر محمد مراد بادینی، حاجی شفایت اللہ حسنی، حاجی ابراہیم طفیل حسنی، فتح محمد حسنی ودیگر نے شرکت کی۔

قلات: لیشمانیاسس کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے اقدامات جاری

قلات (خ ن) موسمیاتی تبدیلیوں کے نتیجے میں بلوچستان کے تاریخی ضلع قلات میں لیشمانیاسس کے وبا کی روک تھام کیلئے اقدامات جاری ہیں ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی کے احکامات کی روشنی میں ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال قلات، ڈاکٹر نصر اللہ لانگو نے ڈاکٹر بدر انصاری ڈائریکٹر ملیریا VBD حکومت بلوچستان کے تعاون سے اس بیماری کے پھیلاؤ کو کنٹرول کرنے کے لیے موثر کاروائی شروع کی ہیڈ کوارٹر ٹیچنگ ہسپتال قلات میں لیشمانیاسس سنٹر میں 17 مریضوں کو گلوکین ٹائم انجکشن لگائے گئیں جن میں 03 نئے رجسٹرڈ کیسز بھی شامل ہیں۔ واضح رہے کہ موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے بلوچستان کے سرد اضلاع میں شامل ضلع قلات اس وباء سے متاثرہ ضلع میں سرفہرست ہے

گنداواہ: بجلی نظام تخریب کی نظر، عوامی مشکلات میں اضافہ

جھل مگسی (یو این اے) مجلس وحدت مسلمین بلوچستان کے صوبائی صدر علامہ سہیل اکبر شیرازی نے گنداواہ ضلع جھل مگسی میں نامعلوم عناصر کی جانب سے بجلی کے نظام کو نقصان پہنچانے کے افسوسناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ 33 کے وی گنداواہ فیڈر سے 26 پولز کی تاریں اور دیگر سامان چوری کرنا اور قیمتی سرکاری املاک کو نقصان پہنچانا ایک مجرمانہ اور عوام دشمن اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس واقعے کے نتیجے میں پورا علاقہ بجلی سے محروم ہو گیا ہے، جس سے عوام کو شدید مشکلات، کاروباری سرگرمیوں میں خلل اور روزمرہ زندگی میں پریشانی کا سامنا ہے۔ علامہ سہیل اکبر شیرازی نے متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ واقعے کی فوری، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں اور ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لا کر قرار واقعی سزا دی جائے۔ انہوں نے کیسکو حکام سے بھی مطالبہ کیا کہ بجلی کی بحالی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں

عوامی تعاون سے جرائم پیشہ عناصر کا گھیرا تنگ ہوگا، ایس ایچ او ندیم

شہر کے داخلی و خارجی راستوں اور سرحدی علاقوں میں چیکنگ سخت کر دی گئی

پولیس اہلکاروں کو عوام سے خوش اخلاقی اور دیانت داری سے فرائض انجام دینے کی ہدایت

اوستہ محمد (نامہ نگار) عوام کی تعاون سے جرائم پیشہ عناصر کے لیے اوستہ محمد کی سرزمین تنگ کر دی جائے گی امن و امان میں خلل ڈالنے والے عناصر قانون کی گرفت میں ہوں گے عوام کی جان و مال کی تحفظ پولیس فورس کا اولین فریضہ ہے ان خیالات کا اظہار ایس ایچ او سٹی اوستہ محمد ندیم بحرانی نے چارج لینے کے موقع پر مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ ائی جی پولیس بلوچستان ڈی ائی جی نصیر آباد ایس پی اوستہ محمد کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں مظلوم کی فوری داد رسائی اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گھیرا تنگ کرنے کے لیے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کیے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ سٹی اوستہ محمد کا چارج چیلنج سمجھ کر قبول کی ہے عوام کی تعاون سے جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کو یقینی بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ تمام پولیس اہلکاروں کو سختی سے ہدایات جاری کی ہے عوام سے خوش اسلوبی اور اخلاق سے پیش آئیں اور اپنے فرائض دیانت داری کے ساتھ سرانجام دیں ڈیوٹی سے غفلت برتنے والے اہلکاروں کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی کی جائے گی ایس ایچ او ندیم بحرانی نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کتنا ہی بااثر کیوں نہ ہو انہیں قانون کی گرفت میں لائیں گے انہوں نے مزید کہا کہ امن و امان کی صورتحال کو مزید بہتر کرنے کے لیے شہر کے داخلی و خارجی راستوں سمیت سندھ و بلوچستان کے سرحدی پٹی پر چیکنگ سخت کر دی گئی ہے اور پولیس گشت میں اضافہ کیا گیا ہے عوام پولیس کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور شریف شہری کا ثبوت دیں

لورالائی، ڈپٹی کمشنر (ر) کیپٹن محمد حبیب شجاع کی ہدایت پر بارشوں کے باعث میونسپل کمیٹی کا فوری صفائی مہم آغاز

میر سلیم کھوسہ نے علاقے میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھا دیا

صوبائی وزیر کے حلقے میں سڑکیں، اسکولز اور ہسپتالز کے منصوبوں پر کام جاری

صحبت پور کشمور روڈ، ڈسٹرکٹ کمپلیکس اور کالجز کی تعمیر سے عوام مستفید ہوں گے

شہر میں ٹریفک مسائل کے حل کیلئے بائی پاس منصوبہ اہم ضرورت قرار دیا گیا

صحبت پور (نامہ نگار) صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات میر سلیم احمد کھوسہ ... مستفید ہو گئے۔ مخالفین کو یہ کام ہضم نہیں ہو رہے ...

اوستہ محمد، پانی منصوبہ بروقت مکمل، معیار پر سمجھوتہ نہیں ہوگا

اسسٹنٹ کمشنر عبدالقیوم کا پی ایچ ای فیز ٹو منصوبے کا تفصیلی دورہ

پانی اسٹوریج ٹینکس، پائپ لائنز اور بحالی کاموں پر بریفنگ دی گئی

منصوبے کی مسلسل مانیٹرنگ اور رکاوٹوں کے فوری حل کی ہدایات جاری

اوستہ محمد (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد رمضان پلال کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر (یو ٹی) اوستہ محمد عبدالقیوم نے محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اوستہ محمد فیز II کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے پانی کے ذخیرہ (اسٹوریج) اور بحالی (ری ہیبلیٹیشن) کے جاری ترقیاتی کاموں کا باریک بینی سے معائنہ کیا، دورے کے دوران محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے ایکسین شکر اللہ بلوچ نے منصوبے کے مختلف تکنیکی و انتظامی پہلوؤں پر تفصیلی بریفنگ دی، جس میں پانی کی فراہمی کے موجودہ نظام، اسٹوریج ٹینکس کی استعداد، پائپ لائنز کی تنصیب و مرمت اور بحالی کے جاری اقدامات سے آگاہ کیا گیا، اسسٹنٹ کمشنر عبدالقیوم نے موقع پر دستیاب سہولیات، جاری کام کے معیار اور رفتار کا تفصیلی جائزہ لیا اور بعض امور پر فوری بہتری لانے کے لیے ضروری ہدایات بھی جاری کیں، انہوں نے واضح ہدایت دی کہ ترقیاتی کام کو مقررہ وقت کے اندر ہر صورت مکمل کیا جائے اور منصوبے میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے، انہوں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ عوام کو صاف، شفاف اور بلا تعطل پانی کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے لہٰذا تمام متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری دیانتداری اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ ادا کریں، اس موقع پر مشرق سے گفتگو کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر عبدالقیوم نے کہا کہ پانی کے دیرینہ مسائل کے حل کے لیے ضلعی انتظامیہ سنجیدہ اور عملی اقدامات کر رہی ہے اور محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے ساتھ قریبی رابطے میں رہتے ہوئے اس اہم منصوبے کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جا رہا ہے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے، انہوں نے مزید کہا کہ جاری ترقیاتی کاموں کی باقاعدہ مانیٹرنگ کی جا رہی ہے

لورالائی: بارشوں کے بعد پولیس ہائی الرٹ، سیکیورٹی اقدامات سخت

لورالائی (خ ن) حالیہ شدید بارشوں اور ژالہ باری کے بعد ضلعی پولیس نے ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے سیکیورٹی اور امدادی اقدامات مزید سخت کر دیے ہیں۔ اس سلسلے میں ایس ایس پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد (پی ایس پی) نے ضلع بھر کے تمام تھانوں کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ جاری کردہ ہدایات کے مطابق تمام پولیس اہلکار اپنے علاقوں میں صورتحال پر مسلسل نظر رکھیں گے اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی فوری اطلاع کنٹرول روم کو فراہم کریں گے۔ پولیس حکام نے واضح کیا ہے کہ کسی بھی قسم کے جانی یا مالی نقصان، بشمول شہریوں کے زخمی ہونے، مکانات یا دیواروں کے گرنے، سڑکوں کی بندش یا دیگر ہنگامی حالات کی صورت میں بروقت رپورٹنگ کو یقینی بنایا جائے۔ ایس ایس پی لورالائی نے اس بات پر بھی زور دیا کہ اطلاع دیتے وقت واقعے کی نوعیت، درست مقام اور متاثرہ افراد کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

عبدالقیوم کا PHED فیز ٹو دورہ، کام مقررہ وقت مکمل ہوگا

استہ محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر استہ محمد محمد رمضان پلال کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر (یو ٹی) استہ محمد عبدالقیوم نے PHED استہ محمد فیز II کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے پانی کے ذخیرہ (اسٹوریج) اور بحالی (ری ہیبلیٹیشن) کے جاری ترقیاتی کاموں کا باریک بینی سے معائنہ کیا، دورے کے دوران متعلقہ انجینئرز اور PHED حکام نے منصوبے کے مختلف تکنیکی و انتظامی پہلوؤں پر تفصیلی بریفنگ دی، جس میں پانی کی فراہمی کے موجودہ نظام، اسٹوریج ٹینکس کی استعداد، پائپ لائنز کی تنصیب و مرمت اور بحالی کے جاری اقدامات سے آگاہ کیا گیا، اسسٹنٹ کمشنر عبدالقیوم نے موقع پر دستیاب سہولیات، جاری کام کے معیار اور رفتار کا تفصیلی جائزہ لیا اور بعض امور پر فوری بہتری لانے کے لیے ضروری ہدایات بھی جاری کیں

موندرہ یکجہتی کونسل اجلاس، تنظیمی امور اور فنڈنگ پر غور

مرکزی کابینہ کے اجلاس میں تمام عہدیداران کی بھرپور شرکت، تنظیمی معاملات پر تبادلہ خیال

اوتھل (یو این اے) موندرہ یکجہتی کونسل (رجسٹرڈ) کی مرکزی کابینہ کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں کابینہ کے تمام عہدیداران نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس کے دوران موندرہ یکجہتی کونسل (رجسٹرڈ) کی فنڈنگ، تنظیمی امور اور دیگر اہم معاملات پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ وائس چیئرمین بشیر احمد موندرہ، غلام رسول موندرہ، صدر نصر اللہ موندرہ، ترجمان ماسٹر سلام دین موندرہ، سیکٹر انچارج حب حاجی مشتاق احمد موندرہ، حاجی ایوب موندرہ، رضوان فضل موندرہ، عبدالقادر موندرہ، حاجی ماسٹر کمال دین موندرہ، صدر ماسٹر ولی محمد موندرہ، سیکٹر انچارج لسبیلہ ممتاز کریم موندرہ، محمد موندرہ بیلہ، سیکٹر انچارج وندر اصغر موندرہ، نائب سیکٹر انچارج وندر اکبر موندرہ، چیف آرگنائزر راشد موندرہ، علم دین موندرہ، صاحب اعجاز موندرہ، آصف مارہ خان موندرہ، حاکم موندرہ، شاہ گل موندرہ، یونٹ انچارج زاہد موندرہ، طاہر موندرہ، سلیم موندرہ، باکر موندرہ، ڈاکٹر اصغر موندرہ و دیگر نے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور تنظیم کی بہتری، استحکام اور مستقبل کے لائحہ عمل کے حوالے سے اپنی قیمتی آراء پیش کیں۔ اجلاس میں اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ MYC کے لیے مستقل مزاجی کے ساتھ کام جاری رکھا جائے گا تاکہ تنظیم کو مزید فعال اور مؤثر بنایا جا سکے۔

بی این پی خضدار کا عوام سے مولانا قمر الدین کو ووٹ دینے کا مطالبہ

عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات جاری ہیں، ڈی ایچ او

ڈاکٹر مقبول کاکڑ کا سول ڈسپنسری شبوزئی کا تفصیلی دورہ اور معائنہ

طبی عملے کی حاضری، ادویات اسٹاک اور ریکارڈ کی جانچ پڑتال کی گئی

عملے کو ایمانداری اور پیشہ ورانہ ذمہ داریاں ادا کرنے کی سخت ہدایات جاری

لورالائی (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر و ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز لورالائی ڈویژن ڈاکٹر مقبول احمد کاکڑ نے عوام کو بہتر اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے عزم کے تحت سول ڈسپنسری ملک رحم خان شبوزئی کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کا مقصد صحت کے مراکز میں جاری طبی سہولیات، عملے کی کارکردگی اور قومی پروگرامز خصوصاً ای پی آئی اور انسداد پولیو مہم کی پیش رفت کا جائزہ لینا تھا۔ اس موقع پر ڈی ایس وی، ای پی آئی کلی نواز خان ناصر اور متعلقہ سی ڈی اسٹاف بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ڈاکٹر مقبول احمد کاکڑ نے ڈسپنسری کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور ای پی آئی پروگرام کے تحت بچوں کی حفاظتی ٹیکہ جات کی صورتحال، پولیو مہم کے انتظامات اور ریکارڈ کا بغور جائزہ لیا۔ انہوں نے طبی عملے کی حاضری، ادویات کے اسٹاک اور رجسٹرز بھی چیک کیے اور ضروری ہدایات جاری کیں۔ ڈاکٹر مقبول احمد کاکڑ نے اس موقع پر کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کو بنیادی سطح پر معیاری صحت کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے اور اس مقصد کے لیے صحت کے مراکز کی کارکردگی کو مسلسل مانیٹر کیا جا رہا ہے۔

نواب جام کمال کی ہدایت پر گڈانی اراضی تنازع کا قبائلی فیصلے سے حل

لورالائی، اسکول داخلہ مہم تیز، آگاہی سرگرمیوں کا دائرہ وسیع

ڈپٹی کمشنر ہدایات پر بازار میں لاؤڈ اسپیکر کے ذریعے آگاہی مہم جاری

والدین سے بچوں کو فوری اسکول داخل کرانے کی اپیل، تعلیم بنیادی حق قرار

دیہی علاقوں میں واکس، اجلاس اور آگاہی پروگرامز کے انعقاد کا فیصلہ کیا گیا

طالبات کے داخلے میں اضافہ اور تعلیمی سہولیات بہتر بنانے کیلئے اقدامات جاری

بارشوں کے بعد لورالائی میں نکاسی آب تیز، انتظامیہ متحرک

اہم شاہراہوں اور گلی محلوں کی صفائی پر توجہ، شہریوں کو آمد و رفت میں مشکلات سے نجات دینے کے لیے اقدامات جاری ہیں

شہری شکایات کے فوری ازالے کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل، مختلف علاقوں میں مانیٹرنگ جاری جبکہ نالوں کی صفائی ہنگامی بنیادوں پر جاری

لورالائی (خ ن) لورالائی میں حالیہ بارشوں کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ نے نکاسی آب کے عمل کو تیز کر دیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر لورالائی، کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی خصوصی ہدایات پر چیف آفیسر میونسپل کمیٹی، محب اللہ بلوچ کی زیر نگرانی عملہ شہر بھر میں متحرک ہے اور برساتی پانی کی فوری ... شہریوں کو آمد و رفت میں درپیش مشکلات سے نجات دلائی جا سکے۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں اور نکاسی آب کے نظام کی بہتری کے لیے بھی اقدامات جاری ہیں۔ ضلعی حکام کے مطابق، شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے کے لیے ... میں مزید بارشوں کی پیشگوئی کی ہے، جس کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ نے الرٹ جاری کر دیا ہے۔ تمام متعلقہ اداروں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی اقدامات مکمل رکھیں۔ شہریوں کو بھی ہدایت کی گئی ہے کہ غیر ضروری طور پر گھروں سے باہر نکلنے سے گریز کریں اور کسی بھی ہنگامی ...

تربت، ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی میرانی ڈیم میں بارشوں کے بعد پانی کی سطح کا جائزہ لے رہے ہیں

2 ماہ سے پانی بند، خانوزئی کے عوام شدید مشکلات کا شکار

کلی داد حق زئی اور کلی صالحرئی کے عوام دو ماہ سے صاف پانی سے محروم، تینوں سرکاری واٹر سپلائیاں خراب ہوکر مکمل بند

متاثرہ شہری مہنگے پرائیویٹ ٹینکروں پر انحصار، ایک ہزار سے دو ہزار روپے فی ٹینکر ادا کرنے پر مجبور، کوئی پرسان حال نہیں

خانوزئی (نامہ نگار) خانوزئی کلی داد حق زئی و کلی صالحرئی کے عوام عرصہ دو مہینے سے پینے کی صاف پانی سے محروم ہے اہلیان خانوزئی محکمہ پی ایچ ای ٹاؤن کے چیئرمین و سیاسی قائدین قبائلی اولسی کمیٹیاں سب کہ سب بے بس دکھائی دے رہا ہے اہلیان خانوزئی نے مشترکہ طور پر مقامی نمائندہ سے کہا کہ عرصہ دو ... سے پانی حاصل کرتی ہے (1000) روپے سے لیکر دو ہزار روپے تک فی ٹینکر پانی حاصل کرتا ہے کوئی پرسان حال نہیں میونسپل کمیٹی خانوزئی کے چیئرمین اور محکمہ پی ایچ ای کے ذمہ دار آفسران نے مشترکہ طور پر عوام کو دھوکہ دے کر واٹر سپلائی کو نہ بجلی فراہم کی اور نہ سولر ... میں بھی عوام کی شکایات سننے کیلئے تیار نہیں جدید دور میں عوام پینے کی صاف پانی کیلئے پریشان اربوں روپے کی بجٹ خرچ کرنے کے باوجود بنیادی ضروریات کو پورا کرنا آج بھی ممکن نہ ہو سکا ...

نصیر آباد: کھلی کچہریوں سے عوامی مسائل دہلیز پر حل ہوں گے، اے سی

زمینی تنازعات، بجلی کی لوڈشیڈنگ سمیت متعدد مسائل نشاندہی کیے گئے

ضلعی افسران کی موجودگی میں مسائل کے حل کیلئے فوری اقدامات کی یقین دہانی

تاریخ کو مسخ کرنے کی کوئی کوشش کامیاب نہیں ہوسکتی، نیشنل پارٹی

ہرنائی شریف میں مہربان علی مشاعرہ، شعراء نے کلام سنا کر داد پائی

صادق سنجرانی کے فنڈز سے بلدیہ ریسٹ ہاؤس کا افتتاح کر دیا گیا

معدنی وسائل سے مالا مال ضلع میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی ضروری

جانثار کی ... کار کیئر کا افتتاح

حافظ ابراہیم کا کوژی کا کامیاب بائی پاس آپریشن، حالت بہتر

ڈیرہ مراد جمالی: ڈاکٹر عارف لہڑی میڈیکل سینٹر کا افتتاح

خاران: رحمت اللہ بلوچ کا جامع مسجد لائبریری جدید بنانے کا اقدام

خاران عبدالرحمن فاؤنڈیشن کی خاران جامع مسجد لائبریری میں نئی آرائش مکمل

بارکھان: کھلا نالہ شہریوں کیلئے خطرہ، حکام نوٹس لیں

پولیس تھانے کے سامنے پانچ فٹ گہرا نالہ طویل عرصے سے بغیر ڈھکن کے کھلا پڑا ہے

شہریوں کے بار بار احتجاج کے باوجود میونسپل کمیٹی کی جانب سے کوئی عملی اقدام نہیں اٹھایا گیا

لورالائی: محکمہ صحت کے مسائل، ڈپٹی کمشنر نے تعاون کی یقین دہانی

ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ محمد حبیب شجاع سے ڈاکٹر محمد مقبول کاکڑ کی ملاقات

لورالائی، ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ ڈاکٹر مقبول کاکڑ ... شبوزئی ڈسپنسری کا معائنہ کر رہے ہیں

استہ محمد، اسسٹنٹ کمشنر عبدالقیوم PHED ... دورہ کر رہے ہیں

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا اصل شناختی کارڈ ... گم ہو گیا ہے ... لہٰذا کوئی صاحب ملنے پر ... پہنچا دیں۔

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ ... گم ہو گیا ہے ... پہنچا دیں۔

تلاش گمشدہ

... DSE.2418198 ... DSC.3420382 ... 03341530455 ...

ADVT

روزنامہ مشرق کوئٹہ

اسپورٹس

پاکستان سپر لیگ: کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے حیدرآباد کنگز مین کو 40 رنز سے شکست دیدی

گلیڈی ایٹرز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 174 رنز بنائے، ٹیم حیدرآباد 134 رنز ہی بنا پائی

شائل حسین اور حسن نواز نے نصف سنچریاں سکور کیں، گلیڈی ایٹرز کی جانب سے ابرار احمد نے شاندار باؤلنگ کرتے ہوئے 3 وکٹیں حاصل کیں

لاہور (اے پی پی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 11 کے میچ میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے حیدرآباد کنگز مین کو 40 رنز سے شکست دے دی۔ قذافی سٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 174 رنز بنائے۔ شائل حسین اور حسن نواز نے ذمہ دارانہ بیٹنگ کرتے ہوئے نصف سنچریاں سکور کیں۔ شائل حسین نے 54 رنز بنائے جبکہ حسن نواز نے 53 رنز کی اننگز کھیلی۔ [illegible] آخر میں تام کرن نے 31 رنز کی جارحانہ اننگز کھیل کر ٹیم کا سکور مستحکم کیا۔ حیدرآباد کی جانب سے راکیے میریڈتھ نے 3 جبکہ محمد تحسین اور عاکف جاوید نے 2، 2 وکٹیں حاصل کیں۔ ہدف کے تعاقب میں حیدرآباد کنگز مین کی ٹیم ابتدا ہی سے مشکلات کا شکار [illegible] مزاحمت کی جبکہ عثمان خان 23 رنز بنا سکے۔ کوئٹہ کی جانب سے ابرار احمد نے شاندار باؤلنگ کرتے ہوئے 3 وکٹیں حاصل کیں۔ احمد دانیال نے 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ شائل حسین کو عمدہ کارکردگی پر میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

آؤٹ آف فارم ہونا پریشانی کا سبب نہیں، سیکھنے کی کوشش کر رہا ہوں، صائم ایوب

کپتان مارنس لبوشین خوش مزاج ہیں، دوستانہ ماحول میں کام کرکے مزہ آرہا ہے

لاہور (این این آئی) حیدرآباد کنگز مین کے اوپنر صائم ایوب نے کہا ہے کہ آؤٹ آف فارم ہونا پریشانی کا سبب نہیں [illegible] سیکھنے کی کوشش کر رہا ہوں [illegible] کپتان مارنس لبوشین [illegible] دوستانہ ماحول میں کام کرکے مزہ آرہا ہے [illegible]

پاکستان سپر لیگ میں کراچی کنگز نے لاہور قلندرز کو 4 وکٹوں سے شکست دے دی

سنسنی خیز مقابلے کے بعد

لاہور قلندرز نے آخر تک مقابلہ کیا تاہم کراچی کنگز نے آخری اوور کی تیسری گیند پر 129 رنز کا ہدف حاصل کر لیا

[illegible] حسیب اللہ 28، عبداللہ شفیق 33 رنز کیساتھ نمایاں، فخر زمان ایک، محمد نعیم 13 رنز بنا سکے

لاہور (ویب ڈیسک) پی ایس ایل 11 کے میچ میں کراچی کنگز نے لاہور قلندرز کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد 4 وکٹوں سے شکست دے دی۔ [illegible] ڈال دی، امپائرز نے گیند بھی تبدیل کر دی۔ کراچی کو 6 گیندوں پر 14 رنز درکار تھے، پانچ رنز پینلٹی لگ گئی۔ لاہور نے پہلے کھیل کر 9 وکٹوں پر 128 رنز اسکور کیے۔ حسیب اللہ 28، عبداللہ شفیق 33 رنز کیساتھ نمایاں رہے۔ فخر زمان ایک، محمد نعیم 13، [illegible] اسامہ میر، شاہین آفریدی، حارث رؤف، مستفیض الرحمان اور عبید شاہ شامل تھے۔ کراچی کنگز کی پلیئنگ الیون میں ڈیوڈ وارنر، محمد وسیم، سلمان آغا، سعد بیگ، معین علی، خوشدل شاہ، اعظم خان، عباس آفریدی، حسن علی، ایڈم زمپا اور میر حمزہ شامل تھے۔

کھلاڑیوں کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس عموماً دوسرے لوگ چلاتے ہیں، علی ترین

نسیم شاہ کا بیان سوشل میڈیا بلنڈر تھا، امید ہے سٹیڈیم میں شائقین کی جلد واپسی ہوگی

لاہور (این این آئی) ملتان سلطانز کے سابق مالک علی ترین نے کہا ہے کہ قومی کرکٹر نسیم شاہ کا ایکس پر بیان سوشل میڈیا بلنڈر تھا۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی ترین نے کہا کہ کھلاڑیوں کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس عموماً ہینڈلرز چلاتے ہیں کیونکہ ان کے پاس خود سوشل میڈیا کے لیے وقت نہیں ہوتا۔ انہوں نے بتایا کہ میچ کے دوران بھی کھلاڑیوں کی جانب سے ٹوئٹس جاری رہتی ہیں۔ علی ترین نے نسیم شاہ کے ایکس پر بیان کو سوشل میڈیا بلنڈر قرار دیتے ہوئے کہا کہ اسے بھی اسی تناظر میں دیکھنا چاہیے۔ علی ترین نے شائقین کے لیے خوشخبری دیتے ہوئے کہا کہ پی ایس ایل میں شائقین کے لیے اچھی خبر آنے کی توقع ہے اور امید ہے کہ جلد اسٹیڈیم میں کرکٹ شائقین کی واپسی شروع ہو جائے گی۔ ملتان سلطانز کی حالیہ جیت کے حوالے سے علی ترین نے کہا کہ وہ ٹیم کی جیت کا کریڈٹ لینا نہیں چاہتے اور کھیل کسی بھی صورت میں شائقین کے بغیر مکمل لطف نہیں دیتا۔ انہوں نے گوہر شاہ کی ٹیم بنانے کی مہارت کو سراہا اور کہا کہ کم وقت میں اچھی ٹیم تشکیل دینا قابل تعریف ہے۔ ملتان سلطانز کی حالیہ جیت کے حوالے سے علی ترین نے کہا کہ وہ ٹیم کی جیت کا کریڈٹ لینا نہیں چاہتے اور کھیل کسی بھی صورت میں شائقین کے بغیر مکمل لطف نہیں دیتا۔ انہوں نے گوہر شاہ کی ٹیم بنانے کی مہارت کو سراہا اور کہا کہ کم وقت میں اچھی ٹیم تشکیل دینا قابل تعریف ہے۔

انٹرڈیپارٹمنٹ نیشنل کبڈی چیمپئن شپ کی تیاریاں حتمی مرحلے میں داخل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کبڈی فیڈریشن کے زیر اہتمام سربز انٹرڈیپارٹمنٹ نیشنل کبڈی چیمپئن شپ 14 اپریل سے ملک پور سٹیڈیم فیصل آباد میں شروع ہوگی۔ پاکستان کبڈی فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل محمد سرور رانا نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں۔ پاکستان کبڈی فیڈریشن کے چیئرمین چوہدری شافع حسین اور صدر چوہدری سالک حسین نے چار روزہ کبڈی چیمپئن شپ منعقد کروانے کی منظوری بھی دے دی ہے۔ چیمپئن شپ میں ملک بھر سے فیڈریشن سے منسلک 8 ڈیپارٹمنٹس کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جن میں پاکستان آرمی، پاکستان ائر فورس، پاکستان واپڈا، پاکستان پولیس، پاکستان ریلوے، پی او ایف واہ، ہائر ایجوکیشن کمیشن اور ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس کی ٹیمیں شامل ہیں۔

لاہور، پاکستان سپر لیگ کے میچ میں بلے باز اعظم بیک فٹ پر گیند کو باؤنڈری کی طرف جاتا دیکھ رہے ہیں

پاک چین دوستی ہاکی میچ، مردان نے پشاور کو چار دو سے شکست دے دی

دونوں ممالک کے مابین مثالی دوستی باعث فخر ہے، ڈاکٹر احمد الرحمان سلجوقی

پشاور (این این آئی) پشاور میں مقامی ہاکی کھلاڑیوں نے پاک-چین دوستی کی 75 ویں سالگرہ جوش و خروش کے ساتھ منائی، جہاں بگھدادہ ہاکی کلب مردان نے چائنا ونڈو کے زیر اہتمام ایک نمائشی میچ میں اسلامیہ کالج یونیورسٹی پشاور کو 2-4 سے شکست دے دی۔ گوادر پرو کے مطابق میچ میں ہاکی کے شائقین کی بڑی تعداد نے شرکت کی، جنہوں نے بھرپور انداز میں حوصلہ افزائی کی اور پاک-چین دوستی کے حق میں نعرے لگائے، مقابلہ سنسنی خیز رہا اور دونوں ٹیموں نے اعلیٰ معیار کا کھیل پیش کیا، تاہم آخرکار بگھدادہ ہاکی کلب فتح حاصل کرنے میں کامیاب رہا۔ اسلامیہ کالج یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر احمد الرحمٰن سلجوقی نے بطور مہمان خصوصی تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے چین کے عوام کو پاک-چین دوستی کی 75 ویں سالگرہ پر مبارکباد دی اور چین کو پاکستان کا آزمودہ اور قابل اعتماد دوست قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ تعلق پاکستانی عوام کے لیے باعث فخر ہے۔ انہوں نے چینی یونیورسٹیوں کی اسپورٹس ٹیموں کو پاکستان کے دورے کی دعوت بھی دی اور انہیں گرمجوشی سے استقبال اور کھیلوں کے میدان میں مزید تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ میچ کے کھلاڑیوں اور تماشائیوں نے پاک-چین دوستی کو لازوال قرار دیا۔

نسیم شاہ کو دیا گیا شوکاز نوٹس واپس لیا جائے، نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی کی پی سی بی سے اپیل

پرامن تنقید جمہوریت کا ستون اور اظہار رائے ہر شہری کا بنیادی حق ہے، پی سی بی کارروائی تجاوز کی نمائندگی کرتی ہے، نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی

پاکستان کرکٹ بورڈ قومی ادارہ ہے جو کروڑوں پاکستانیوں کی امنگوں کی نمائندگی کرتا ہے اسے ایک غیر جانبدار رہنا چاہئے، این ڈی سی کا موقف

لاہور (یواین پی) نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی نے پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے قومی کرکٹر نسیم شاہ کو شوکاز نوٹس جاری کیے جانے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے شوکاز نوٹس واپس لینے کا مطالبہ کر دیا۔ کمیٹی کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ اظہار رائے ہر شہری کا بنیادی حق ہے، پرامن تنقید جمہوریت کا ستون ہے۔ نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی نے مزید کہا کہ پی سی بی کو اس معاملے میں مکمل طور پر نیوٹرل رہنا چاہیے۔ نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی کا کہنا ہے کہ پی سی بی کی کارروائی ایک خطرناک حد سے تجاوز کی نمائندگی کرتی ہے جو جمہوریت کے ایک بنیادی ستون کو نقصان پہنچاتی ہے، پرامن تنقید پر کسی کو سزا دینا خطرناک نظیر قائم کرتا ہے۔ جاری بیان کے مطابق پبلک آفس کے لیے کوئی استثنیٰ نہیں، عوامی عہدہ رکھنے والے کسی فرد کو خواہ اس کا قد کچھ بھی ہو عوامی جانچ کا سامنا کرنے کی ذمہ داری سے بری نہیں ہونا چاہیے۔ این ڈی سی نے مطالبہ کیا کہ کرکٹر نسیم شاہ کو جاری کیا گیا شوکاز نوٹس فوری طور پر واپس لیا جائے، کرکٹ بورڈ ایک قومی ادارہ ہے جو کروڑوں پاکستانیوں کی امنگوں کی نمائندگی کرتا ہے۔ اسے ایک غیر جانبدار ادارہ رہنا چاہیے۔ این ڈی سی کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ سرکاری اداروں سے مزید مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ پاکستان کے آئین کے ساتھ اپنی وابستگی کا اعادہ کریں جو آزادی اظہار کی ضمانت دیتا ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ نے قومی ٹیم کے فاسٹ بولر نسیم شاہ کو سینٹرل کانٹریکٹ اور میڈیا پالیسی کی خلاف ورزی کرنے پر شوکاز نوٹس جاری کیا تھا۔

پی ایس ایل کھیلنے سے بنگلادیش کے کرکٹرز کو فائدہ ہوگا، پرویز حسین

ٹیم کے ساتھ ایک ایک لمحے سے لطف اندوز ہو رہا ہوں، میڈیا سے بات چیت

لاہور (این این آئی) لاہور قلندرز کے بنگلادیشی کرکٹر پرویز حسین ایمون نے کہا ہے کہ پی ایس ایل میں کھیلنے سے بنگلادیش کے کرکٹرز کو فائدہ ہوگا۔ پرویز حسین ایمون نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں پہلی مرتبہ پی ایس ایل کھیلنے کے لیے آیا ہوں اب تک سب کچھ اچھا جا رہا ہے، میں چیمپئن ٹیم لاہور قلندرز کی طرف سے کھیلنے کے لیے بہت پر جوش ہوں اور میں ٹیم کے ساتھ ایک ایک لمحے سے لطف اندوز ہو رہا ہوں۔ پرویز حسین نے کہا کہ پی ایس ایل میں پیسرز کا معیار بہت اچھا ہے، میں نے یہاں جو چیز مس کی ہے وہ کراؤڈ ہے اس کے علاوہ یہاں سب کچھ اچھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شاہین آفریدی اور حارث رؤف جیسے فاسٹ بولرز کو نیٹس میں کھیلنا میرے لیے بہت اچھا ہے یہ میرے کیریئر کے لیے آنے والے وقت میں اچھا رہے گا۔ پرویز حسین نے کہا کہ میں نے اپنی اسکلز پر فوکس کیا ہوا ہے اور اسی کے مطابق کھیلنے کی کوشش کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ شاہین آفریدی اور حارث رؤف جیسے فاسٹ بولرز کو نیٹس میں کھیلنا میرے لیے بہت اچھا ہے یہ میرے کیریئر کے لیے آنے والے وقت میں اچھا رہے گا۔ پرویز حسین نے کہا کہ میں نے اپنی اسکلز پر فوکس کیا ہوا ہے اور اسی کے مطابق کھیلنے کی کوشش کروں گا۔

آرینا سبالینکا نے مسلسل دوسری بار میامی اوپن ٹائٹل اپنے نام کر لیا

کوکو گوف ہوم گراؤنڈ پر ٹائٹل کے حصول میں ناکامی سے دوچار، آرینا سبالینکا نے کوکو گوف کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد شکست دے دی

بیلاروس کی کھلاڑی کے چرچے، آرینا نے سن شائن ڈبل کا اعزاز بھی حاصل کر لیا، میامی اوپن ٹائٹل کے حصول کی یہ ان کی دوسری کامیابی ہے

میامی (ویب ڈیسک) عالمی نمبر ایک ٹینس سٹار آرینا سبالینکا نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کوکو گوف کو شکست دے کر مسلسل دوسری بار میامی اوپن ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق میامی میں کھیلے گئے ویمنز سنگلز فائنل میں آرینا سبالینکا نے کوکو گوف کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد 2-6، 4-6 اور 3-6 سے شکست دی۔ میچ کے آغاز میں سبالینکا نے بھرپور کھیل پیش کرتے ہوئے پہلا سیٹ آسانی سے جیت لیا، تاہم امریکی اسٹار کوکو گوف نے دوسرے سیٹ میں زبردست واپسی کرتے ہوئے مقابلہ برابر کر دیا۔ فیصلہ کن تیسرے سیٹ میں بیلاروس کی کھلاڑی نے ایک بار پھر کنٹرول حاصل کیا اور کامیابی سمیٹ لی۔ اس فتح کے ساتھ سبالینکا نے نہ صرف اپنا ٹائٹل برقرار رکھا بلکہ ''سن شائن ڈبل'' کا اعزاز بھی حاصل کر لیا جس میں ایک ہی سیزن میں انڈین ویلز اوپن اور میامی اوپن جیتنا شامل ہے۔ یہ کارنامہ انجام دینے کے بعد وہ تاریخ کی چند منتخب کھلاڑیوں میں شامل ہو گئی ہیں جبکہ یہ ان کا مسلسل دوسرا میامی اوپن ٹائٹل بھی ہے۔ دوسری جانب کوکو گوف نے شاندار مقابلہ کیا تاہم وہ اپنے ہوم گراؤنڈ پر ٹائٹل جیتنے میں ناکام رہیں۔

بنگلادیش حکومت نے آئی پی ایل نشریات بحال ہونے کی خبروں کی تردید کر دی

بعض میڈیا اداروں میں شائع ہونے والی خبریں درست نہیں، عمران الحق حسن

ڈھاکا (این این آئی) بنگلادیش حکومت نے انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) کی نشریات بحال ہونے کی خبروں کی تردید کر دی۔ بنگلادیش حکومت کی وزارت اطلاعات کے جاری بیان میں کہا گیا کہ بعض میڈیا اداروں، بشمول دی ڈیلی اسٹار میں شائع ہونے والی حالیہ خبریں درست نہیں اور ان سے عوام میں غلط فہمی پیدا ہوئی ہے۔ وزارت اطلاعات و نشریات کے ترجمان عمران الحق حسن نے وضاحتی بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ سابق حکومت کی جانب سے آئی پی ایل کی نشریات معطل کرنے کا فیصلہ تاحال برقرار ہے اور اس میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی۔ بیان میں کہا گیا کہ اس معاملے پر وزارت کھیل کو باضابطہ طور پر رائے دینے کے لیے درخواست ارسال کی گئی ہے اور آئندہ کسی بھی فیصلے کا انحصار اسی وزارت کی سفارشات پر ہوگا۔ حکام نے واضح کیا کہ آئی پی ایل کی نشریات سے متعلق کوئی حتمی فیصلہ متعلقہ اداروں کی مشاورت کے بعد ہی کیا جائے گا۔ اور آئندہ کسی بھی فیصلے کا انحصار اسی وزارت کی سفارشات پر ہوگا۔ حکام نے واضح کیا کہ آئی پی ایل کی نشریات سے متعلق کوئی حتمی فیصلہ متعلقہ اداروں کی مشاورت کے بعد ہی کیا جائے گا۔

پی ایس ایل 11 کے فائنل کیلئے ریزرو ڈے بھی رکھ دیا گیا

ریزرو ڈے پر میچ مکمل نہیں ہوا تو لیگ مرحلے کی بہتر ٹیم ٹرافی کی حقدار ہوگی

لاہور (آئی این پی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 11 ایڈیشن میں فائنل کیلئے ریزرو ڈے کی شق بھی موجود، 3 مئی کو فائنل مکمل نہ ہونے کی صورت میں 4 مئی ریزرو ڈے ہوگا۔ پی ایس ایل 11 کا فائنل 3 مئی کو مکمل نہ ہونے کی صورت میں 4 مئی ریزرو ڈے کو ہوگا، ریزرو ڈے پر میچ مکمل نہیں ہوا تو لیگ مرحلے کی بہتر ٹیم ٹرافی کی حقدار ہوگی۔ پاکستان سپر لیگ کے فائنل کے علاوہ کسی اور میچ کے لیے ریزرو ڈے کا آپشن موجود نہیں ہوگا، پلے آف میں میچ مکمل نہ ہونے پر لیگ مرحلے کی بہتر ٹیم اگلے مرحلے میں جائے گی۔ خیال رہے کہ پی ایس ایل کے گیارہویں مرحلے کا آغاز 26 مارچ سے ہو گیا جو 3 مئی تک کراچی اور لاہور میں کھیلا جائے گا۔ ایونٹ میں مجموعی طور پر 44 میچز کھیلے جائیں گے، جن میں سے 22 میچز لاہور کے قذافی سٹیڈیم اور 22 میچز کراچی کے نیشنل سٹیڈیم میں ہوں گے۔

جیمز ہیرس کا کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

کارڈف (این این آئی) گلیمورگن اور مڈل سیکس کے سابق فاسٹ بولر جیمز ہیرس نے 2026 کے سیزن کے آغاز سے عین قبل پیشہ ورانہ کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق 35 سالہ جیمز ہیرس نے اپنے کیریئر کا آغاز اور اختتام گلیمورگن کاؤنٹی سے کیا، جہاں انہوں نے محض 16 سال کی عمر میں ڈیبیو کیا تھا۔ وہ کاؤنٹی چیمپئن شپ کے ایک میچ میں 10 وکٹیں لینے والے دنیا کے سب سے کم عمر کھلاڑی بھی رہے ہیں۔ جیمز ہیرس نے اپنے طویل کیریئر کے دوران تمام فارمیٹس میں مجموعی طور پر 772 وکٹیں حاصل کیں، جن میں فرسٹ کلاس کرکٹ کی 623 وکٹیں بھی شامل ہیں۔

نیشنل ٹیبل ٹینس چیمپئن شپ کی تمام تر تیاریاں مکمل ہیں، رفیق سرحدی

16 ویں قومی مقابلے 6 اپریل سے شروع ہوں گے، سیکرٹری ٹیبل ٹینس ایسوسی ایشن

اسلام آباد (یواین پی) اسلام آباد ٹیبل ٹینس ایسوسی ایشن کے سیکرٹری رفیق سرحدی نے کہا ہے کہ نیشنل ٹیبل ٹینس چیمپئن شپ کے لئے اسلام آباد کی مضبوط ٹیم تیار کی گئی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اسلام آباد کی ٹیم کی سلیکشن کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ 16 ویں نیشنل ٹیبل ٹینس چیمپئن شپ 6 سے 10 اپریل تک پشاور میں کھیلی جائے گی جس سے ملک بھر سے مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لیں گے۔ ایک سوال کے جواب میں رفیق سرحدی نے کہا کہ ٹیم کی سلیکشن میرٹ کی بنیاد پر کی گئی ہے۔ اسلام آباد کی ٹیم نیشنل چیمپئن شپ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرے گی۔

دبئی میں گھڑ سواری کا عالمی مقابلہ امریکی گھوڑے نے جیت لیا

فاتح گھڑ سوار کو ریس کی جیت پر 12 ملین ڈالرز بطور انعام دیئے گئے

لاہور (ویب ڈیسک) دبئی میں عالمی گھڑ سواری کا مقابلہ امریکی گھوڑے نے جیت لیا۔ عالمی گھڑ سواری کا مقابلہ ہوا جس میں اعلیٰ نسلوں سے تعلق رکھنے والے گھوڑوں نے حصہ لیا۔ مقابلے میں امریکی گھوڑا امیگی نیوڈ فاتح قرار پایا اور فاتح گھڑ سوار کو ریس کی جیت پر 12 ملین ڈالرز دیے گئے جبکہ دبئی ورلڈ کپ میں مجموعی انعامی رقم 30.5 ملین ڈالرز تھی اس موقع پر دبئی کے حکمران محمد بن راشد آل مکتوم نے ایونٹ کے کامیاب انعقاد پر انتظامیہ کو مبارکباد دی۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ مقابلہ متحدہ عرب امارات کے لیے کھیلوں کے میدان میں ایک اور بڑا اعزاز اور کارنامہ ہے۔ اس موقع پر دبئی کے حکمران محمد بن راشد آل مکتوم نے ایونٹ کے کامیاب انعقاد پر انتظامیہ کو مبارکباد دی۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ مقابلہ متحدہ عرب امارات کے لیے کھیلوں کے میدان میں ایک اور بڑا اعزاز اور کارنامہ ہے۔

پاکستان کی سب سے بڑی ڈربی ریس فیورٹ گھوڑے جوپیٹر نے جیت لی

لاہور (این این آئی) پاکستان کی سب سے بڑی ڈربی ریس فیورٹ گھوڑے جوپیٹر نے جیت لی۔ ڈربی ریس کا مجموعی فاصلہ 2400 میٹر تھا جسے شائقین کی بڑی تعداد نے دیکھا۔ سال کی سب سے بڑی ریس میں 12 گھوڑوں اور گھوڑیوں کے درمیان مقابلہ ہوا۔ ڈربی ریس میں شریک تمام گھوڑوں کی عمر چار سال تک تھی۔ مہمان خصوصی چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی تقریب تقسیم انعامات کے مہمان خصوصی تھے۔ ڈربی ریس میں شریک تمام گھوڑوں کی عمر چار سال تک تھی۔ مہمان خصوصی چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی تقریب تقسیم انعامات کے مہمان خصوصی تھے۔

چندرن ایشون امریکا کی میجر لیگ کرکٹ میں شامل ہو گئے

سابق بھارتی اسپنر سان فرانسسکو یونیکورنز کی نمائندگی کریں گے

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے سابق اسپنر روی چندرن ایشون امریکا کی میجر لیگ کرکٹ میں شامل ہونے والے پہلے بھارتی انٹرنیشنل کھلاڑی بن گئے ہیں، امریکا کی میجر لیگ کرکٹ میں بھارت کے سابق اسپنر روی چندرن ایشون سان فرانسسکو یونیکورنز کی نمائندگی کریں گے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایک بیان انہوں نے کہا کہ میجر لیگ کرکٹ میں پہلے بھارتی کھلاڑی کے طور پر شرکت کرنا بڑی ذمہ داری ہے جسے میں قبول کرتا ہوں۔ ایشون نے کہا کہ میری پوری توجہ اپنی فرنچائز کو میچز جتوانے پر ہوگی۔ واضح رہے کہ ایم ایل سی کا چوتھا سیزن 18 جون سے شروع ہوگا۔ بھارت کے لیے تینوں فارمیٹس میں ایشون نے 287 میچوں میں 765 وکٹیں حاصل کی ہیں۔ سابق اسپنر نے 2024 میں انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا تھا جبکہ وہ گزشتہ سال آئی پی ایل سے بھی ریٹائر ہو گئے تھے۔

وارو کشائر کے کپتان ایلکس ڈیویز نے کپتانی سے استعفیٰ دے دیا

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) انگلش کاؤنٹی وارو کشائر کے کپتان ایلکس ڈیویز نے کپتانی سے استعفیٰ دے دیا۔ ان کی جگہ ایڈ برنارڈ نے تینوں فارمیٹ میں کپتانی کی ذمہ داری سنبھال لی۔ 31 سالہ ایلکس کو 2024 کے سیزن سے قبل کپتان بنایا گیا تھا۔ بطور کپتان انہوں نے اپنے پہلے سیزن میں 50.68 کی اوسط سے 1115 رنز اسکور کیے جن میں چار سنچریاں شامل ہیں۔

لاہور، پی ایس ایل کے سلسلے میں حیدرآباد کنگز مین اور کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے میچ میں شائی حسین چوکا لگاتے ہوئے

نیوزی لینڈ کی بولر کیلی نائٹ ہوم سیریز کیلئے طلب

ویلنگٹن (این این آئی) نیوزی لینڈ کی فاسٹ بولر کیلی نائٹ کو جنوبی افریقہ کے خلاف آئندہ ہوم سیریز کیلئے پہلی بار ویمنز ون ڈے سکواڈ میں طلب کر لیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کیلی نائٹ نے حال ہی میں زمبابوے کے خلاف ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں ڈیبیو کیا تھا جہاں انہوں نے 2 میچوں میں 2 وکٹیں حاصل کیں۔ 2023 کے انڈر نائنٹین ورلڈ کپ کا حصہ رہنے والی کیلی نائٹ کو مقامی کرکٹ میں شاندار کارکردگی کی بنیاد پر قومی ٹیم میں جگہ ملی ہے، جہاں انہوں نے سپر سمیش اور ہیلی برٹن جانسٹون شیلڈ میں اپنی ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔

ریاض الدین میموریل انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ، اکرم سپورٹس کی مسلسل دوسری کامیابی

نذیر حسین ینگ فائٹر کلب کو شکست کا سامنا، حماد مغل نے ایک سو نو رنز کی شاندار اننگز کھیلی

کراچی (این این آئی) ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی زون ایک کے زیر اہتمام جاری پہلے ریاض الدین میموریل انٹر کلب فورٹی اوورز ناک آؤٹ کرکٹ ٹورنامنٹ میں مزید دو میچوں کے فیصلے ہو گئے۔ پہلے میچ میں الکرم اسپورٹس نے نذیر حسین ینگ فائٹر کرکٹ کلب کو با آسانی 233 رنز سے ہرا دیا جبکہ کھیلے گئے دوسرے میچ میں اسٹوڈنٹس اسپورٹس نے النور جھنگانہ کو 24 رنز سے شکست دے دی۔ اسٹوڈنٹس گراؤنڈ پر کھیلے گئے پہلے میچ میں الکرم اسپورٹس نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 37.1 اوورز میں تمام وکٹوں پر 346 رنز بنائے۔ حماد مغل نے جارحانہ بیٹنگ کرتے ہوئے صرف 47 گیندوں پر 17 چوکوں اور 4 چھکوں کی مدد سے شاندار سنچری 109 رنز جبکہ اورنگزیب احمد نے 81، عبداللہ نے 71 اور محمد ولید نے 21 رنز بنائے۔ سید باشر نے 68 رنز دیکر 6 وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں نذیر حسین ینگ فائٹر 17.5 اوورز میں صرف 113 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔

پاکستان ہاکی ٹیم کے لئے سال 2026ء بہترین ثابت ہوگا، شہناز شیخ

کھلاڑیوں کے لئے کیمپس کا بروقت انعقاد یقینی بنایا جائے، میڈیا سے بات چیت

اسلام آباد (یواین پی) اولمپئن شہناز شیخ نے پاکستان ہاکی ٹیم کے لئے 2026ء کا سال بہت اہم قرار دے دیا، اسی سال بین الاقوامی سطح پر چار ٹورنامنٹس کھیلے جائیں گے اور ٹورنامنٹس کی تیاری کے سلسلہ میں کھلاڑیوں کے لئے جلد از جلد تربیتی کیمپ کا اعلان کیا جائے تاکہ ایونٹ سے قبل کھلاڑی بھرپور تیاری میں ہوں۔ گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اولمپئن شہناز شیخ نے کہا کہ ہاکی پاکستان کا قومی کھیل ہے اور پاکستانی ہاکی ٹیم کے لئے 2026ء کا سال بڑی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ اسی سال میں چار بین الاقوامی سطح کے ٹورنامنٹس کا انعقاد ہونے جا رہا ہے جن میں ورلڈ کپ، پرو لیگ کے میچز، ایشین گیمز اور ایشین چیمپئنز ٹرافی کے ایونٹس شامل ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں شہناز شیخ نے کہا کہ ان ایونٹس کی تیاری کے سلسلہ میں قومی ٹیم کے کھلاڑیوں کے پاس وقت کم ہے اور جتنا کم ہو سکے فوری طور پر قومی ٹیم کے کھلاڑیوں کی تربیت کے لئے کیمپ کا انعقاد کیا جائے تاکہ کھلاڑی ایونٹس میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ دکھا سکیں

قومی فٹبال ٹیم میانمار کے خلاف میچ کے لئے پُراعتماد، فتح کے عزم کا اظہار

ماضی کے مقابلے میں اس بار پاکستان ٹیم کی تیاری زیادہ جامع اور موثر ہے، کوشش ہوگی کہ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کریں، محب اللہ، محمد وقار

سکواڈ کی موجودہ حالت شاندار، ہمیں دوستانہ اور پرسکون ماحول فراہم کیا گیا ہے، ٹیم کا تربیتی معیار بھی کافی اچھا ہے، میڈیا سے بات چیت

اسلام آباد (اے پی پی) پاکستان فٹبال ٹیم کے کھلاڑی محب اللہ اور وقار نے میانمار کے خلاف شیڈول اہم میچ سے قبل بھرپور خود اعتمادی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ قومی ٹیم پہلے سے کہیں زیادہ بہتر تیاری اور ہم آہنگی کے ساتھ میدان میں اترنے کے لیے تیار ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وقار کا کہنا تھا کہ اس بار ٹیم کی تیاری ماضی کے مقابلے میں زیادہ جامع اور موثر ہے۔ محب اللہ کا کہنا تھا کہ کوشش ہوگی کہ ماضی کے مقابلے میں مزید بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کریں۔ ٹیم میں پائی جانے والی اس امید کی بڑی وجہ وہ تربیتی کیمپ ہے جس میں کھیل کے تمام شعبوں میں نمایاں بہتری دیکھی گئی ہے۔ محب اللہ نے ٹیم کی پیشرفت پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ کھلاڑیوں نے کوچنگ اسٹاف کے وضع کردہ پلان پر مثبت ردعمل دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تیاری بہت اچھے انداز میں جاری ہے اور تمام لڑکے بہترین رسپانس دے رہے ہیں جو کیمپ کے اندر ایک پرعزم ماحول کی نشاندہی کرتا ہے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ حال ہی میں مضبوط حریفوں کے خلاف کھیلے گئے میچز نے ٹیم کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ محب اللہ کے مطابق مسلسل تجربے اور کھیل کے میدان میں گزارے گئے وقت نے کھلاڑیوں کے درمیان تال میل اور سمجھ بوجھ کو بہتر بنایا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہر کیمپ کے ساتھ ہم میں بہتری آرہی ہے، ہمیں کھیل کا اچھا تجربہ مل رہا ہے اور ٹیم میانمار کے خلاف اپنے معیار کو مزید بلند کرنے کے لیے تیار ہے۔ اس تبدیلی میں ہیڈ کوچ شہزاد انور سولانو کا کردار مرکزی رہا ہے۔ وقار نے کوچ کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ٹیم میں پیشہ ورانہ مہارت اور اظہار رائے کی آزادی کا ایک متوازن امتزاج پیدا کیا ہے۔ وقار نے جتایا کہ وہ ہمیں ایک دوستانہ اور پرسکون ماحول دے رہے ہیں اور ہمیں کھیل سے لطف اندوز ہونے کی ترغیب دیتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کوچ کا مقامی ٹیلنٹ پر بھروسہ کرنے کا فیصلہ ٹیم میں نئی توانائی لے آیا ہے اور مقامی مقابلوں سے منتخب ہونے والے کھلاڑیوں نے بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتیں ثابت کرنے کے اس موقع کو بھرپور طریقے سے اپنایا ہے۔ وقار نے تربیتی معیار کو بھی سراہا۔ ان کے بقول مشقوں کو اس انداز میں ترتیب دیا گیا ہے کہ اس سے کھلاڑیوں کے تادیبی نظم و نسق اور اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔ فٹنس کے حوالے سے ٹرینر رایان عباسی کے کردار کو سراہتے ہوئے وقار نے سکواڈ کی موجودہ حالت کو شاندار قرار دیا۔ کئی سینئر اور غیر ملکی (اوورسیز) کھلاڑیوں کی عدم موجودگی کے باوجود محب اللہ نے اسکواڈ کی کیمسٹری پر اعتماد کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ زیادہ تر کھلاڑی پہلے بھی ساتھ کھیل چکے ہیں جس سے ٹیم میں تسلسل برقرار ہے۔

نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن شپ 7 مئی سے شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اتھلیٹکس فیڈریشن کے زیر اہتمام اور سندھ اتھلیٹکس ایسوسی ایشن کے تعاون سے 54 ویں نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن شپ 7 مئی سے کراچی میں شروع ہوگی۔ پاکستان اتھلیٹکس فیڈریشن کے صدر بریگیڈیئر ریٹائرڈ وجاہت حسین نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں، چیمپئن شپ میں ڈے اینڈ نائٹ مقابلے منعقد ہوں گے جس میں ملک بھر سے مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لیں گے۔ چیمپئن شپ کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں، چیمپئن شپ میں ڈے اینڈ نائٹ مقابلے منعقد ہوں گے جس میں ملک بھر سے مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لیں گے۔

قذافی اسٹیڈیم لاہور میں تربیت حاصل کرنے کیلئے آئے کھلاڑیوں کا کوچ کے ہمراہ گروپ فوٹو

حیدرآباد کنگز مین کے کھلاڑی کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے بلے باز کو آؤٹ کرنے کے بعد خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

تماشائیوں کے بغیر پی ایس ایل میچز، پی سی بی کو بھاری مالی نقصان کا خدشہ

گزشتہ سال اسٹیڈیمز میں شائقین کی آمد سے تقریباً 50 کروڑ روپے کی آمدنی حاصل ہوئی تھی جو امسال بالکل ختم ہو جائے گی

ریونیو فارمولے کے تحت 90 فیصد رقم فرنچائز میں برابر تقسیم ہوتی ہے، امسال ہونے والا نقصان تمام ٹیموں پر یکساں اثر ڈالے گا

کراچی (یواین پی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے حکومتی کفایت شعاری مہم کے تحت پاکستان سپر لیگ کے گیارہویں ایڈیشن کو محدود پیمانے پر صرف دو شہروں میں اور تماشائیوں کے بغیر کرانے کا فیصلہ کیا ہے تاہم اس فیصلے کے مالی اثرات پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق گزشتہ سال اسٹیڈیمز میں شائقین کی آمد سے تقریباً 50 کروڑ روپے کی آمدنی حاصل ہوئی تھی جو اب مکمل طور پر ختم ہو جائے گی۔ ایسے میں یہ اہم سوال سامنے آتا ہے کہ اس خسارے کو کیسے پورا کیا جائے گا۔ پی ایس ایل کے مالیاتی نظام کے مطابق ٹکٹوں سے حاصل ہونے والی رقم کسی ایک ٹیم کو نہیں ملتی بلکہ اسے ایک مرکزی ریونیو پول میں شامل کر دیا جاتا ہے جسے پی سی بی خود منظم کرتا ہے۔ اس پول میں براڈکاسٹنگ رائٹس، اسپانسرشپ اور دیگر ذرائع سے حاصل ہونے والی آمدنی بھی شامل ہوتی ہے۔ ریونیو کی تقسیم ایک طے شدہ فارمولے کے تحت ہوتی ہے، جس میں پی سی بی تقریباً پانچ فیصد سے کچھ زائد حصہ رکھتا ہے جبکہ 90 فیصد سے زیادہ رقم تمام فرنچائزز میں برابر تقسیم کی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر پی ایس ایل 8 (2023) میں مجموعی آمدن تقریباً 5.62 ارب روپے رہی، جس میں سے پی سی بی کو لگ بھگ 58 کروڑ روپے ملے جبکہ باقی رقم فرنچائزز میں تقسیم ہوئی۔ اس وقت لیگ میں چھ ٹیمیں شامل تھیں اور ہر ٹیم کو اوسطاً 84 کروڑ روپے کے قریب حصہ ملا تھا۔ چونکہ گیٹ منی بھی اسی مرکزی پول کا حصہ ہوتی ہے، اس لیے یہ نقصان تمام ٹیموں پر یکساں اثر ڈالے گا۔ تاہم پی سی بی نے اعلان کیا ہے کہ وہ اس خسارے کو خود برداشت کرے گا۔ اگرچہ مالی نقصان کا ازالہ ممکن ہے لیکن شائقین کے بغیر میچز کا ماحول متاثر ہوگا جس کی کمی کو پورا کرنا آسان نہیں ہوگا۔

فرانس کے اسٹرائیکر کلیان ایمباپے انجری سے مکمل طور پر صحت یاب

ایمباپے نے گھٹنے کی چوٹ کے سبب 2026 کی لیگ کے چار میچز میں حصہ نہیں لیا

پیرس (این این آئی) فرانس کے اسٹرائیکر کلیان ایمباپے نے کہا ہے کہ وہ اپنی انجری سے مکمل طور پر صحت یاب ہو چکے ہیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ریال میڈرڈ کے کھلاڑی کلیان ایمباپے نے ایک انٹرویو میں کہا کہ وہ چاہتے ہیں کہ اس سیزن کے باقی تمام میچز میں اپنی ٹیم کی نمائندگی کریں تاکہ وہ ورلڈ کپ کے لیے بہترین تیاری کر سکیں۔ 27 سالہ ایمباپے نے گزشتہ سیزن کی گھٹنے کی چوٹ کے سبب 2026 کی لیگ کے چار میچز میں حصہ نہیں لیا مگر اتوار کو ایتھلیٹکو کے خلاف 2-3 سے فتح حاصل کرنے والے میچ میں 64 ویں منٹ میں میدان میں اترے تھے۔ ایمباپے کو فرانس کی ٹیم نے 26 مارچ کو برازیل اور 29 مارچ کو کولمبیا کے خلاف دوستانہ میچز کے لیے منتخب کیا ہے جو امریکا میں کھیلے جائیں گے۔

لاہور قلندرز کے کھلاڑیوں نے پی سی بی سکیورٹی پروٹوکول توڑ دیئے

ڈی آئی جی آپریشنز لاہور نے سی ای او پی ایس ایل سلمان نصیر کو خط لکھ دیا

لاہور (این این آئی) لاہور قلندرز کے کھلاڑیوں نے پاکستان کرکٹ بورڈ کے سکیورٹی پروٹوکول توڑ دیے۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ رات ہوٹل میں قیام پذیر 2 کھلاڑیوں نے زبردستی مہمانوں کو کمرے میں بلایا، لاہور قلندرز کے کھلاڑیوں نے پی سی بی سکیورٹی اسٹاف کی بات نہیں مانی، دونوں کھلاڑیوں نے رات 11 بجکر 5 منٹ پر مہمانوں کو بلایا۔ ڈی آئی جی آپریشنز لاہور فیصل کامران نے سی ای او پی ایس ایل سلمان نصیر کو خط لکھ دیا، خط میں پی سی بی سکیورٹی پروٹوکول اور کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی کا نوٹس لینے پر زور دیا گیا ہے۔

این او سی میں مسلسل تاخیر، پاکستان کی ایشین والی بال مینز کپ میں شرکت مشکوک ہو گئی

این او سی نہ ملنے سے کھلاڑی پریشان، بھارت میں کھیلے جانے والے ایونٹ کو عالمی چیمپئن شپ کیلئے کوالیفائر کی حیثیت حاصل ہے

پاکستان اور بھارت کے تعلقات کے تناظر میں قومی والی بال ٹیم کو ایونٹ میں شرکت کی اجازت ملنے کا امکان بہت کم ہے، میڈیا رپورٹس

لاہور (این این آئی) پاکستان کی پہلے ایشین والی بال کنفیڈریشن مینز کپ 2026 میں شرکت مشکوک ہو گئی، حکومت پاکستان اور پی ایس بی کی جانب سے این او سی جاری نہیں ہو سکا، احمد آباد، بھارت میں 20 سے 28 جون تک کھیلے جانے والے ایونٹ کو عالمی چیمپئن شپ کے لیے کوالیفائر کی حیثیت حاصل ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایشیائی ممالک کے درمیان شیڈول اے وی سی مینز کپ میں شرکت کے لیے پاکستان والی بال فیڈریشن کو تاحال وزارت خارجہ اور پاکستان اسپورٹس بورڈ کی جانب سے اجازت نامہ جاری نہیں ہو سکا، پاکستان کو 30 مارچ سے پہلے ایونٹ میں اپنی شرکت کی تصدیق کرنی ہے۔ ذرائع کے مطابق پاک بھارت تعلقات کے تناظر میں قومی والی بال ٹیم کو ایونٹ میں شرکت کی اجازت ملنے کا امکان کم ہے۔ پہلے اے وی سی مینز کپ میں میزبان بھارت، آسٹریلیا، بحرین، انڈونیشیا، قازقستان، کوریا، نیوزی لینڈ، عمان، پاکستان، قطر، چائنیز تائپے اور تھائی لینڈ کوالیفائی کر چکے ہیں، فاتح ٹیم اگست میں کھیلے جانے والی عالمی والی بال چیمپئن شپ میں شرکت کی حقدار ہوگی۔ دوسری جانب اے وی سی ویمنز کپ 2026 کینڈن، فلپائن میں 6 سے 14 جون تک منعقد ہوگا، جس میں میزبان فلپائن، آسٹریلیا، ہانگ کانگ، چین، انڈونیشیا، ایران، قازقستان، کوریا، کرغزستان، لبنان، چائنیز تائپے، ازبکستان اور ویت نام کی ٹیمیں شرکت کریں گی۔

بقیہ 1 فائرنگ دھماکے

فائرنگ اور دھماکوں کی آوازوں سے شہریوں چار فریقی وزرائے میں شدید خوف وہراس پایا گیا، جس کے باعث تجارتی مراکز اور بیشتر دکانیں بند رہیں جبکہ سڑکوں پر ٹریفک انتہائی کم رہی پولیس کے مطابق سیکورٹی فورسز کی بروقت جوابی کارروائی کے دوران چھ مسلح حملہ آور بھی مارے گئے جنکی لاشوں کو ٹیچنگ اسپتال منتقل کیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ شب ہونے والی مسلح جھڑپوں کے دوران مارے جانے والے افراد کی تعداد 11 ہے جن میں 6 حملہ آور بھی شامل ہیں۔

بقیہ 2 چار فریقی وزرائے

سعودی وزیر خارجہ خصوصی طیارے کے ذریعے اسلام آباد کے نور خان ائیر بیس پہنچے۔ بعدازاں پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور مصر کے وزرائے خارجہ کے درمیان اعلیٰ سطح مشاورتی اجلاس ہوا۔ یہ اجلاس نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی دعوت پر منعقد ہوا جس میں خطے کی بدلتی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں مشرق وسطیٰ میں جنگ بندی اور قیام امن کے حوالے سے اہم گفتگو ہوئی اور مختلف تجاویز پر غور کیا گیا، فریقین نے تنازعات مذاکرات کے ذریعے حل کرنے پر اتفاق کیا۔ قبل ازیں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے دفتر خارجہ میں جمہوریہ ترکیہ کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان اور مصری وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتوں میں خطے کی کشیدہ صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر اہم مشاورت کی۔ ترک وزیر خارجہ ہاکان فیدان سے ملاقات کے دوران اسحاق ڈار نے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تاریخی، برادرانہ اور مضبوط تعلقات کو اجاگر کیا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ دونوں ممالک کے روابط مشترکہ تاریخ، ثقافت اور باہمی احترام پر مبنی ہیں، انہوں نے دوطرفہ تعلقات کی مثبت پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ پاک ترک وزرائے خارجہ نے مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا، دونوں رہنماؤں نے ملاقات میں دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا، اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔ علاقائی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے فریقین نے ایران کی موجودہ صورتحال سمیت دیگر اہم پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا اور خطے میں امن و استحکام کے لیے مذاکرات اور مسلسل سفارتی روابط کی اہمیت پر زور دیا۔ ملاقات میں دونوں ممالک نے ایک دوسرے کے بنیادی قومی مفادات کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا، قریبی رابطے برقرار رکھنے اور دوطرفہ اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید گہرا کرنے پر اتفاق کیا۔ قبل ازیں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے وزارت خارجہ آمد پر مصر کے وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی کا خیر مقدم کیا۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جامع جائزہ لیا۔ انہوں نے حالیہ اعلیٰ سطح تبادلوں، بالخصوص نومبر 2025 میں مصر کے وزیر خارجہ کے دورہ پاکستان کے بعد مثبت پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے تمام شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ دونوں وزرائے دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری میں اضافے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس ضمن میں دوطرفہ طریقہ کار کو فعال بنانے، مشترکہ وزارتی کمیشن، اور کاروباری اداروں کے مابین روابط کو فروغ دینے کی اہمیت پر اتفاق کیا گیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے صحت کے شعبے بالخصوص ہیپاٹائٹس سی کے انسداد کے حوالے سے، مصر کی مسلسل معاونت کو سراہا اور اس شعبے میں جاری تعاون کا خیر مقدم کیا۔ فریقین نے دفاعی اور سلامتی کے شعبوں میں تعاون کی مثبت پیش رفت پر

(جاری)

کریش ہوگیا، مقبوضہ فلسطین اور خطے میں امریکی و اسرائیلی صنعتوں پر شدید حملے کیے ہیں، آئندہ ایرانی صنعتوں پر حملہ ہوا تو نتیجہ سوچ سے برا ہوگا۔ پاسداران انقلاب نے مزید بتایا کہ دیفہ میں سٹرٹیجک الیکٹرونک وارفیئر سینٹر کو نشانہ بنایا ہے، بن گورین ایئرپورٹ میں ایندھن کے ذخیروں پر بھی حملہ کیا گیا۔ قبل ازیں پاسداران انقلاب نے خبردار کیا تھا کہ خطے میں 2 امریکی یا اسرائیلی یونیورسٹیوں کو بھی ہدف بنائیں گے۔ پاسداران انقلاب نے کہا کہ ایران یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پر حملے کا جواب دیں گے۔ ایرانی قیادت بشمول پارلیمنٹ کے اسپیکر اور وزیر خارجہ کا کہنا ہے کہ دشمن نے ان کی طاقت کا غلط اندازہ لگایا تھا۔ ان کا کہنا ہے کہ اسرائیل اور امریکا کا خیال تھا کہ چند دنوں کی بمباری اور قیادت کو نشانہ بنانے کے بعد ایران ہتھیار ڈال دے گا، لیکن ایسا نہیں ہوا۔ ایرانی حکام کا دعویٰ ہے کہ جنگ کے دوسرے مہینے میں داخل ہونے کے باوجود ان کی میزائل اور ڈرون طاقت میں کوئی کمی نہیں آئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یمن کے حوثی باغیوں کی شمولیت، حزب اللہ کی مزاحمت اور آبنائے ہرمز پر ایران کا کنٹرول اس بات کی علامت ہے کہ وہ شکست کھانے والے نہیں، بلکہ اب امریکا اور اسرائیل مذاکرات کے لئے راستہ تلاش کر رہے ہیں۔

بقیہ 4 تباہی کا منصوبہ

حاجیکا میں قومی شاہراہ پر ایک پل کے نیچے دھماکہ خیز مواد نصب کر رکھا ہے جس پر فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ایک آئی ڈی کے ساتھ منسلک 8 بیرلز میں نصب 300 کلوگرام سے زائد بارودی مواد برآمد کر کے ناکارہ بنادیا سیکیورٹی فورسز ذرائع کے مطابق بارودی مواد علاقے میں تخریب کاری کی بڑی کارروائی کی غرض سے نصب کیا گیا تھا

بقیہ 5 اسرائیلی حملے

اسی طرح ایران کے شہر تفت کے قریب ایک رہائشی علاقے پر حملے میں ایک شخص جاں بحق اور پانچ زخمی ہوئے۔ اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ اس نے تہران سمیت ایران کے مختلف حصوں میں ہتھیاروں کے گوداموں اور فضائی دفاعی نظام کو نشانہ بنا کر حملوں کی ایک نئی لہر مکمل کرلی ہے۔ تہران اور قریبی شہر کرج میں زوردار دھماکے سنے گئے اور پہاڑی علاقوں سے دھواں اٹھتا دیکھا گیا، تاہم ابھی تک ان اہداف کی مکمل تفصیلات واضح نہیں ہو سکی ہیں۔ اسرائیلی فوج نے ایران کی اہم دفاعی اور اسلحہ ساز تنصیبات کے خلاف کارروائیاں مکمل کرنے کا اعلان کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ اب تک ایک ہزار سے زائد مقامات کو نشانہ بنایا جا چکا ہے۔ اسرائیلی فوج کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل ایفی ڈیفرن نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ایران کے اسلحہ تیار کرنے والے اہم مراکز کو نشانہ بنایا جا رہا ہے اور یہ کارروائیاں اس وقت تک جاری رہیں گی جب تک ان تنصیبات کو مکمل طور پر تباہ نہیں کر دیا جاتا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ اب تک ایک ہزار سے زائد ایسے مقامات پر حملے کیے جا چکے ہیں جو ہتھیاروں کی تیاری سے منسلک تھے۔ ان کے بقول ان حملوں کے بعد ایران کی عسکری صلاحیت کا بڑا حصہ متاثر ہو چکا ہے اور ان تنصیبات کی بحالی میں طویل وقت لگے گا۔ ترجمان نے مزید کہا کہ ایران کی جانب سے اسرائیل پر سینکڑوں میزائل داغنے کا منصوبہ تھا، تاہم اب وہ اس مقصد کو حاصل کرنے میں مشکلات کا شکار ہے اور کم تعداد میں میزائل فائر کر رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اسرائیل نے دو بڑی فیکٹریوں کو نشانہ بنایا، جن میں ایک یورینیم اور دوسری ہیوی واٹر فیکٹری شامل ہے، جو ایران کے جوہری پروگرام کا حصہ ہیں۔ دوسری جانب ایرانی حکام نے ان تنصیبات پر حملوں کی تصدیق کی ہے۔ یمن کے حوثی جنگجوؤں کا کہنا ہے کہ انہوں نے جنوبی

[illegible]

پاکستان نے افغانستان کیساتھ ہمیشہ برادرانہ تعلقات رکھے، ضیا لانگو

ہماری خواہش ہے کہ ایک اچھے ہمسائے اور بھائی کی طرح رہیں، افغان حکمران دہشتگردی کی بجائے اپنے عوام کیلئے کام کریں

گزشتہ پچیس سالوں سے افغانستان نے ہندوستان جیسے دشمن ملک کے مفاد کیلئے افغان عوام کے مفاد کو پس پشت ڈالا ہوا ہے

[illegible] .... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کے پی سہیل خان آفریدی میڈیا نمائندوں سے بات چیت کر رہے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی، ساوندہ و کھیر کی قبائل کے درمیان اراضی کے تنازعہ پر فائرنگ کا تبادلہ

[illegible] علاقے تحصیل چھتر کے علاقے تھانہ پولیس تھانہ کی حدود موضع کورار میں مبینہ طور پر اراضیات کے تنازعے پر کھیری اور سوہند قبائل کے درجنوں مسلح افراد نے مورچے قائم کر کے جدید ہتھیاروں سے ایک دوسرے پر شدید فائرنگ کرتے رہے

بارکھان' نامعلوم مسلح افراد نے پولیس چوکی کو نشانہ بنایا

حملہ آور تخریبی کارروائی کے بعد فرار ہونے میں کامیاب' پولیس تحقیقات کر رہی ہے

بارکھان (یو این اے) بارکھان کے علاقے کھڑا میں نامعلوم مسلح افراد نے ایک خالی پولیس چوکی کو نشانہ بنایا ہے پولیس ذرائع کے مطابق حملہ آوروں نے چوکی کے دروازے توڑ دیئے اور تخریبی کارروائی کے بعد فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی بھاری نفری فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں........ بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

کارکن پارٹی نظریہ عام کرنے میں کردار ادا کریں' پشتونخوامیپ

کارکنوں کی محنت سے مقاصد حاصل کرنے میں کامیابی ممکن ہے' عبدالرحیم زیارتوال

قلعہ سیف اللہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی سیکرٹری حاجی عبدالحق ابدال، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی آفس سیکرٹری ملک عمر، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری وضلعی صدر حاجی دارا خان جوگیزئی، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نظام عسکر اور نعمت کاکڑ نے قلعہ سیف اللہ کے ضلعی سیکرٹریٹ کا دورہ کیا دورے کے دوران پارٹی رہنماؤں نے ضلعی سیکرٹریٹ میں موجود کارکنوں اور عہدیداروں سے ملاقات کی ان کے مسائل........ بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

افغانستان میں مسیحی برادری شدید دباؤ کا شکار عبادت سے بھی محروم

مسیحی برادری کو مذہبی آزادی حاصل نہ ہی افغانستان میں کوئی عوامی چرچ موجود ہے

طالبان کے خوف سے مسیحی برادری چھپ کر عبادت کرنے پر مجبور ہے' برطانوی جریدہ

کوئٹہ (این این آئی) قابض طالبان رجیم نے اقلیتوں خصوصاً مسیحی برادری کیلئے افغان سرزمین تنگ کر دی، افغان طالبان رجیم میں مسیحی برادری افغانستان میں خوف اور جبر کے سائے تلے زندگی گزارنے پر مجبور ہے برطانوی جریدے نے طالبان رجیم میں اقلیتی برادری پر ہونے والے مظالم اور بدترین ناانصافیوں کو بے نقاب کر دیا برطانوی جریدہ چرچ ٹائمز کے مطابق طالبان کی واپسی سے افغانستان میں عوامی زندگی یکسر بدل گئی، مسیحی برادری........ بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان پیپلز پارٹی کا آغا شکیل درانی کو شوکاز نوٹس جاری

پارٹی ڈسپلن کی خلاف ورزی، نامزد امیدوار کے مقابلے میں الیکشن لڑنے پر جواب طلب

[illegible] NA-256 [illegible] .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

موسم کی تبدیلی کے باعث کوئلہ کانوں میں حادثات رونما ہو سکتے ہیں محکمہ

کوئلہ کانوں میں حادثات کے پیش نظر موثر حفاظتی اقدامات ناگزیر ہیں چیف مائنز انسپکٹر

[illegible] .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

بھاگ کے مسائل اسمبلی فلور پر اٹھائیں گے' عبدالمجید بادینی

جس قوم نے بھی جدو جہد کی وہ بھی ناکام نہیں ہوئی' جلسہ عام سے خطاب

بھاگ (نامہ نگار) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری ایس اینڈ جی ڈی اے وایم پی اے جعفرآباد عبدالمجید بادینی نے کہا ہے کہ بھاگ میں مسائل کے انبار دیکھ کر دکھ ہوا چھوٹی آبادیوں والے علاقے ضلع بنے ہوئے ہیں جبکہ صدیوں پرانا شہر بھاگ کا ضلع بننے سے محرومی پر افسوس ہے بھاگ کے لوگ باشعور بلوچستان کے کسی بھی علاقے میں جائیں کسی نہ کسی .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ خاتون نے خودکشی کرلی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے پشتون آباد میں خاتون نے گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کرلی پولیس کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے علاقے پشتون آباد عثمان باغ کے قریب رہائش پذیر محمد اسلم نامی شخص کی اہلیہ مسماۃ (ن) نے گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کرلی واقعہ کی اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعش تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

کوئٹہ قمبرانی روڈ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 1 شخص زخمی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے قمبرانی روڈ پر 2 نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو زخمی کر دیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز قمبرانی روڈ پر دو نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے امداد نامی شخص کو زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے زخمی ہسپتال منتقل' مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

خضدار ضمنی انتخابات' نیشنل پارٹی کی جانب سے بائیکاٹ کا اعلان

درجن بھر امیدواروں کے کاغذات مسترد، آئینی تقاضے پورے کئے بغیر حکومتی امیدوار سامنے لانا شفافیت کو مشکوک بنا رہا ہے

عوام اپنے ووٹ کے حق سے محروم ہو چکے، سیاسی جماعتوں کی مفاہمتی پالیسیوں نے جمہوریت کو نقصان پہنچایا، ڈاکٹر مالک بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی کا بیانیہ وطن کی شناخت، عوام کے حق حاکمیت اور جمہوری اقدار پر مبنی ہے۔ نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی نے خضدار کے ضمنی انتخابات کا بائیکاٹ کا اعلان کیا انتخابی عمل کی شفافیت ملک بھر میں شدید سوالیہ نشان بن چکی ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بڑی سیاسی جماعتوں کی مفاہمتی اور گٹھ جوڑ پر مبنی سیاست نے مجموعی طور پر جمہوریت کو نقصان پہنچایا ہے، جس کے باعث آج پارلیمنٹ کی توقیر پامال، عدلیہ کی آزادی محدود اور میڈیا کمزور ہوا........ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی ایم جمالی وصحبت پور میں ٹریفک حادثات' بچہ ہلاک' 2 افراد زخمی

صحبت پور بہادر موڑ کے قریب ڈالسن کی ٹکر سے چرواہا علی حسن جیجو ہا زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی اور صحبت پور ٹریفک حادثات ایک بچہ ہلاک اور دو افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی شرقی غلام مصطفیٰ سوئیکی محلہ میں ٹریکٹر ٹرالی کے نیچے آ کر نصیر لہڑی کا دس سالہ بچہ ہلاک ہو گیا جبکہ صحبت پور کے قریب بہادر موڑ پر ڈالسن نے چرواہے علی حسن جیجو کو ٹکر مار زخمی کر دیا جسے سول ہسپتال صحبت پور منتقل کر دیا گیا جبکہ ڈیرہ مراد جمالی میں بازار میں دو موٹر سائیکلیں ٹکرانے سے امداد علی زخمی ہو گیا۔

ٹرمپ کے توہین آمیز جملے قابل مذمت ہیں، فضل الرحمٰن

امریکہ واسرائیل گٹھ جوڑ کے مقابلہ میں ایک آواز بننے کی ضرورت ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ پرنس محمد بن سلمان بارے ٹرمپ کے توہین آمیز جملے قابل مذمت ہیں۔ اپنے بیان میں مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ محمد بن سلمان بارے کلمات امت مسلمہ کی توہین ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرمپ کو بنیادی انسانی حقوق اور تہذیب سیکھنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ کا ایسے فاتر العقل شخص کو صدر مسلط کرنا سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

ملک میں شفاف انتخابات خواب کی مانند ہیں' مولانا عبدالرحمان رفیق

فارم 47 کے طرز عمل نے عوام کے حق رائے دہی کو شدید متاثر کیا' مین اللہ شمس

جبری مسلط کی گئی حکومتیں حقیقی معنوں میں عوام کی نمائندہ نہیں' مولانا خورشید احمد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی مین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد ہشیار، مفتی محمد ابوبکر، عبدالباری شہزاد، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی، حاجی عطا محمد شمشوزئی اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ ملک میں شفاف اور غیر جانبدارانہ انتخابات کا انعقاد خواب بنتا جا رہا ہے فارم 47........ بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیلی وزیراعظم کے خلاف کرپشن کے الزامات شدت اختیار کر گئے

وزارت عظمیٰ سے ہٹنے کے بعد نیتن یاہو جیل جائیں گے، امریکی تحقیقاتی رپورٹ

تل ابیب (م ڈ) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے خلاف کرپشن کے الزامات ایک بار پھر شدت اختیار کر گئے جبکہ ایک نئی تحقیقاتی رپورٹ اور میڈیا ویڈیوز سامنے آنے کے بعد ان کی سیاسی اور قانونی مشکلات میں اضافہ ہو گیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق معروف امریکی صحافی ٹکر کارلسن نے ایک دستاویزی مواد اور ویڈیو سامنے لانے کا دعویٰ کیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ یہ شواہد نیتن یاہو کے خلاف قانونی کارروائی کو مضبوط بنا سکتے ہیں اور انہیں جیل تک........ بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

گوجرانوالہ، مراکش کشتی حادثے کا مرکزی ملزم گرفتار

گرفتار ملزم پر سیکڑوں افراد کو زمینی راستے سے اسمگل کرنے کا الزام ہے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) نے گوجرانوالہ میں نوشہرہ ورکاں میں کارروائی کرتے ہوئے مراکش کشتی حادثے کے مرکزی ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ایف آئی اے کے ڈائریکٹر کے مطابق مراکش کشتی حادثے کے مرکزی ملزم قاصد عرف کاشی گورائیہ کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گرفتار ملزم پر سیکڑوں افراد کو زمینی راستے سے اسمگل کرنے کا الزام ہے۔ ایف آئی اے کے ڈائریکٹر کے مطابق ملزم کا نام وزارت........ بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

سفری سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے' میر لیاقت لہڑی

کوئٹہ میں گرین وپنک بس سروسز سے روزانہ ہزاروں کی تعداد میں عوام مستفید ہو رہے ہیں

پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ کی گرین بس کے مسافروں سے براہ راست بات چیت

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے کہا ہے کہ عوام کو سستی اور آرام دہ سفری سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے جس کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں گرین بس اور پنک بس سروسز سے روزانہ ہزاروں کی تعداد میں مسافر مستفید ہو رہے ہیں۔ یہ بات انہوں........ بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیل کے غزہ میں پولیس چوکیوں پر حملے 6 فلسطینی شہید

اسرائیلی فوجیوں نے مغربی کنارے میں امریکی نیوز چینل کی ٹیم کو حراست میں لے لیا

غزہ (م ڈ) غزہ اور مقبوضہ مغربی کنارے میں ایران کے ساتھ جاری جنگ کے دوران بھی اسرائیلی حملے جاری رہے۔ غزہ کے طبی حکام کے مطابق جنوبی خان یونس میں دو پولیس چوکیوں پر اسرائیلی فضائی حملوں کے نتیجے میں کم از کم چھ فلسطینی شہید ہو گئے جن میں ایک بچی بھی شامل ہے۔ حکام کے مطابق جاں بحق افراد میں تین پولیس اہلکار اور تین شہری شامل ہیں جبکہ........ بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

لبنان: صحافیوں کی ہلاکت پر عالمی ضمیر جاگنا چاہیے، ایران

تہران (م ڈ) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ لبنان میں تین صحافیوں کی ہلاکت نہ صرف خطے اور دنیا کی میڈیا برادری کے لیے بڑا نقصان ہے بلکہ یہ عالمی ضمیر کے لیے بھی جاگنے کا وقت ہے۔ خیال رہے کہ حزب اللہ کے زیر انتظام چلنے والے المنار ٹی وی کے رپورٹر علی شعیب اور المیادین سے وابستہ صحافی فاطمہ اور محمد فیتونی جیزین قصبے میں اسرائیلی فضائی حملے میں مارے گئے تھے۔

دریائے سندھ میں تیز ہواؤں کے باعث کشتی الٹ گئی، 4 افراد لاپتہ

سجاول (بیورو رپورٹ) سجاول کے گاؤں یعقوب منارو کے قریب دریائے سندھ میں تیز ہواؤں کے باعث کشتی الٹ گئی۔ مقامی پولیس کے مطابق کشتی میں 16 افراد سوار تھے، جن میں سے 12 افراد اپنی مدد آپ کے تحت دریا سے نکل آئے۔ پولیس کے مطابق 2 خواتین سمیت 4 افراد دریا میں لاپتہ ہو گئے جن کی تلاش شروع کر دی گئی، پولیس کے مطابق کشتی میں سوار افراد مزدوری کے بعد اپنے گاؤں واپس جا رہے تھے کہ کشتی الٹ گئی۔

پاکستان کی تعمیر وترقی اور خوشحالی کی چابی بلاول بھٹو کے پاس ہے: میاں اسحاق

لاہور (آن لائن) پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما ملک محمد اسحاق نے کہا ہے کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری پیپلز پارٹی کے کارکنوں جیالوں اور ورکروں کے دلوں کی دھڑکن ہیں پیپلز پارٹی ایک جمہوری سیاسی جماعت ہے، جس نے عوامی خدمت کا بیڑہ اٹھا رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر آپ چاہتے ہیں کہ سندھ طرز کی ترقی ملک بھر میں ہو تو پھر اس کے لیے آپ کو بلاول کو پاکستان کا وزیراعظم بنانا ہو گا پاکستان کی تعمیر وترقی اور اس کی خوشحالی کی چابی ہمارے چیئرمین کے پاس ہے

لاہور: وزیراعظم شہباز شریف کفایت شعاری اقدامات کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بارڈرز کی بندش سے عوام نان شبینہ کے محتاج بن گئے' مولانا حیدری

حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں نے بلوچستان کو مسائلستان بنا دیا' منظم منصوبے کے تحت نوجوانوں کو بیروزگار کیا جا رہا ہے' رکن قومی اسمبلی

ظالمانہ فیصلوں کے باعث بلوچستان کی 90 فیصد آبادی کو غربت، مہنگائی اور بیروزگاری نے نرغے میں لے رکھا ہے

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جنرل سیکرٹری رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ حکمرانوں کی انتقامی اقدامات نے بلوچستان کو مسائلستان بنا دیا' منظم منصوبے کے تحت بلوچستان کے نوجوانوں کو بیروزگار کیا جا رہا ہے ظالمانہ وجابرانہ فیصلوں کے باعث بلوچستان کی 90 فیصد آبادی کو غربت، مہنگائی اور بے روزگاری نے نرغے میں لے رکھا ہے بلوچستانی عوام سالہا سال سے حکمرانوں کی ترقی وخوشحالی کے وعدے سنتے آ رہے ہیں لیکن عملی میدان میں حکومت نے گوادر پر باڑ، بارڈروں کی بندش، اپنے........ بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر مندوخیل ودیگر مرحوم سیف اللہ پراچہ کی بیوہ وآصف پراچہ کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

صحت کے شعبے میں سہولیات کی فراہمی کیلئے پرعزم ہیں' سپیکر بلوچستان اسمبلی

محکمہ صحت کو جدید تکنیکی آلات اور مشینری سے آراستہ کرنے کیلئے مختلف منصوبوں پر کام جاری ہے' کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی

ڈی ایچ کیو ہسپتال چمن کو ایمرجنسی طبی سہولیات مزید موثر بنانے کیلئے 3 جدید طرز کی ایمبولینسز جلد فراہم کریں گے

چمن (ث ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق بلوچستان میں صحت کی سہولیات کی دستیابی یقینی بنانے کیلئے اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق اچکزئی نے حلقہ انتخاب چمن کا خصوصی دورہ کیا انہوں نے کہا کہ چمن ڈی ایچ کیو ہسپتال کیلئے تین جدید ایمبولینسز اور دیگر ضروری طبی سہولیات جلد فراہم کی جائیں گی اسپیکر بلوچستان کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق اچکزئی نے کہا ہے کہ چمن ڈی ایچ کیو ہسپتال میں ایمرجنسی طبی سہولیات کو مزید موثر بنانے کیلئے جلد تین جدید طرز کی ایمبولینسز فراہم کی جائیں گی انہوں نے کہا کہ ہسپتال کو فراہم .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: جمعیت کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع سے مولانا سائیں فیض محمد ملاقات کر رہے ہیں

لاہور سمیت مختلف شہروں میں بارش، چھتیں گرنے سے 5 افراد جاں بحق

کئی شہروں میں بادل برسے، بزمان، چولستان اور دیگر علاقوں میں بھی موسلادھار بارش

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صوبہ پنجاب کے مختلف شہروں میں بادل برس پڑے، لاہور کے مختلف علاقوں میں بادل برسنے سے موسم خوشگوار ہو گیا جبکہ چھتیں گرنے کے واقعات میں 3 بچوں سمیت 5 افراد جاں بحق ہو گئے۔ لاہور کے مختلف علاقوں میں گزشتہ رات سے وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری رہا صوبائی دارالحکومت کے علاقے ظفر پارک .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

افغانستان میں لاکھوں لڑکیاں تعلیم سے محروم ہیں

عالمی تنقید کے باوجود طالبان رجیم اپنی ڈھٹائی پر قائم ہے، عالمی تنظیم

کوئٹہ (این این آئی) افغان طالبان رجیم میں خواتین کے بنیادی حقوق سلب، انسانی حقوق کی تنظیمیں سراپا احتجاج بن گئیں، افغان طالبان رجیم نے جابرانہ پالیسیوں کے تحت افغانستان میں خواتین سے بنیادی حقوق اور باوقار زندگی گزارنے کے مواقع چھین لیے۔ افغان میڈیا کے مطابق تنظیم سن آف فریڈم موومنٹ نے لڑکیوں کو تعلیم سے محروم رکھنے .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: بلیلی میں بچے گراؤنڈ نہ ہونے کی وجہ سے بارانی پانی کی گزرگاہ میں کھیل رہے ہیں

عمران کیلئے بیٹے کے احساسات کو حکومت نے متنازع بنایا' سہیل آفریدی

بانی پی ٹی آئی کے بیٹے کی گفتگو کا اردو ترجمہ کروایا ہے انکے اظہار خیال کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں

جی ایس پی پلس کے معاہدے کے خلاف ورزی وفاقی حکومت خود کر رہی ہے، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

پشاور (م ڈ) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ عمران خان کے بیٹے کی گفتگو کو وفاقی حکومت نے متنازع بنایا۔ خیبر پختونخوا ہاؤس میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے سہیل آفریدی کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کے بیٹے کی گفتگو کا اردو ترجمہ کروایا ہے، یہ ایک بیٹے کے باپ کیلئے احساسات تھے جس کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک بیٹے کو باپ کیلئے جو تشویش ہوتی ہے یہ اس کا اظہار تھا، اس گفتگو کو جی ایس پی پلس کے ساتھ جوڑ کر غلط بیانی کی جا رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جی ایس پی پلس کے معاہدے کے خلاف ورزی وفاق........ بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ نے خلیجی ممالک کو ہولناک تباہ کاری میں دھکیل دیا' جمعیت نظریاتی

صدر ٹرمپ کا ایران پر حملہ اسلامی ممالک کے امن کو تباہ کرنے کی منظم سازش اور اسرائیل کو تقویت دینا ہے' مولانا عبدالقادر لونی

امریکہ مسلم ممالک کے مابین تعلقات خراب اور دوریاں پیدا کرنے میں مصروف ہے' مفتی شفیع الدین' مولانا عبدالرؤف

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ امریکہ کے اسرائیل کے توسط سے ایران پر حملوں کے بعد خلیجی وعرب ممالک کو جنگ کے ہولناک تباہ کاریوں میں دھکیل دیا اور امریکہ واسرائیل کے ایران پر حملے اسلامی ممالک کے امن کو تباہ کرینگے .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

اوستہ محمد پولیس کی کارروائی' مشکوک افراد گرفتار' اہم انکشافات متوقع

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستہ محمد پولیس کی بڑی کارروائی سندھ وبلوچستان کی سرحدی پٹی پر پولیس و ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ فائرنگ سے پولیس اہلکار محفوظ رہے متعدد مشکوک افراد گرفتار موٹر سائیکل برآمد' ڈاکوؤں کی کمین گاہ نذر آتش' اوستہ محمد پولیس کی کامیاب کارروائی پر عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی تفصیلات کے مطابق سندھ وبلوچستان کی سرحدی پٹی پر قائم گوٹ حتیانی بلیدی پر ایس پی اوستہ محمد کی نگرانی میں بھاری پولیس نفری کے ہمراہ ڈاکوؤں کے خلاف کامیاب کارروائی ڈاکوؤں نے پولیس پارٹی دیکھتے ہی فائرنگ شروع کر دی

اسحٰق ڈار کا ایرانی وزیر خارجہ سے رابطہ، خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال

پائیدار امن کیلئے مکالمہ اور سفارتکاری ہی واحد موثر راستہ ہے، نائب وزیراعظم

پاکستان امن واستحکام کے لیے تمام کوششوں کی حمایت جاری رکھے گا، سینیٹر اسحاق ڈار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم ووزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کشیدگی میں کمی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ پائیدار امن کے لیے مکالمہ اور سفارتکاری ہی واحد موثر راستہ ہے، پاکستان خطے میں امن واستحکام کی بحالی کے لیے تمام کوششوں کی حمایت جاری رکھے گا۔ یہ بات انہوں نے ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی کے ساتھ ٹیلی فون........ بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

بہنوں کی وجہ سے بانی پی ٹی آئی جیل سے باہر نہیں آسکے، شیر افضل

علی امین گنڈا پور کو واپس لانے کے لیے پارٹی کو انہیں راضی کرنا ہو گا

ڈیرہ اسماعیل خان (بیورو رپورٹ) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان تک صرف ان کی بہنوں کی رسائی ہے، بہنوں کی وجہ سے بانی پی ٹی آئی جیل سے باہر نہیں آسکے۔ ڈی آئی خان میں میڈیا سے گفتگو میں شیر افضل مروت نے کہا کہ پارٹی کی یہ قیادت نہ خود کام کرتی ہے نہ دوسروں کو کرنے دیتی ہے، علی امین گنڈا پور کو واپس لانے کے لیے پارٹی کو انہیں راضی کرنا ہو گا، علی امین گنڈا پور کو ہٹانے کے لیے پارٹی نے الزام........ بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

لیڈر شپ صنفی امتیاز سے ماورا ہوتی ہے، مریم نواز شریف

جرأت اور میرٹ کا کوئی جینڈر نہیں ہوتا، تنقید کی پروانہ کریں: وزیراعلیٰ

لاہور (آن لائن) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ خواتین کی خودمختاری، طاقت اور صلاحیت میرے دل کے قریب ہے۔ میرا سفر بھی بحیثیت عورت دوسروں سے زیادہ مختلف نہیں، دور سے سب اچھا لگتا ہے لیکن ایسا بالکل نہیں ہوتا۔ جدید جدید کرینوائی خواتین دوسروں کے لئے رول ماڈل بن سکتی ہیں۔ پنجاب بلکہ پاکستان کی پہلی سی ایم بننے کا اعزاز حاصل کیا، سی ایم بننا ہر ماں، بہن اور بیٹی کیلئے اعزاز ہے۔ آج لوگ کہتے ہیں........ بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ سمیت مختلف اضلاع میں بارشیں، ندی نالوں میں طغیانی، رابطہ سڑکیں بند

ژوب، موسیٰ خیل، سبی، کوہلو، بارکھان، کوئٹہ، لورالائی، زیارت، چمن، پشین، قلات، خضدار اور لسبیلہ میں آج بارشیں متوقع

سیلابی ریلے میں طوفانی بارشوں کے بعد رابطہ سڑکیں بند، شہری غیر ضروری سفر سے گریز کریں' ڈی سی کوہلو عظیم جان دمڑ

[illegible] .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ ٹریفک حادثے میں 3 افراد شدید زخمی

[illegible] خطرناک تصادم پیش آیا، جس کے نتیجے میں کار میں سوار تین نوجوان شدید زخمی ہو گئے۔ زخمیوں کی شناخت اویس احمد (عمر 34 سال)، ضیاء اللہ (عمر 26 سال) اور محمد قاسم (عمر 23 سال) سے ہوئی جو کہ چاغی کے رہائشی بتائے جا رہے ہیں

اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے تحریک انصاف کے رہنما ڈاکٹر منیر بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

اورنگزیب ترین پر حملہ کرنے والوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے' پی ٹی آئی

اسلحہ رکھنے والے نوجوان امن وامان میں خلل ڈالنے کے ذمہ دار ہیں' بیان

کوئٹہ (آن لائن) اورنگزیب خان ترین، زلان اچکزئی ودیگر پر جان لیوا حملے کرنے والوں کو فوری گرفتار کیا جائے مشتعل واسلحہ رکھنے والے نوجوان معاشرے کی تباہی اور امن وامان میں خلل ڈالنے کے ذمہ دار ہیں آئی جی بلوچستان، سیکرٹری داخلہ اور متعلقہ افسران واقعہ میں ملوث عناصر کی گرفتاری جلد سے جلد عمل میں لائیں تاکہ مزید انتشار سے بچا جا سکے .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ اورنگزیب خان ترین وزلان خان حملہ آوروں کے وار سے زخمی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جنگ اسٹاپ کوئٹہ میں محمد آصف خان ترین کے چھوٹے بھائی اورنگزیب خان ترین، زلان خان اور انکے ساتھی پر نامعلوم افراد کی جانب سے جان لیوا حملہ' جان لیوا حملے میں اورنگزیب خان ترین و زلان خان پر خنجر کے وار زخمی' جنہیں ٹراما سینٹر منتقل کر دیا گیا واقعہ سے متعلق متعلقہ پولیس اسٹیشن میں مقدمہ درج کر دیا گیا۔

ایران پر حملے قابل مذمت ہیں' ڈاکٹر علی محمد ابوتراب

امریکہ واسرائیل اسلامی ممالک کو دست وگریباں کرنا چاہتے ہیں' مرکزی جمعیت اہلحدیث

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مرکزی جمعیت اہل حدیث بلوچستان کے صوبائی مجلس شوریٰ کا اجلاس، بسلسلہ عید ملن پارٹی، صوبائی امیر مولانا ڈاکٹر علی محمد ابوتراب کی زیر صدارت اور صوبائی ناظم اعلیٰ مولانا ڈاکٹر علی جان متعقد ہوا۔ اجلاس میں کارگردگی رپورٹ بعد ازاں اراکین نے موجودہ اور خطے کی کشیدہ صورتحال اضلاع کی رپورٹس اور آئندہ کے تعلیمی سال کے حوالے سے لائحہ عمل سمیت مختلف تنظیمی وسیاسی امور پر بحث ومباحثہ ہوا اجلاس میں .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

وفاق حالات سے نمٹنے کیلئے موثر پالیسی پر گامزن ہے' محمد خان لہڑی

وفاقی حکومت پہلی مرتبہ بلوچستان کے ساتھ مکمل تعاون کر رہی ہے' محمد خان لہڑی

صوبے کو درپیش مسائل آنے والے دنوں میں حل ہو جائیں گے' رہنما مسلم لیگ ن

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما و پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ بین الاقوامی سطح پر جو حالات درپیش ہیں ان سے دیگر ممالک کے ساتھ پاکستان پر بھی اثرات مرتب ہو رہے ہیں لیکن وفاقی حکومت نے اس پر قابو پانے کے لئے جو پالیسی اور اقدامات اٹھائے اس سے عوام کو کمزور معیشت سے نکالنے کیلئے جو پالیسی بنائی وہ کامیابی کی طرف گامزن ہے صوبائی حکومت وفاق کے ساتھ مل کر جو .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

سیکرٹری صحت مجیب الرحمان پانیزئی، سیکرٹری تعلیم لعل جان جعفر ودیگر مفتی محمود ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کر رہے ہیں

فارم 47 کے حکمران جمہوری سیاست سے خوفزدہ ہیں' اے این پی

چمن میں پرامن اجتماع پر قدغن اور بلاجواز ایف آئی آرز کا اندراج دراصل ریاستی جبر کی بدترین مثال ہے' اصغر خان اچکزئی

سیاسی کارکنوں کو قومی جمہوری جدوجہد سے دستبردار کرنے کی ہر کوشش کا منظم جواب دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں اے این پی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی اور دیگر قوم دوست وطن دوست سیاسی کارکنوں محنت کش تاجر رہنماؤں کے خلاف چمن میں روزگار کے حق کے تجارت پر قدغن امن وامان کی ابتر صورتحال کے خلاف پرامن اجتماع کے انعقاد پر ان کے خلاف من گھڑت بے بنیاد اور سیاسی انتقام پر مبنی مقدمات قائم کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ یہ اقدام محض ایک فرد یا سیاسی کارکنوں کے خلاف نہیں بلکہ جمہوری اقدار آئینی حقوق اور سیاسی آزادیوں پر براہ راست حملہ .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت نظریاتی کے صوبائی امیر مولانا عبدالقادر لونی مولانا عبدالواحد ہاشمی ودیگر یارو کے شہدا کیلئے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

بنیادی سہولیات سے محرومی نے عوام کی مشکلات میں اضافہ کر دیا' پشتونخوامیپ

جب تک تھانیداری کلچر کا خاتمہ نہیں کیا جاتا تب تک پولیس میں موجود رشوت خور اہلکاروں سے نجات ممکن نہیں' عبدالقہار ودان

کوئٹہ صفا پروجیکٹ کرپشن کی نذر' شہر کے کسی علاقے میں صفائی کا کوئی نظام نظر نہیں آرہا' اجلاس سے رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے ضلع ایگزیکٹیوز کا اجلاس پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر وضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا کی زیر صدارت پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز صورت خان کاکڑ اور حضرت عمر ایڈووکیٹ نے شرکت کی۔ اجلاس میں پارٹی کی تنظیمی سیاسی سرگرمیوں کے حوالے سے ضلع ایگزیکٹیوز کی رپورٹس پیش کی گئی اور آئندہ کے لائحہ عمل میں ضلع کوئٹہ کے باقی ماندہ علاقائی یونٹس کے کانفرنس کے فوری انعقاد اور دوسرے مر........ بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

ہرنائی' فائرنگ سے 1 شخص جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) ضلع ہرنائی کے علاقے میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق' پولیس کے مطابق اتوار کو ہرنائی کے علاقے ناکس بازار میں مسلح افراد کی فائرنگ سے شعیب نامی شخص جاں بحق ہو گیا پولیس کے مطابق ہلاک ہونے والے شخص کا تعلق زیارت سے بتایا جا رہا ہے مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

مرکزی جمعیت اہلحدیث کی صوبائی مجلس شوریٰ کے اجلاس میں رہنما بات چیت کر رہے ہیں

ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت ترقیاتی کاموں کی سخت مانیٹرنگ

غفلت اور نااہلی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد کیا جا رہا ہے

لاہور (آن لائن) سیکرٹری ہاؤسنگ پنجاب نورالامین مینگل نے شیخوپورہ اور ننکانہ صاحب میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا اچانک دورہ کیا اور سیوریج سسٹم اپ گریڈیشن کے کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران واسا حکام کی جانب سے اب تک کی پیش رفت پر بریفنگ دی گئی۔ سیکرٹری ہاؤسنگ نے جاری ترقیاتی کاموں کے معیار اور رفتا........ بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

ڈاکٹر فریدالدین قادریؒ کا عرس 5 اپریل کو منعقد ہو گا

صدر منہاج القرآن انٹرنیشنل ڈاکٹر حسین محی الدین قادری خطاب کریں گے

لاہور (آن لائن) تحریک منہاج القرآن انٹرنیشنل کے بانی وسرپرست اعلیٰ شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری کے والد گرامی، فرید ملت ڈاکٹر فریدالدین قادریؒ کا 53 واں عرس مبارک 5 اپریل (اتوار) کو بعد از نماز عشاء دارالعلوم فریدیہ قادریہ، بستی لوبلے شاہ جھنگ صدر میں نہایت عقیدت واحترام کے ساتھ منعقد ہو گا۔ عرس مبارک کے موقع پر "فرید ملت .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: اتوار بازار میں شہریوں کی بڑی تعداد خریداری میں مصروف ہے

ماہی گیروں او رعوام کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرینگے' مولانا ہدایت الرحمٰن

جاری ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی' صوبائی امیر جماعت اسلامی

عوام کو مشکلات سے نجات دلانے کیلئے ہرممکن اقدامات اٹھا رہے ہیں' دورہ پسنی کے دوران ذکری مذہبی پیشوا سے ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے اپنے دورہ پسنی کے دوران ذکری مذہبی پیشوا سید بھائیاں شاہ عادل کی رہائش گاہ پران سے تفصیلی ملاقات کی' ملاقات کے دوران دونوں کے درمیان موجودہ سیاسی صورتحال، ضلع گوادر اور خصوصاً پسنی کے علاقائی مسائل اور امن وامان کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر علاقے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، بنیادی سہولیات کی فراہمی، ماہیگیروں کو درپیش مشکلات اور عوامی مسائل کے حل کے حوالے سے بھی سنجیدہ گفتگو ہوئی امیر جماعت........ بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر